بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
صباء
کوئٹہ
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com
جلد نمبر 22 | منگل 15 ستمبر 2026 | 02 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 180

وفاقی وزراء

موٹر سائیکل مالکان کو 5، 800 سی سی گاڑی مالکان کو 10 لیٹر پٹرول کا ریلیف دیا جائیگا

پی ٹی آئی کے دھرنوں کی کال کھوکھلی ہے، بہتر ہو گا یہ جماعت دھرنوں کی سیاست چھوڑ کر عوام کی خدمت کی سیاست اپنائے، حکومت نے عالمی تیل بحران کے دوران عوام کو ریلیف دینے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے، علی پرویز ملک

فراڈ کو روکنے کے لئے فیول ریلیف کیلئے تیار کیے گئے پلیٹ فارم پر مختلف نوعیت کے چیکس لگائے گئے ہیں، وزیراعظم کی خصوصی ہدایت ہے کہ سہولت ملنے کے بعد کرایوں میں اضافہ نہیں ہونا چاہیے، مشترکہ پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزراء نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر پٹرولیم بحران کے اثرات سے کمزور اور مستحق طبقات کو بچانے کیلئے شروع کی گئی، وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ سکیم کے تحت موٹر سائیکل مالکان کو 5 لیٹر

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ای سی سی نے وزیراعظم کے فیول ریلیف پیکیج کی منظوری دیدی

فیول ریلیف اسکیم صرف غیر کمرشل صارفین کے لیے مختص ہوگی اور ایک صارف یا مالک صرف ایک گاڑی کے لیے ریلیف حاصل کر سکے گا، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) اقتصادی رابطہ کمیٹی نے وزیراعظم کے فیول ریلیف پیکیج کی منظوری دے دی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان اس وقت انتہائی تشویشناک، نازک اور مخدوش صورتحال سے دوچار ہے، سینیٹر مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

راولپنڈی، فیلڈ مارشل عاصم منیر انڈونیشیا کی نیوی کے چیف ایڈمرل ڈاکٹر علی سے ملاقات کر رہے ہیں

سہیل آفریدی سمیت پی ٹی آئی کے 24 اراکین اسمبلی کے پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم

ملزمان اس مقدمے میں نامزد ہیں، تفتیشی افسر کے مطابق ملزمان قانونی عمل سے بچنے کیلئے ملک سے فرار ہو سکتے ہیں، عدالت

جن ملزمان نے عبوری ضمانت حاصل کی وہ بھی مقدمے میں شامل تفتیش نہیں ہوئے، تفتیشی افسر کی ملزمان کے پاسپورٹ بلاک کرنے کی درخواست منظور کی جاتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت (اے ٹی سی) نے پاکستان تحریک انصاف کے 24 اراکین قومی و صوبائی اسمبلی کے پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم دے دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے پاسپورٹ بلاک کرنے کا فیصلہ جاری کر دیا، پولیس کی جانب سے تھانہ کوہسار کے مقدمہ میں پاسپورٹ بلاک کرنے کی استدعا کی گئی تھی۔ عدالت نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کا پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم جاری کر دیا، ساتھ ہی اسد قیصر، شہرام ترکئی، شاہد

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی دہشتگردوں کیلئے واضح پیغام ہے، میر سرفراز بگٹی

دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور آخری دہشتگرد کے قلع قمع تک ریاستی کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاستی اداروں کی بروقت اور

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

شاہد رند

عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں

سیاسی قوتیں اور سیاسی قیادت اگر سیاسی انداز میں بات کریں گی تو جواب بھی سیاسی انداز میں دیا جائے گا

بلوچستان میں ریاستی ادارے دہشت گردی کے خلاف میدان میں برسرپیکار ہیں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سردار اختر مینگل کی جانب سے مبینہ طور پر نازیبا زبان کے استعمال کے حوالے پر معاون وزیر اعلیٰ برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند کی لوٹ پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ جو لوگ آج بھی دن کے اجالے میں انقلابی بنتے ہیں، مگر رات کی تاریکی میں کراچی میں بیٹھ کر سارونہ کی ڈیل کے لیے مذاکرات کرتے ہیں اور 2018 جیسی سیاسی ڈیل

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

شہباز شریف

عالمی سطح پر پاکستان اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کا ادراک رکھتا ہے

پاکستان آج اقوام عالم کے ساتھ ہم آواز ہو کر عالمی یوم جمہوریت منا رہا ہے موجودہ چیلنجز سے نمٹنے اور خوشحال مستقبل کے لیے بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھنا ضروری ہے،، وزیراعظم

عہد کریں کہ ہم بہترین پارلیمانی روایات سے ہم آہنگ جمہوری اقدار کے فروغ، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ملک کے لیے ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لئے مشترکہ سفر جاری رکھیں گے، شہباز شریف کا جمہوریت کے عالمی دن پر پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمہوریت کی بنیادی اقدار، مساوات، انصاف اور آزادی کے فروغ، عوامی رائے کے احترام، انسانی وقار کے تحفظ اور قانون کی بالادستی سے وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ دور کے چیلنجز کا موثر طور پر مقابلہ کرنے اور ایک خوشحال مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم عوامی فلاح کی ضامن بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھیں، عہد کریں کہ ہم بہترین پارلیمانی روایات سے ہم آہنگ جمہوری اقدار کے فروغ، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ملک کے لیے ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لئے مشترکہ سفر جاری رکھیں گے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جمہوریت کے عالمی دن پر جاری پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان آج اقوام عالم کے ساتھ ہم آواز ہو کر عالمی یوم جمہوریت منا رہا ہے۔ یہ دن جمہوریت کی بنیادی اقدار، مساوات،

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے فرانس کے سفیر نکولس گیلی الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

ہم نے جنگ شروع نہیں کی، جارحیت کیخلاف دفاع پر مجبور ہوئے، ایرانی صدر

تہران معاہدے کے قریب تھا، ایران نے ایک فریم ورک پر اتفاق کیا لیکن امریکی صدر ٹرمپ نے اسے مسترد کر دیا، مسعود پزشکیان

تہران (آن لائن) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران نے جنگ شروع نہیں کی بلکہ امریکا اور اسرائیل کی جارحیت کے خلاف دفاع پر مجبور ہوا۔ ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق بھارتی ٹی وی کو انٹرویو میں انہوں نے امریکی اور اسرائیلی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مشرق وسطی صورتحال اور فلائٹ سسٹم میں خرابی، پاکستان میں پروازوں کا نظام درہم برہم

بیرون ممالک جانے والی 14 پروازیں منسوخ، 30 تاخیر کا شکار ہوئیں، ایئرپورٹ ذرائع

لاہور (این این آئی) مشرق وسطی اور برطانیہ میں فلائٹ آپریٹنگ سسٹم میں خرابی کے باعث پروازوں کا شیڈول متاثر ہو گیا۔ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور سمیت ملک کے دیگر ایئرپورٹس سے بیرون ممالک جانے والی

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سعودی عرب نے ایران و خلیجی ممالک کی عمان میں ملاقات نہ ہونے پر اصرار کیا، ایران

اگر یہ اجلاس منعقد ہوتا تو نئی پالیسی پر بات چیت کے لیے یہ ایک نہایت موزوں موقع ہوتا، ترجمان وزارت خارجہ

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ سعودی عرب نے ایران اور خلیجی ممالک کی عمان میں ملاقات نہ ہونے پر اصرار کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق تہران میں ایک نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مکہ معاہدے میں ہم اضافی ذمہ داری لے رہے ہیں، عاصم افتخار

تسلیم کرتے ہیں صورتحال مثبت سمت کی جانب جاری ہے، ہمیں اس کا ادراک ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ ہمیں کردار ادا کرنا ہوگا، انٹرویو

نیویارک (این این آئی) پاکستان کے سینئر ترین سفارتکار عاصم افتخار نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے میں ہم اضافی ذمہ داری لے رہے ہیں، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ صورتحال مثبت سمت کی جانب جاری ہے، ہمیں اس کا ادراک ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ ہمیں کردار ادا کرنا

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی دہشتگردوں کیلئے کاری ضرب ہے، ظہور بلیدی

فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی سے دہشت گردی کے خاتمے کا ریاستی عزم واضح ہو گیا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی بلوچستان میر ظہور بلیدی نے مستونگ میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے اسے امن دشمن عناصر کے لیے کاری ضرب قرار دیا ہے۔ انہوں نے دہشت

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اسلامیہ گرلز کالج کوئٹہ میں منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

شمالی کوریا کا اپنے مشرقی ساحل سے سمندر کی جانب متعدد بیلسٹک میزائلوں کا تجربہ

سیول (این این آئی) جنوبی کوریا کے جوائنٹ چیفس آف سٹاف نے کہا ہے کہ شمالی کوریا نے بحیرہ جاپان

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران معاہدہ کرنا چاہتا ہے اور مسلسل رابطے میں ہے، صدر ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جاری جنگ رواں سال ختم ہو سکتی ہے اور ممکن ہے کہ یہ جنگ نومبر کے وسط مدتی انتخابات کے فوراً بعد اختتام پذیر ہو۔ ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ ایران معاہدہ کرنا چاہتا ہے اور مسلسل رابطے میں ہے۔ ٹرمپ کے مطابق

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے لبنان کے وزیر داخلہ و بلدیات احمد الحجار کی ملاقات

دونوں جانب سے داخلی امور اور سیکیورٹی کے شعبوں میں بڑھتے ہوئے تعاون پر اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے لبنان کے وزیر داخلہ و بلدیات احمد الحجار نے ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی، وزیر پاسنگ ریاض حسین پیرزادہ اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیراعظم نے لبنانی وزیر داخلہ کا خیر مقدم کرتے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مضبوط جمہوری نظام پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، اسپیکر سردار ایاز صادق

ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے جمہوری اقدار کا فروغ اور جمہوری اداروں کا استحکام ضروری ہے، اسپیکر کا یوم جمہوریت پر پیغام

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ جمہوریت نظام حکومت میں عوامی شمولیت کا نام ہے۔ جمہوریت آزادی، مساوات اور اجتماعی فیصلہ سازی پر مبنی نظام حکومت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری نظام کی مضبوطی کا انحصار عوامی رائے کا احترام، قومی معاملات میں شفافیت، جوابدہی اور قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانے پر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم جمہوریت کے موقع پر کیا جو ہر سال 15 ستمبر کو اقوام

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

دو طرفہ دفاعی تعاون پر گفتگو

فیلڈ مارشل سے انڈونیشین بحریہ کے سربراہ کی ملاقات

فریقین کا موجودہ عسکری روابط پر اظہار اطمینان اور پیشہ ورانہ تربیت، دفاعی تعاون، مشترکہ مشقوں و مختلف شعبوں میں تعاون مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی نے پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا اور علاقائی امن و استحکام کیلئے پاکستان کی مسلح افواج کی خدمات کا اعتراف کیا

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے انڈونیشین نیوی کے سربراہ ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی نے پیر کو جی ایچ کیو میں ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دو طرفہ دفاعی تعاون پر گفتگو کی گئی۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق فریقین نے موجودہ عسکری روابط پر اظہار اطمینان اور پیشہ ورانہ تربیت، دفاعی تعاون، مشترکہ مشقوں و مختلف شعبوں میں

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سابق برطانوی وزیراعظم و اعلیٰ یورپی حکام روسی ڈرون حملے میں بال بال بچ گئے

سابق سی آئی اے سربراہ بھی حملے کے وقت ایک دوسری ٹرین میں موجود تھے، یوکرینی حکام

کیف (این این آئی) یوکرین میں روسی ڈرون نے پولینڈ کی سرحد کے قریب ایک ٹرین کو نشانہ بنایا، حملہ سابق برطانوی وزیراعظم بورس جانسن اور دیگر اعلیٰ یورپی سیکیورٹی حکام کے اس ریلوے روٹ سے گزرنے کے کچھ دیر بعد کیا گیا۔ یوکرینی حکام کے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ملک بھر میں ووٹرز کی تعداد 13 کروڑ 68 لاکھ 69 ہزار 217 ہوگئی، تازہ اعداد و شمار جاری

2 جولائی کے بعد مجموعی طور پر 2 لاکھ 94 ہزار 818 نئے ووٹرز کا اندراج، ملک میں مجموعی تعداد 13 کروڑ 68 لاکھ 69 ہزار 217 ہو گئی

اسلام آباد (این این آئی) 2 جولائی کے بعد ملک بھر میں ووٹرز کی تعداد میں 2 لاکھ 94 ہزار 818 کا اضافہ ہوا، جس کے بعد مجموعی رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 13 کروڑ 68 لاکھ 69 ہزار 217 ہو گئی۔ الیکشن کمیشن کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد مارچ، غیر جمہوری ہتھکنڈوں سے روکا گیا تو حالات کی ذمہ دار حکومت ہوگی، حافظ نعیم الرحمن

وزیراعظم کا اعلان کردہ پیکج ناکافی، پیٹرولیم لیوی کا مکمل خاتمہ کیا جائے، امیر جماعت اسلامی کی دھرنوں کے تیسویں روز پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ حکومت اسلام آباد مارچ کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی نہیں کرے گی، البتہ انہوں نے واضح کیا کہ اگر مارچ کی راہ میں غیر جمہوری ہتھکنڈے استعمال کیے گئے تو

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں


اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف موٹر سائیکلوں، رکشوں اور 800 سی سی گاڑیوں کیلئے پی ایم اسپیشل ریلیف اسکیم لیول سبسڈی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈیجیٹل معیشت پیداوار، تجارت، طرز حکمرانی اور انسانی ترقی کی رفتار تیز کرنے کا اہم ذریعہ ہے، احسن اقبال

ڈیجیٹل تعاون میں اعتماد، رازداری، سائبر سیکیورٹی، شفافیت اور قومی خودمختاری کے اصولوں کو مقدم رکھا جائے، چین میں اجلاس سے خطاب

ارومچی (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل معیشت پیداوار، تجارت، طرز حکمرانی اور انسانی ترقی کی رفتار تیز کرنے کا اہم ذریعہ ہے، ڈیجیٹل تعاون میں اعتماد، رازداری، سائبر سیکیورٹی، شفافیت اور قومی خودمختاری کے اصولوں کو مقدم رکھا جائے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال دو روزہ سرکاری دورہ چین پر

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ینگ لیڈرز پارلیمنٹ کے وفد کی چیئرمین پی اے سی اصغر علی ترین سے ملاقات

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی عوامی وسائل کے شفاف استعمال کی ضامن ہے، نوجوان ملک کے بہتر مستقبل کی بنیاد ہیں، اصغر علی ترین

کوئٹہ (یو این اے) ینگ لیڈرز پارلیمنٹ (YLP) کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے بلوچستان اسمبلی کے رکن اور چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) اصغر علی ترین سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو پارلیمانی نظام، قانون سازی اور عوامی مالیاتی نگرانی کے طریقہ کار سے آگاہی فراہم کرنا اور نئی نسل کی قیادت کے ساتھ اہم تجربات کا تبادلہ کرنا

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وندر، قومی شاہراہ پر مسافر کوچ اور ایل پی جی باؤزر میں ہولناک تصادم

دو ڈرائیور جاں بحق جبکہ خواتین و بچوں سمیت 25 مسافر زخمی

وندر (یو این اے) وندر، کھر کھیڑہ کسٹم چیک پوسٹ کے قریب المحمود مسافر کوچ اور ایل پی جی گیس باؤزر کے مابین ہولناک تصادم دونوں گاڑیوں کے ڈرائیورز موقع پر جاں بحق جبکہ کوچ میں سوار مرد خواتین اور بچوں سمیت 25 افراد زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں 4 کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق پیر کی صبح کوئٹہ کراچی مین

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان، سیکیورٹی فورسز اور سی ٹی ڈی کی الگ الگ کارروائیاں، کمانڈر سمیت 9 دہشتگرد ہلاک

اس دقیق کارروائی کے نتیجے میں دہشتگردوں کا اہم کمانڈر رقیب سمیت 3 دہشتگرد ہلاک ہو گئے جبکہ ان کی زیر استعمال گاڑی بھی مکمل طور پر تباہ ہو گئی، صوبے سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے عزم مصمم جاری ہے

آخری دہشتگرد کے خاتمے تک یہ کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ دوسری جانب پشین کے علاقے سرانان میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے ایک مصدقہ انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن (آئی بی او) کیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں فتنہ الہندوستان اور دیگر کالعدم تنظیموں کے خلاف سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے بھرپور اور فیصلہ کن کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، جن کے دوران دو مختلف کارروائیوں میں اہم کمانڈر سمیت کل 9 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ضلع مستونگ میں کی جانے والی ایک کارروائی میں سیکیورٹی فورسز نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان کی مشکوک گاڑی کو کواڈ کاپٹر کے ذریعے کامیابی سے نشانہ بنایا۔ اس دقیق کارروائی کے نتیجے میں دہشتگردوں کا اہم کمانڈر رقیب سمیت 3 دہشتگرد ہلاک ہو گئے جبکہ ان کی زیر استعمال گاڑی بھی مکمل طور پر تباہ ہو گئی۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ صوبے سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے عزم مصمم

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

محسن نقوی کا مستونگ میں کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے ضلع مستونگ میں فتنہ الہندوستان

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بہت جلد وزیراعلیٰ پنجاب کی دی ہوئی مزید 50 بسیں راولپنڈی شہر کے اندر چلتی نظر آئیں گی، حنیف عباسی

پاکستان ایٹمی قوت ہے، ہندوستان سمیت کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، افغانستان دہشت گردوں کا مین کیمپ ہے

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ بہت جلد وزیراعلیٰ پنجاب کی دی ہوئی مزید 50 بسیں راولپنڈی شہر کے اندر چلتی نظر آئیں گی، پاکستان ایٹمی قوت ہے، ہندوستان سمیت کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا،

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

خلیجی ممالک، ایران کے درمیان آج ہونے والا اجلاس ملتوی

مسقط (این این آئی) عمان کے وزیر خارجہ بدر البوسعیدی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے متعلق ممکنہ معاہدوں پر بات چیت کے لیے خلیجی ممالک اور ایران کے درمیان عمان میں ہونے والا اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے عہدیدار کا کہنا تھا کہ اجلاس تہران اور مسقط کے مشترکہ فیصلے کے تحت خطے کے بعض ممالک کی درخواست پر ملتوی کیا گیا۔ اس سے پہلے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

قیدیوں کی بانی پی ٹی آئی طرز پر طبی سہولیات کی درخواست، اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری

پرائیویٹ ہسپتال ہی کیوں؟ پولی کلینک اور پمز ہسپتال میں کیوں علاج نہیں ہو سکتا، جسٹس عامر فاروق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے قیدیوں کی جانب سے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی طرز پر طبی سہولیات کی درخواستوں پر اٹارنی جنرل کو معاونت کے لیے نوٹس جاری کر دیا۔ تین قیدیوں کی بانی پی ٹی آئی طرز پر طبی سہولیات دینے کی

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سید مصطفیٰ کمال کا پمز ہسپتال کا دورہ، جاری تیاریوں اور مکمل کیے گئے کام کا تفصیلی جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے پمز ہسپتال میں 200 بستروں پر مشتمل نئی ایمرجنسی کا دورہ کیا اور وہاں جاری تیاریوں اور مکمل کیے گئے کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز اور ہسپتال انتظامیہ نے وفاقی وزیر صحت کو نئی ایمرجنسی کو آپریشنل کرنے کے لیے کیے گئے انتظامات اور پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر صحت نے نئی ایمرجنسی میں موجود طبی

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پنجاب حکومت پی ٹی آئی کارکنان کو ہراساں، پکڑ دھکڑ سے گریز کرے، بیرسٹر گوہر

اختلاف رائے کی قدر کرنا جمہوریت کا حصہ ہے، حکومت سخت اقدامات کے بجائے مفاہمت کی طرف بڑھے، بیان

بونیر (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت پی ٹی آئی کارکنان کو ہراساں اور پکڑ دھکڑ سے گریز کرے، اختلاف رائے کی قدر کرنا جمہوریت کا حصہ ہے، حکومت سخت اقدامات کے

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایس سی او علاقائی کونسل کا 2027ء میں دہشتگردی کیخلاف مشترکہ معلوماتی کارروائی اور مشق پر اتفاق

مشترکہ مشق کا مقصد دہشتگردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کیلئے انٹرنیٹ کے استعمال کی نشاندہی اور روک تھام ہو گا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (آن لائن) شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچے کی کونسل نے 2027ء میں دہشت گردی کے خلاف مشترکہ معلوماتی کارروائی، دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کے لیے انٹرنیٹ کے استعمال کی روک تھام سے متعلق عملی سیمینار اور رکن ممالک کے متعلقہ اداروں کی مشترکہ انسداد دہشت گردی

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ، بیوی عقیلہ بی بی کے قتل میں ملوث مجرم حبیب اللہ کی عمر قید کی سزا کیخلاف اپیل خارج

کیونکہ جرائم گھر کی چار دیواری کے اندر ہوتے ہیں انہیں ثابت کرنا مشکل ہوتا اور گھریلو قتل اسی زمرے میں آتا ہے، جسٹس ہاشم کاکڑ

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے اپنی بیوی عقیلہ بی بی کے قتل میں ملوث مجرم حبیب اللہ کی عمر قید کی سزا کے خلاف اپیل خارج کر دی۔ فیصلے میں واضح کیا گیا کہ گھر کی چار دیواری کے اندر ہونے والے غیر فطری قتل کے مقدمات میں تمام تر حالات اور سچائی کو ثابت کرنے کی قانونی ذمہ داری شوہر پر عائد ہوتی ہے۔ مجرم نے 2011 میں کراچی کے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

انجمن اسلامیہ کے زیر نگرانی یہ ایک موثر تعلیمی ادارہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک شاندار طویل تاریخ رکھتا ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ میری سب سے گہری ترجیح اور دلچسپی تعلیم ہے۔ میں بہت جلد اسلامیہ یونیورسٹی کا سنگ بنیاد رکھنے کیلئے یہاں دوبارہ آؤں گا۔ اسی عزم سے پیوستہ ہو کر اسلامیہ یونیورسٹی کے قیام کیلئے ایک کروڑ روپے بطور سیڈ منی دینے کا اعلان کرتا ہوں۔ یہ محض وقتی مالی معاونت نہیں ہے بلکہ ہماری نئی نسل کے روشن مستقبل کی خاطر تعلیم کے ذریعے معاشرے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عوام کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، سلیم کھوسہ

موجودہ حکومت نے جس طرح عوامی مسائل کو حل اور مشکلات دور کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں وہ ماضی کے حکومتوں کی تاریخ میں نظر نہیں، وزیر مواصلات

ہمارے دروازے ہمیشہ عوام کے لیے کھلے ہیں بلوچستان کو جلد دیگر صوبوں کے برابر لانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کریں گے، بات چیت

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے موجودہ حکومت نے جس طرح عوامی مسائل کو حل اور مشکلات دور کرنے کے لیے اقدامات کیے ہیں وہ ماضی کے حکومتوں کی تاریخ میں نظر نہیں آتی ہمارے دروازے ہمیشہ عوام کے لیے کھلے ہیں بلوچستان کو جلد دیگر صوبوں کے برابر

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کا 1122 MERC کا دورہ، ایمبولینس، انجیکر بلڈ سروسز کا جائزہ

بروقت طبی امداد کسی بھی ہنگامی صورتحال میں انسانی جان بچانے کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے، بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے 1122 MERC کا دورہ کیا، جہاں انہیں صوبے میں جاری ایمرجنسی ریسپانس سروسز، ایمبولینس انجیکر بلڈ سروس اور ہنگامی حالات میں شہریوں کو فوری طبی امداد کی فراہمی کے حوالے

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، مستونگ میں فتنہ الہندوستان کیخلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائی قابل فخر ہے، بابر یوسفزئی

امن دشمن عناصر کو بلوچستان کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (یو این اے) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد گروں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اپنے بھرپور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسے قوم کے لیے انتہائی قابل فخر قرار دیا

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں ترقی و خوشحالی کا سفر نام نہاد قوم پرست سرداروں کو ہضم نہیں ہو رہا، حاجی علی مدد جتک

چمن سے کراچی تک قومی شاہراہ کو ڈبل کرنے، ٹراما سینٹرز اور گرین اینڈ کلین سروسز پر تیزی سے کام جاری ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ترقی و خوشحالی کا یہ روشن سفر اب نام نہاد قوم پرست سرداروں کو کسی صورت ہضم نہیں ہو رہا، کیونکہ صوبے کے طول و عرض میں تاریخی ترقیاتی منصوبوں پر انتہائی تیزی سے عملی کام

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حج 2027 کیلئے پرائیویٹ حج سکیم کے تحت بکنگ کا عمل پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے جاری

اسلام آباد (یو این اے) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کے ترجمان نے کہا ہے کہ حج 2027 کے لیے پرائیویٹ حج سکیم کے تحت بکنگ کا عمل پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے جاری ہے جبکہ اب تک 7 ہزار سے زائد عازمین کی بکنگ مکمل ہو چکی ہے۔ ترجمان کے مطابق پرائیویٹ حج سکیم کے تحت مجموعی طور پر 64 ہزار حج نشستیں تاحال دستیاب ہیں جبکہ بکنگ کی آخری تاریخ

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حکومت بلوچستان نے 74 مختلف کیٹگریز کی 5 ہزار اسامیاں ختم کر دی

محکمہ مواصلات و تعمیرات کی جانب سے اٹھائے گئے اس اقدام کا مقصد محکمہ کے انتظامی و مالی ڈھانچے کو موجودہ دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور ایسی آسامیوں کو ختم کرنا ہے

آسامیوں کا خاتمہ صرف موجودہ مالی اخراجات میں کمی کا معاملہ نہیں بلکہ ایک طویل مدتی مالی منصوبہ بندی بھی قرار دیا جا رہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ مواصلات و تعمیرات حکومت بلوچستان کی جانب سے ایک تاریخی اقدام اٹھاتے ہوئے محکمہ میں موجود 74 مختلف کیٹگریز کی تقریباً پانچ ہزار ایسی آسامیاں ختم کر دی گئی ہیں جن کا عملی کردار دور حاضر کی جدید ٹیکنالوجی اور جدید مشینری کے باعث مکمل طور پر ختم ہو چکا تھا اور مستقبل میں بھی ان آسامیوں کی ضرورت باقی نہیں رہی تھی محکمہ مواصلات و تعمیرات کی جانب سے اٹھائے گئے اس اقدام کا مقصد محکمہ کے انتظامی و مالی ڈھانچے کو موجودہ دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور ایسی آسامیوں کو ختم کرنا ہے جن کا کردار جدید ٹیکنالوجی

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نئے عدالتی سال کے آغاز پر فل کورٹ ریفرنس کے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد ہائیکورٹ کا PTI لانگ مارچ کیس کا فیصلہ محفوظ

27 ستمبر لانگ مارچ، درخواست پر تمام وکلا کے دلائل مکمل، غیر قانونی و غیر آئینی اجتماع روکنا ہوگا، عدالت

لانگ مارچ کے مقاصد غیر آئینی ہیں، پرامن احتجاج حق، مگر مجسٹریٹ کی اجازت ضروری ہے، ایڈووکیٹ جنرل

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کی 27 ستمبر کو لانگ مارچ اور احتجاج کی کال کے خلاف دائر درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ جبکہ عدالتی احکامات پر ایڈووکیٹ جنرل کے پی کے اور دیگر حکام نے بیانات حلفی جمع کروا دیے ہیں۔ چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر نے کہا کہ تمام وکلا کے دلائل سن لیے گئے ہیں، اب فیصلے کا انتظار کیا جائے۔ سماعت کے دوران ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد نے عدالت میں ایک متفرق درخواست دائر کی اور 2022 اور 2024 کے احتجاجوں کی ویڈیوز چلانے کی استدعا کی۔

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو محکمہ اسپورٹس، کموڈیٹی مینجمنٹ، لاء اور کلچر کے حوالے سے دوسالہ کارکردگی رپورٹ پیش کررہے ہیں

چیف جسٹس: نئے عدالتی سال میں بہتر کیس مینجمنٹ اور ڈیجیٹل نظام پر توجہ مرکوز رکھی جائے گی

عدالتی اصلاحات کے تحت 8 شعبوں میں 86 اقدامات کی نشاندہی کی گئی تھی جن میں سے 65 مکمل، 8 پر کام جاری 13 اقدامات پر مزید توجہ درکار ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ نئے عدالتی سال میں مقدمات کے جلد اور مؤثر فیصلوں کے ساتھ بہتر کیس مینجمنٹ، شفافیت، ڈیجیٹل نظام اور عوام کو بہتر عدالتی خدمات کی فراہمی پر توجہ مرکوز رکھی جائے گی، عدالتی اصلاحات کے تحت 8 شعبوں میں 86 اقدامات کی نشاندہی کی گئی تھی جن میں سے 65 مکمل، 8 پر کام جاری جبکہ 13 اقدامات پر مزید توجہ درکار ہے، عدالتی اصلاحات کا بنیادی مقصد بہتر انصاف کی فراہمی ہے، آزاد عدلیہ کے ساتھ ادارے کی اپنی کارکردگی کا جائزہ، خامیوں کی نشاندہی اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی بھی ضروری ہے۔ پیر کو نئے عدالتی سال کے آغاز کے موقع پر فل کورٹ ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس نے کہا کہ عدالتی اصلاحات کا بنیادی مقصد بہتر انصاف کی فراہمی ہے، آزاد عدلیہ کے ساتھ ادارے کی اپنی کارکردگی کا جائزہ، خامیوں کی نشاندہی اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال عدالتی اصلاحات کے پانچ بنیادی ستون متعین کیے گئے تھے جن میں

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بیلا، بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر ایک روز میں 45 ٹریفک حادثات 47 افراد زخمی اور ایک جاں بحق

ژوب اور خضدار میں سب سے زیادہ حادثات رپورٹ ہوئے، ریسکیو 1122 کے ٹراما سینٹرز نے زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی

بیلا (یو این اے) بلوچستان کی شاہراہوں پر ایک روز میں 54 ٹریفک حادثات، 74 افراد زخمی، ایک جاں بحق۔ بلوچستان کی مختلف قومی شاہراہوں اور بائی ویز پر 12 ستمبر کو پیش آنے والے 54 ٹریفک حادثات میں مجموعی طور پر 74 افراد زخمی جبکہ ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز (ایم ای آر سی) 1122 بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ یومیہ رپورٹ کے مطابق صوبے کی مختلف شاہراہوں پر قائم ٹراما سینٹرز نے حادثات کے زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی۔ رپورٹ کے مطابق ٹراما ژوب کی حدود میں سب سے زیادہ 24 ٹریفک حادثات پیش آئے، جن میں 35 افراد زخمی ہوئے۔ اسی طرح ٹراما خضدار مرکز کی حدود میں 13 حادثات رپورٹ ہوئے، جن میں 13 زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی۔

پٹرولیم لیوی میں مسلسل اضافہ عوام پر معاشی بوجھ ہے، سید امان شاہ

موٹر سائیکل اور آٹو رکشہ والوں کیلئے وزیراعظم کا اعلان مضحکہ خیز ہے، عوام پاکستان پارٹی

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ نے پٹرولیم لیوی میں اضافے اور وزیراعظم کی جانب سے موٹر سائیکل اور آٹو رکشہ استعمال کرنے والوں کیلئے اعلان کردہ نام نہاد ریلیف پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مسلسل نئے ٹیکسز اور لیویز عائد کرکے پہلے سے مہنگائی اور معاشی مشکلات کا شکار عوام کی زندگی اجیرن بنا رہی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات صرف گاڑیوں کے مالکان تک محدود نہیں رہتے بلکہ اس کے نتیجے میں اشیائے خورونوش، ٹرانسپورٹ، ادویات، بجلی، تعمیراتی سامان اور روزمرہ استعمال کی تمام اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوجاتا ہے، جس کا براہ راست بوجھ عام شہری برداشت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم لیوی عوام سے وصول کیا جانے والا ایک ایسا اضافی مالی بوجھ بن چکا ہے جس کے اثرات ہر طبقے پر مرتب ہورہے ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ عوام کی قوت خرید، آمدن اور موجودہ مہنگائی کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے پٹرولیم مصنوعات پر ٹیکسوں اور لیویز میں کمی کرے۔

بلوچستان مزید تجربات کا متحمل نہیں ہوسکتا، میر رحیم جتک

صحافی معاشرے کا سب سے اہم طبقہ ہے، رہنما بی این پی کا صحافیوں کے اعزاز میں ظہرانہ کے موقع پر بات چیت

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور معروف قبائلی شخصیت میر عبدالرحیم جتک نے کہا ہے کہ بلوچستان مزید تجربات کا متحمل نہیں ہوسکتا، صوبے کے عوام پہلے ہی طویل عرصے سے مختلف سیاسی، انتظامی اور معاشی مشکلات کا سامنا کررہے ہیں، اب ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کے عوام کی آواز کو سنجیدگی سے سنا جائے اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جائیں۔ بلوچستان کے عوام کو سردار اختر جان مینگل سے محبت کی سزا دی جارہی ہے، عوام جس سیاسی قیادت پر اعتماد کرتے ہیں، اس کے مینڈیٹ اور عوامی جذبات کا احترام کیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی جانب سے صوبے کے مختلف علاقوں سے کوئٹہ آنے والے صحافیوں کے اعزاز میں دیے گئے ظہرانے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ میر عبدالرحیم جتک نے کہا کہ بلوچستان ایک حساس اور اہم صوبہ ہے، یہاں کے حالات کو مزید تجربات اور غیر مؤثر پالیسیوں کے ذریعے پیچیدہ بنانے کے بجائے سیاسی مفاہمت، باہمی اعتماد اور عوامی شمولیت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔

ایس پی حب مرزا بلال کی ہدایات پر کریک ڈاؤن، 6 منشیات فروش اور مطلوب ملزمان گرفتار

حب (یو این اے) ایس پی حب مرزا بلال کی واضح اور سخت ہدایات پر ضلع حب میں منشیات فروشوں، سماج دشمن عناصر اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن کا سلسلہ پوری تیزی سے جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس حب نے مختلف کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 6 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 6 کلو 88 گرام منشیات برآمد کرلی ہے۔ پولیس کے مطابق حب سٹی پولیس اور پائٹ پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران 4 ملزمان کو حراست میں لیا، جن کے قبضے سے 1500 گرام اعلیٰ کوالٹی کی آئس (کرسٹل) اور 4 کلو 613 گرام چرس برآمد کی گئی۔ دوسری جانب بیروٹ پولیس نے بھی کارروائی کرتے ہوئے مختلف سنگین مقدمات میں مطلوب 2 اشتہاری و روپوش ملزمان کو دبوچ لیا۔ حب پولیس نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ منشیات فروشوں، جرائم پیشہ عناصر اور قانون شکن افراد کے خلاف کارروائیاں بلاامتیاز جاری رکھی جائیں گی۔

کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کیسکو کی جانب سے بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمت کے کام کیے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 15 ستمبر کو (بروز منگل) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv شہباز ٹاؤن، ملک پلانٹ، جناح ٹاؤن، جی او آر کالونی، بروری روڈ، نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ کاریز، ایف سی، عسکری ون فیڈرز صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سریاب ون، سریاب ٹو، ہزارہ ٹاؤن، کرانی، غازی، واسا، اولڈ سیکلا کٹ ٹاؤن، اے ون سٹی، جڑ سا، اولڈ لیاقت بازار، جائنٹ روڈ، خیر بخش مری فیڈرز صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے نیز اسی روز انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے اولڈ اور نیو پشتون آباد، ایسٹرن بائی پاس، ایف جی ایس، شموزئی، شیخ زید اسپتال فیڈرز صبح 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔

اوستہ محمد، دو تاجروں سے لوٹ مار اور موٹرسائیکل چھیننے کی وارادات میں فائرنگ سے شہری زخمی، تاجر برادری کا شٹر ڈاؤن ہڑتال کا اعلان

شہر میں ڈاکوؤں کا راج، گن پوائنٹ پر دکانیں اور موٹرسائیکلیں لوٹ لی گئیں

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد دو تاجروں کو گن پوائنٹ پر ہزاروں روپے نقدی موبائل فون سیٹ لوٹ لیا گیا موٹرسائیکل سوار کو فائرنگ کر کے موٹرسائیکل چھین لیا گیا زخمی کو طبی سہولیات دینے کے بعد مزید علاج معالجے کے لیے سندھ ریفر کر دیا گیا شہریوں و تاجر برادری میں خوف و ہراس کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق سٹی اوستہ محمد سمیت مختلف علاقوں میں بدامنی عروج پر شبیر چوک پر قائم ہندو تاجر کی دکان پر نامعلوم ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر نقدی قیمتی موبائل سیٹ و دیگر قیمتی سامان لوٹ کر رفوچکر ہوگئے جبکہ مستوئی پل کے قریب بیکری پر نامعلوم ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر بیکری مالک کو لوٹ کر ہزاروں روپے نقدی چھین کر رفوچکر ہوگئے ڈیرہ اللہ یار روڈ نزد موجودہ کے قریب موٹرسائیکل گن پوائنٹ پر چھین کر موٹرسائیکل سوار کو فائرنگ کرکے زخمی کرکے ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہوگئی۔

ایس ایچ او میر حسن شاہین خان سونگی کے زیر نگرانی علاقے میں امن و امان کے قیام اور جرائم کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات جاری

پولیس کی جانب سے گشت اور چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، قانون شکنی پر فوری کارروائی کی جاتی ہے، علاقہ مکینوں کا اظہار اطمینان

چھتر (یو این اے) ایس ایچ او پولیس تھانہ میر حسن شاہین خان سونگی قابل اور ذمہ دار افسر ہیں تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ میر حسن سب انسپکٹر شاہین خان سونگی کی جانب سے علاقے میں امن و امان کے قیام اور جرائم کی روک تھام کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ وہ تھانہ میر حسن کی حدود میں پولیسنگ کے امور کی نگرانی کررہے ہیں، جبکہ مختلف علاقوں میں گشت اور چیکنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے ذرائع کے مطابق ایس ایچ او شاہین خان سونگی کی نگرانی میں جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کیلئے پولیس اقدامات کیے جارہے ہیں قانون کی خلاف ورزی کے واقعات کی اطلاع ملنے پر ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ پولیس کی جانب سے امن و امان برقرار رکھنے کیلئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے انور مندوخیل کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

دشت کسان بورڈ کا زمینداروں کو ہراساں کرنے اور گاڑیوں سے مبینہ بھتہ وصولی کیخلاف شدید احتجاج، نوٹس لینے کا مطالبہ

سیب اور سبزی کے ٹرکوں سے جبراً رقوم وصولی بند نہ ہوئی تو بھرپور تحریک چلائیں گے، حاجی میر لیاقت کرد

دشت (یو این اے) کسان بورڈ بلوچستان کے عہدیداران نے تحصیل دشت میں زمینداروں کے ساتھ ہونے والی مبینہ زیادتیوں، غیر قانونی ہراساں کرنے اور گاڑیوں سے جبراً بھتہ وصولی کے مکروہ سلسلے پر شدید اشتعال اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کسان رہنماؤں نے دوٹوک الفاظ میں اعلان کیا ہے کہ انتظامیہ کی غنڈہ گردی اور زمیندار دشمن پالیسیوں کو اب مزید کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ کسان بورڈ قلات ڈویژن ضلع مستونگ کے صدر حاجی میر لیاقت کرد نے اپنے ایک سخت بیان میں اسسٹنٹ کمشنر دشت کے غیر ذمہ دارانہ اور تضحیک آمیز رویے کو سراسر ناقابل برداشت قرار دیا ہے۔ انہوں نے انتہائی غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دشت کے مقام پر سیب کے ٹرکوں، سبزیوں اور دیگر فروٹ کی گاڑیوں سے کھلم کھلا زبردستی بھتہ اور بھاری رقوم وصول کی جارہی ہیں، جو کہ قانون کی دھجیاں اڑانے اور دکھی زمینداروں کا خون نچوڑنے کے مترادف ہے۔ کسان بورڈ اس ریاستی اور مافیا نما رویے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔

گرین بیلٹ میں نہری پانی کا بحران، بلوچستان کو اس کے حصے کا پانی دیا جائے، مولانا عبداللہ جتک

پٹ فیڈر اور کھیرتھر کینال کے کمانڈ ایریا میں لاکھوں ایکڑ زرعی اراضی پانی کی قلت سے خشک ہورہی ہے، بیان

اوستہ محمد (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی کمیٹی کے رکن مولانا عبداللہ جتک نے بلوچستان کے گرین بیلٹ میں نہری پانی کے شدید بحران پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹ فیڈر اور کھیرتھر کینال کے کمانڈ ایریا میں لاکھوں ایکڑ زرعی اراضی پانی کی قلت کے باعث شدید متاثر ہورہی ہے جس سے نہ صرف زرعی معیشت بلکہ کاشتکاروں کا معاشی مستقبل بھی داؤ پر لگ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نہری نظام میں پانی کی مبینہ چوری، غیر منصفانہ تقسیم اور بااثر زمینداروں کو مبینہ طور پر اضافی پانی کی فراہمی کے باعث ٹیل کے علاقوں کے کاشتکار شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ ایک طرف کمانڈ ایریا میں دھان سمیت دیگر فصلوں کے لیے پانی دستیاب نہیں جبکہ دوسری جانب نہروں کے غیر کمانڈ علاقوں میں بھی زرعی سرگرمیاں جاری ہیں جو نہری پانی کی منصفانہ تقسیم کے نظام پر سنجیدہ سوالات اٹھاتی ہیں۔ مولانا عبداللہ جتک نے کہا کہ پانی کی قلت نے بلوچستان کے زرعی علاقوں میں صورتحال کو تشویشناک بنادیا ہے۔ ہزاروں کاشتکار اپنی فصلوں کی بروقت آبپاشی نہ ہونے کے باعث بھاری مالی نقصان کا سامنا کررہے ہیں۔ حکومت اور محکمہ آبپاشی کو چاہیے کہ نہروں کے آخری سرے تک پانی کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کرے۔

بسیمہ میں ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے آگاہی مہم کا آغاز

بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکہ جات لگوانا مختلف بیماریوں سے بچاؤ کے لیے انتہائی ضروری ہے، ڈاکٹر عنایت اللہ

بسیمہ (اے این این) ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے محکمہ صحت اور یونیسف کے تعاون سے 14 سے 20 ستمبر تک جاری رہنے والی آگاہی مہم کا آغاز کردیا گیا۔ اس سلسلے میں بسیمہ میں آگاہی واک اور سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں محکمہ ؟ صحت کے افسران و اہلکاروں، لیڈی ہیلتھ ورکرز، پیرا میڈیکس، اسکول کے طلبہ اور دیگر افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مہم کے دوران ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر واشک ڈاکٹر عنایت اللہ عیسیٰ زئی، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ضیاء الدین، اکاؤنٹ سپروائزر حفیظ الرحمن، پیرا میڈیکس کے ضلعی رہنما محبوب علی عیسیٰ زئی، لیڈی سپروائزر بی بی زبیدہ، لیڈی سپروائزر بی بی حلیمہ اور پیرا میڈیکس کے عبدالمالک عیسیٰ زئی سمیت محکمہ صحت کے دیگر افسران و اہلکار موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈی ایچ او واشک ڈاکٹر عنایت اللہ عیسیٰ زئی، لیڈی ہیلتھ سپروائزر بی بی زبیدہ اور لیڈی ہیلتھ سپروائزر بی بی حلیمہ نے اسکول کے طلبہ اور لیڈی ہیلتھ ورکرز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے ماں اور بچے کی صحت کا خصوصی خیال رکھنا انتہائی ضروری ہے۔

صوبائی وزراء کی مسلسل غیر حاضری سے سول سیکرٹریٹ قبرستان میں تبدیل، سائلین پریشان

وزیراعلیٰ بلوچستان ایک طرف میرٹ کا لیکچر دیتے ہیں دوسری جانب اپنے کابینہ کے وزراء کو دفاتر میں حاضر کرنے کی زحمت نہیں کرسکتے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزراء کی مسلسل غیر حاضری سے سول سیکرٹریٹ قبرستان میں تبدیل، دور دراز علاقوں سے آئے ہوئے سائلین وزراء سے کام تو دور کی بات ملاقات کیے بغیر واپس لوٹ جاتے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان ایک طرف میرٹ کا لیکچر دیتے ہیں دوسری جانب اپنے کابینہ کے وزراء کو دفاتر میں حاضر کرنے کی زحمت نہیں کرسکتے صوبائی وزراء کی غیر حاضری کے حوالے سے جب متعلقہ پی ایس سے رابطہ کرتے ہیں تو جواب ملتا ہے کہ صاحب کراچی یا اسلام آباد گئے ہیں یا وزیراعلیٰ ہاؤس میں بیٹھ کر پورا دن وہاں پر گزارتے ہیں اور ان کو یہ معلوم نہیں ہے کہ جب خضدار، ژوب، گوادر یا دیگر علاقوں سے جو غریب سائلین اپنے کام نکالنے کے لیے کوئٹہ کا رخ کرتے ہیں تو ان پر کیا گزرتی ہے اور حال یہ ہے کہ کچھ لوگ ہمت لیکر کوئٹہ پہنچ جاتے ہیں اور یہاں پر ہفتوں ہفتوں انتظار کرنے کے بعد وزراء سے ملاقات کیے بغیر لوٹ کر چلے جاتے ہیں واضح رہے کہ جب سے صوبائی کابینہ وجود میں آئی ہے اس دن سے لیکر آج تک دو سے تین وزراء وہ بھی دو تین حاضر اور چار پانچ ہفتے

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سابق ایس ایچ او کرائم برانچ محمد شہباز ہاشمی کے اعزاز میں الوداعی تقریب، افسران کی نیک خواہشات

کوئٹہ (اے این این) سابق ایس ایچ او کرائم برانچ محمد شہباز ہاشمی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا، جن کا تبادلہ ایس ڈی پی او سارا ران کے عہدے پر کردیا گیا ہے۔ الوداعی تقریب میں ڈی ایس پی/ایس پی محمد ندیم، ڈی ایس پی/ایڈمن سیف اللہ جمالی، ڈی ایس پی/ایس پی یسین کلی مندوخیل، ڈی ایس پی/ایس پی حبیب خان، آئی پی/ایس ایچ او نثار احمد کھوسہ سمیت دیگر پولیس افسران نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سابق کرائم برانچ ایس ایچ او محمد شہباز ہاشمی نے اپنے ساتھی افسران اور پولیس اہلکاروں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دوران تعیناتی افسران اور جوانوں نے جس تعاون، خلوص اور جذبے کے ساتھ فرائض انجام دیے، وہ ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس ایک منظم ادارہ ہے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ، امن و امان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے تمام افسران اور اہلکاروں کو اپنے فرائض ایمانداری، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ جذبے کے ساتھ انجام دینے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی ذمہ داری ایس ڈی پی او سارا ران کی حیثیت سے بھی عوام کو بہتر پولیسنگ کی فراہمی، امن و امان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔

کوئٹہ میڈیکل کے فارغ التحصیل گریجویشن کے طلباء ڈاکٹر اسفند یار شیخ، ڈاکٹر عبداللہ کاکڑ اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

جے یو آئی نے ہمیشہ ملک میں آئین اور قانون کی بات کی ہے، میر نعیم عمرانی

جمعیت علماء اسلام عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی اور عوامی مسائل کے حل کرنے کی آواز اٹھائے گی

اوستہ محمد (اے این این) جمعیت علماء اسلام ضلع اوستہ محمد کے جنرل سیکرٹری و میونسپل کارپوریشن کے جنرل کونسلر میر نعیم خان عمرانی نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام نے ملک کی ترقی و خوشحالی، استحکام اور عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے ہمیشہ ذمہ دارانہ اور مؤثر کردار ادا کیا ہے۔ جمعیت علماء اسلام کی سیاست کا محور عوامی خدمت، آئین و قانون کی بالادستی، جمہوری اقدار کا فروغ اور اسلامی اصولوں کے مطابق معاشرے کی تشکیل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر مختلف علاقوں سے آئے ہوئے عوامی وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے ہر مشکل اور کڑے وقت میں عوام کے مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے آواز بلند کی ہے۔ جماعت کی قیادت نے ہمیشہ ملکی سلامتی، قومی یکجہتی اور جمہوری نظام کے استحکام کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں عوام کو درپیش مشکلات کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات اور مؤثر پالیسیوں کی ضرورت ہے جبکہ عوامی نمائندوں اور سیاسی جماعتوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر عوام کی خدمت اور علاقے کی تعمیر و ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ میر نعیم خان عمرانی نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑے گی۔

سول ہسپتال اوستہ محمد سے مبینہ طور پر غائب نومولود بچی بازیاب، خاتون گرفتار

پولیس نے فوری کارروائی شروع کی اور مبینہ طور پر غائب ہونے والی نومولود بچی کو بازیاب کرالیا

اوستہ محمد (اے این این) تحصیل ہیڈ کوارٹرز سول ہسپتال اوستہ محمد سے نومولود بچی کے مبینہ طور پر غائب ہونے کے واقعے پر ورثاء نے احتجاج کرتے ہوئے بچی کی فوری بازیابی کا مطالبہ کیا تاہم پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مبینہ طور پر غائب ہونے والی نومولود بچی کو بازیاب کرالیا اور ایک خاتون کو حراست میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق عبدالکریم کھوسہ نے اہلخانہ کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ تقریباً 1 بجے ان کی اہلیہ کے ہاں بچی کی پیدائش ہوئی جس کے بعد لیڈی ڈاکٹر نے نومولود بچی کو کیس میں رکھنے کا کہا۔ اس دوران ساتھ موجود خاتون کو ادویات لانے کے لیے باہر بھیجا گیا۔ عبدالکریم کھوسہ کے مطابق خاتون ادویات لے کر واپس آئی تو نومولود بچی وہاں موجود نہیں تھی۔ انہوں نے بتایا کہ لیڈی ڈاکٹر سے بچی کے بارے میں دریافت کیا گیا تو بتایا گیا کہ بچی کسی اور خاتون کے حوالے کردی گئی ہے تاہم کئی گھنٹے گزرنے کے باوجود بچی کا کوئی سراغ نہیں مل سکا جس پر ورثاء نے احتجاج کرتے ہوئے ہسپتال انتظامیہ سے واقعے کی وضاحت اور سی سی ٹی وی فوٹیج چیک کرکے ذمہ داروں کا تعین کرنے کا مطالبہ کیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری کارروائی شروع کی اور مبینہ طور پر غائب ہونے والی نومولود بچی کو بازیاب کرالیا۔

خاران پریس کلب کے صدر حاجی محمد عارف کے جواں سال بیٹے کی شہادت پر واشک پریس کلب کا اظہار تعزیت

شہید زین جان اور ان کے ساتھیوں پر حملہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے، واقعے کی شفاف تحقیقات کی جائیں، پریس کلب واشک

واشک (یو این اے) واشک پریس کلب کی کابینہ نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں خاران پریس کلب کے صدر و سینئر صحافی حاجی محمد عارف کے جواں سال بیٹے شہید زین جان اور ان کے ساتھیوں پر ہونے والے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واقعے پر گہرے رنج و غم اور دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ واشک پریس کلب کی کابینہ نے کہا کہ حاجی محمد عارف کے جواں سال بیٹے زین جان کی شہادت کی افسوسناک خبر نے صحافی برادری سمیت ہر صاحب احساس شخص کو غمزدہ کردیا ہے۔ ایک خاندان کے نوجوان فرد کا اس طرح المناک طور پر دنیا سے رخصت ہونا ناقابل تلافی نقصان ہے جس پر واشک پریس کلب کی پوری کابینہ حاجی محمد عارف، ان کے اہل خانہ اور دیگر متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان سے مختلف اخبارات کے ایڈیٹرز ملاقات کررہے ہیں

ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے معذور خاتون کو ٹرائی اسکوٹی کی چابی حوالے کردی

کوئٹہ (اے این این) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے ایک معذور خاتون کو خود روزگار اور آمد و رفت میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ٹرائی اسکوٹی کی چابی حوالے کردی۔ اس موقع پر محکمہ سوشل ویلفیئر بلوچستان کے افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے کہا کہ حکومت بلوچستان معاشرے کے کمزور، غریب، نادار اور خصوصی افراد کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات اٹھارہی ہے۔ خصوصی افراد کو معاشرے کا باعزت اور خودمختار حصہ بنانے کے لیے انہیں سہولیات اور ضروری وسائل کی فراہمی محکمہ سوشل ویلفیئر کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ معذور افراد کو ٹرائی اسکوٹی سمیت دیگر ضروری معاونت کی فراہمی کا مقصد انہیں نقل و حرکت میں آسانی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ باعزت زندگی گزارنے اور معاشی طور پر خودمختار بنانے میں مدد دینا ہے۔

صحبت پور، اسکول کے اوقات میں گیم اور سنوکر ہال کھلنے کا انکشاف

اساتذہ کے بچے نجی اسکولوں میں پڑھنے اور غریبوں کے رلنے پر سیاسی حلقوں کا نوٹس کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع بھر تعلیم کیا اوقات میں گیم۔ سنوکر منی وی سی آر کھلے ہوئے بچے تعلیم کے بجائے گندی صحبت میں آنے لگیا ساتذہ کے بچے سرکاری کے بجائے پراؤٹ اداروں میں پڑھنے کا انکشاف غریب کے بچے رل رہے ہیں تفصیلات کے مطابق تعلیم نظام صحبت پور سمیت تحصیل پہنور سنہڑی۔ تحصیل مانجھی پور۔ تحصیل سعید خان۔ تحصیل فرید آباد تحصیل جیا خان کے علاقوں میں ہزاروں بوائز گرلز اسکول بنیادی سہولات سے محروم کسی میں تعلیمی ادارے میں چار دیواری نہیں تو کئی اسکول بند پڑے ہیں۔ اور رہی سہی کسر گیم۔ اسنوکر۔ منی وی سی آر نے اسکول کے اوقات میں کھلے عام کھلے رہنے کی وجہ سے بچے اسکول بیگ رکھ کر گیم کھیلنا۔ سنوکر پر جانا معمول بنالیا ہے۔ انکشاف ہوا ہے کئی اساتذہ کے بچے پرائٹ اداروں میں پڑھتے ہیں غریب کے بچے رل رہے ہیں۔

دشت، زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے حوالے سے اجلاس، اسسٹنٹ کمشنر جاوید احمد سالائی کی زمینداروں سے بھتہ وصولی کی تردید

حکومتی احکامات پر صرف زرعی انکم ٹیکس وصول کیا جارہا ہے، ٹیکس کی بروقت ادائیگی کے لیے زمیندار تعاون کریں، اے سی دشت

دشت (یو این اے) ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم کے احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر دشت جاوید احمد سالائی کی زیر صدارت زمینداروں کے ساتھ زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ٹیکس کی بروقت وصولی، زمینداروں کے مسائل اور تجاویز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر دشت نے زمینداروں سے اپنے واجبات بروقت جمع کرانے اور ریونیو حکام کے ساتھ تعاون کی اپیل کیا جلاس میں نائب تحصیلدار دشت زبیر احمد اچو، قانونگو محمد اقبال کرد، ریڈر تحصیلدار بابو وحید کرد، پٹواری حافظ منیر احمد، ریڈر اسسٹنٹ کمشنر دشت بابو غلام علی شیخ ڈپٹی آفیسر پولیس خیال محمد بنگلزئی کے علاوہ زمینداروں کی ایکشن کمیٹی کے ممبران حاجی محمد افضل بنگلزئی، میر غلام قادر بنگلزئی، چیئرمین یونین کونسل اسپلنجی حاجی نور احمد بنگلزئی، ظہور احمد کرد و دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ انتظامیہ دشت کی جانب سے زرعی انکم ٹیکس کی وصولی کے عمل کو مؤثر، شفاف اور بروقت بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔

مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت اور ملکی ترقی کے ایجنڈے پر گامزن ہے

زرک مندوخیل

مسلم لیگ (ن) محض دعووں کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عوام کی زندگیوں میں بہتری لانا چاہتی ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملک کی ترقی، خوشحالی اور عوام کی خدمت کو اپنی سیاست کا محور بنایا ہے، موجودہ حکومت بھی عوام کو درپیش مسائل کے حل اور بلوچستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ترقیاتی عمل کو مزید تیز کرنے کی ضرورت ہے، صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی منصوبوں کا آغاز اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ سڑکوں، صحت، تعلیم، آبنوشی، بجلی اور دیگر شعبوں میں بہتری کے لیے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) محض دعووں کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے عوام کی زندگیوں میں بہتری لانا چاہتی ہے۔ حکومت کی جانب سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے روزگار کے نئے مواقع پیدا

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو وومن اینڈ جووینائل فسیلیٹیشن سینٹر سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

خضدار، ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی نے بچے کو گولیاں کھلا کر "ماں اور بچے کی صحت کا ہفتہ" مہم کا افتتاح کردیا

خضدار (یو این اے) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالحمید لہڑی نے ماں اور بچے کی صحت کا ہفتہ مہم کے حوالے سے بچے کو پیٹ کے کیڑوں کی گولیاں کھلا کر مہم کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا اس موقع پر ڈپٹی ڈی ایچ او و نمائندہ ڈاکٹر محمد عمر مینگل PPHI ڈسٹرکٹ منیجر صدام حسین اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر میڈم رشیدہ زہری اور اس مہم میں کام کرنے والی لیڈی ہیلتھ ورکرز نے حصہ لیا عام طور پر اس مہم میں ایک سال سے 5 سال تک کے بچوں کو ادویات دی جاتی ہیں بچوں میں خون کی کمی غذائیت کی کمی اور پیٹ کے کیڑوں کی وجہ سے ہونے والی جسمانی کمزوری کا تدارک کرنا اور ان کی نشوونما کو بہتر بنانا ہے۔

اوستہ محمد، حق باہو کالونی میں نامعلوم چوروں کا گھر صفایا، لاکھوں روپے مالیت کے زیورات اور نقدی لوٹ کر فرار

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد نامعلوم چوروں نے گھر میں گھس کر لاکھوں روپے کی زیورات قیمتی سامان اور نقدی لوٹ کر رفوچکر ہوگئے تفصیلات کے مطابق سٹی اوستہ محمد پولیس تھانہ کے حدود حق باہو کالونی اللہ داد نامی شخص کے گھر میں نامعلوم چوروں نے گھس کر گھر میں موجود جائز کے سامان زیورات نقدی لوٹ کر باسانی رفوچکر ہوگئے اہد اطلاعات کے مطابق گھر کے افراد شہر سے باہر گئے ہوئے تھے جس کی وجہ سے نامعلوم چوروں نے پورے گھر کا صفایا کرکے باسانی رفوچکر ہو گئے مزید کارروائی مقامی پولیس کررہی ہے۔

سنجاوی، کوٹی ندی میں تیز رفتار موٹر سائیکل کو حادثہ، باپ جاں بحق جبکہ دو بیٹے زخمی

سنجاوی (یو این اے) سنجاوی کے علاقے کوٹی ندی میں تیز رفتاری کے باعث ایک موٹرسائیکل کو حادثہ پیش آگیا۔ سنجاوی کے علاقے اشرگ سے آتے ہوئے موٹرسائیکل بے قابو ہو کر گہری کھائی میں جا گری، جس کے نتیجے میں موٹرسائیکل پر سوار باپ موقع پر ہی جاں بحق جبکہ اس کے دو بیٹے شدید زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں اور مقامی افراد فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے، جنہوں نے جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش اور دونوں زخمیوں کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے ٹیچنگ ہسپتال لورالائی منتقل کردیا۔ اسپتال ذرائع کے مطابق حادثے کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت عطا محمد ولد حاجی کمال خان قوم دمڑ، سکنہ اشرگ سنجاوی کے نام سے ہوئی ہے۔

گنداخہ، کھیرتھر کینال کی ذیلی نہروں میں پانی کی شدید کمی، جے یو آئی کی جانب سے پریس کلب پر احتجاجی کیمپ قائم

گنداخہ (یو این اے) گنداخہ میں کھیرتھر کینال سے نکلنے والی ذیلی نہروں میں پانی کی شدید قلت اور عدم دستیابی کے خلاف جمعیت علمائے اسلام تحصیل گنداخہ کی جانب سے پریس کلب چوک پر ایک احتجاجی کیمپ قائم کردیا گیا۔ اس احتجاجی کیمپ میں جے یو آئی کے کارکنان، بڑی تعداد میں کاشتکاروں اور مقامی علاقہ مکینوں نے بھرپور شرکت کی۔ یہ احتجاجی کیمپ جے یو آئی تحصیل گنداخہ کے امیر مولانا امان اللہ حقانی کی خصوصی نگرانی میں قائم کیا گیا، جہاں شرکا نے نہروں میں پانی نہ ہونے پر اپنی شدید تشویش کا اظہار کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ گزشتہ چار ماہ سے تحصیل گنداخہ کی مختلف نہروں، شاخوں اور مائنرز کے ٹیلوں تک ایک قطرہ پانی بھی نہیں پہنچ رہا، جس کے باعث کروڑوں روپے مالیت کی زرعی زمینیں بنجر ہورہی ہیں اور تیار فصلیں شدید متاثر ہورہی ہیں۔

اوستہ محمد، گزشتہ کئی دہائیوں سے سیوریج نظام درہم برہم عوام کو شدید مشکلات درپیش

ہر سال پی ایس ڈی پی میں اربوں روپے خرچ کرنے کے باوجود کام نہیں کیا جارہا ہے، عوامی حلقوں کا ردعمل

اوستہ محمد (اے این این) اوستہ محمد شہر میں گزشتہ دو دہائیوں سے نامکمل سیوریج نظام اور کھلے نالے شہریوں کیلئے سنگین مسئلہ بنے ہوئے ہیں، گنجان آباد علاقے حسین آباد میں درجنوں مین ہولز کے ڈھکن نہ ہونے سے صورتحال انتہائی تشویشناک ہوگئی کھلے مین ہولز کسی بھی وقت بڑے جانی حادثے کا سبب بن سکتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق حسین آباد سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں سیوریج کے مین ہولز طویل عرصے سے بغیر ڈھکن کے کھلے پڑے ہیں جس کے باعث شہریوں کو آمدورفت کے دوران شدید مشکلات اور حادثات کا سامنا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ کھلے مین ہولز میں گرنے سے متعدد بچے خواتین اور اسکول جانے والے طلبہ و طالبات زخمی ہوچکے ہیں جبکہ رات کے اوقات میں روشنی کا مناسب انتظام نہ ہونے کے باعث حادثات کا خطرہ کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔ شہریوں کے مطابق سیوریج کے کھلے مین ہولز کے باعث تعفن اور گندگی میں بھی اضافہ ہورہا ہے جبکہ مچھروں اور دیگر حشرات کی افزائش سے مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بھی موجود ہے۔ علاقہ مکینوں نے بتایا کہ مسئلے کی نشاندہی کے حوالے سے متعلقہ حکام کو متعدد بار آگاہ کیا گیا اور مین ہولز پر ڈھکن لگانے کا مطالبہ کیا گیا تاہم تاحال مستقل اور مؤثر اقدامات نہیں کیے جاسکے۔ عوامی حلقوں نے صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کارپوریشن کے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ حسین آباد سمیت اوستہ محمد شہر بھر میں کھلے مین ہولز کا فوری سروے کرایا جائے تمام مین ہولز پر مضبوط اور معیاری ڈھکن نصب کیے جائیں اور نامکمل سیوریج نالوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔

گنداخہ: کھیرتھر کینال سے نکلنے والی ذیلی نہروں میں پانی کی شدید

جے یو آئی کا پانی کی بحران کے خلاف پوری طور پر بحالی کا مطالبہ اور نوٹس لینے کی اپیل

گنداخہ (اے این این) کھیرتھر کینال سے نکلنے والی ذیلی نہروں میں پانی کی شدید کمی اور تحصیل گنداخہ کے مختلف علاقوں کے ٹیلوں تک پانی کی عدم فراہمی کے خلاف جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) تحصیل گنداخہ کے امیر مولانا امان اللہ حقانی کی نگرانی میں گنداخہ پریس کلب چوک پر احتجاجی کیمپ قائم کروایا گیا۔ احتجاجی کیمپ میں جے یو آئی کے کارکنان، زمینداروں، کاشتکاروں اور متاثرہ علاقوں کے شہریوں نے شرکت کرتے ہوئے محکمہ آبپاشی کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ گزشتہ چار ماہ سے تحصیل گنداخہ کی مختلف نہروں، شاخوں اور مائنروں کے ٹیلوں میں پانی کی شدید قلت ہے، جس کے باعث صورتحال اس قدر سنگین ہوچکی ہے کہ کئی علاقوں میں انسانوں اور مویشیوں کے لیے پینے کا پانی بھی دستیاب نہیں۔ پانی کی عدم فراہمی سے زرعی زمینیں متاثر، فصلیں تباہ اور کاشتکار شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ احتجاجی شرکاء کا کہنا تھا کہ کھیرتھر کینال سے نکلنے والی گنداخہ شاخ سمیت دیگر ذیلی نہروں کے ٹیل کے علاقوں کو مسلسل نظر انداز کیا جارہا ہے۔ پانی کی منصفانہ تقسیم نہ ہونے کے باعث ٹیل کے آباد کار شدید پریشانی میں مبتلا ہیں، جبکہ کئی علاقوں میں لوگ دور دراز مقامات سے پینے کا پانی لانے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں کو معاشی نقصان کا سامنا ہے۔ اگر صورتحال کا فوری نوٹس نہ لیا گیا تو نہ صرف زراعت بلکہ انسانی و حیوانی زندگی بھی مزید مشکلات سے دوچار ہوسکتی ہے۔ مظاہرین نے محکمہ آبپاشی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ تحصیل گنداخہ کی تمام نہروں اور ذیلی شاخوں میں پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ٹیلوں تک پانی پہنچایا جائے اور پانی کی منصفانہ تقسیم کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی نواں کلی اور عالمو چوک پر پرائس کنٹرول کے تحت گراں فروشوں کے خلاف کارروائی کررہے ہیں

بی ایم ایف: صوبے بھر میں میڈیا سے وابستہ کسی فرد سے ناانصافی برداشت نہیں کرینگے

بی ایم ایف کا پہلا مرکزی سیشن، آئین و منشور کی منظوری، ڈیجیٹل میڈیا پالیسی مسترد، تنظیمی دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میڈیا فورم کا پہلا مرکزی سیشن مرکزی صدر قیوم بلوچ کی صدارت میں کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ جس میں فورم کی مرکزی کابینہ، مرکزی عہدیداران، اراکین سینٹرل کمیٹی اور بلوچستان کے مختلف علاقوں سبی، مچھ، بولان، بھاگ، صحبت پور، بختیار آباد، ڈیرہ مراد جمالی، گوادر اور دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے مرکزی و ڈویژنل عہدیداران و اراکین سینٹرل کمیٹی نے شرکت کی۔ اجلاس میں تنظیمی امور، صحافیوں کے حقوق، لوکل پرنٹ میڈیا کے تحفظ اور بلوچستان بھر میں میڈیا کارکنوں کو درپیش مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا جبکہ فورم کے آئین و منشور کی منظوری سمیت اہم تنظیمی فیصلے بھی کیے گئے۔ اجلاس سے مرکزی صدر قیوم بلوچ، سیکرٹری جنرل اللہ داد وند، رمضان بھٹو، محمد علی ہزارہ، مشتاق عزیز کھوسہ، شیخ فرید، ڈاکٹر رضا، گوندا رابچہ، عبدالستار صالح، اصغر بلوچ، اسد سندیلہ اور دیگر نے خطاب کیا۔ مقررین نے حکومت بلوچستان کی جانب سے نافذ کی گئی ڈیجیٹل میڈیا پالیسی 2026 کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس پالیسی کے نتیجے میں لوکل پرنٹ میڈیا سے وابستہ ہزاروں صحافیوں، نامہ نگاروں، رپورٹرز، فوٹوگرافرز اور دیگر میڈیا کارکنوں کے معاشی حقوق اور روزگار متاثر ہوں گے [illegible]

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان حکومت کے دعوے کھوکھلے، نوجوانوں کو روزگار کے نام پر سالوں سے انتظار کرایا جارہا ہے، جمعیت نظریاتی

موجودہ بلوچستان حکومت بڑے بڑے دعوے اور وعدے کرکے عوام بالخصوص نوجوانوں کو بیوقوف بنانے کی کوشش کررہی ہے

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی قلات اور جمہوری وطن پارٹی قلات نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ موجودہ بلوچستان حکومت بڑے بڑے دعوے اور وعدے کرکے عوام بالخصوص نوجوانوں کو بیوقوف بنانے کی کوشش کررہی ہے۔ سرکاری محکموں میں نوجوانوں سے کاغذات جمع کروائے جاتے ہیں نامزدگیاں کی جاتی ہیں انٹرویوز لیے جاتے ہیں امیدوار جگہ جگہ دھکے کھاتے اور سالہا سال سرکاری دفاتر کے چکر لگاتے ہیں لیکن تقرری کے احکامات جاری نہیں کیے جاتے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ایجوکیشن میں گزشتہ دس سال سے بھرتیاں نہیں کی جارہی ہیں، جبکہ محکمہ پبلک ہیلتھ میں بھی ایسے افراد موجود ہیں جو پندرہ پندرہ سال سے پرائیویٹ بنیادوں پر اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور اسی امید پر کام کررہے ہیں کہ انہیں مستقل کیا جائے گا مگر افسوس کہ اتنا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود ان کے مستقل ہونے کے احکامات جاری نہیں ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ غریب ملازمین اور نوجوان اپنے روزگار کے لیے سالہا سال انتظار کرتے رہیں جبکہ بعض سرکاری افسران کی ذاتی جائیدادوں اور تعمیرات میں کروڑوں روپے خرچ ہونے کے سوالات سامنے آتے رہیں تو اس صورتحال پر سوال اٹھنا فطری ہے۔ اگر کسی افسر نے گیارہ سال کے عرصے میں اپنے گھر کی تعمیر پر کروڑوں روپے خرچ کیے ہیں تو اس رقم کے ذرائع آمدن اور اخراجات کی وضاحت بھی ہونی چاہیے۔

ژوب، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے زیر اہتمام سالانہ عظیم الشان ختم نبوت تقریری مسابقہ منعقد

ژوب (یو این اے) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ژوب کے زیر اہتمام، خادم ختم نبوت عطاء اللہ، مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ژوب کی نگرانی اور مولانا آدم خان، امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ژوب کی سرپرستی میں آل ژوب سکولز، کالجز اور مدارس کے طلباء کے درمیان سالانہ عظیم الشان ختم نبوت تقریری مسابقہ منعقد ہوا۔ مسابقے میں ژوب کے مختلف دینی و عصری تعلیمی اداروں سے تعلق رکھنے والے 30 سے زائد طلباء کرام نے مقررہ موضوعات پر مدلل، مؤثر اور شاندار تقاریر پیش کیں۔ اس موقع پر مدارس، سکولز اور کالجز کے طلباء، علماء کرام، اساتذہ اور عوام الناس نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

سانحہ شاہرگ کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں: پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن

حادثات کی روک تھام کیلئے ٹھیکیداری نظام ختم، روزانہ کی بنیاد پر مائنز انسپکشن یقینی بنائی جائے: سلطان خان

کوئٹہ (اے این این) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور آل پاکستان لیبر فیڈریشن نے ہرنائی کی تحصیل شاہرگ میں واقع (پی ایم ڈی سی) کی کوئلہ کان (ایریا نمبر 15) میں ٹھیکیدار فاروق ملیزئی کی زیر انتظام چلنے والی کان کے اندر گیس جمع ہونے کے باعث پیش آنے والے المناک حادثے میں 4 کانکنوں کی ہلاکت اور 5 مائن مزدوروں کے شدید زخمی ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اس واقع کی فوری اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے ساتھیوں نے شاہرگ کوئلہ کان حادثے میں زخمی کانکنوں کی ہسپتال میں جا کر عیادت بھی کی اور فیڈریشن کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن نے انجینئر حسین ہارون کی نگرانی میں پی ایم ڈی سی ریسکیو ٹیم کے بروقت امدادی آپریشن کو سراہا جس کے نتیجے میں 5 مائن مزدوروں کو شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کرکے ان کی جان بچائی گئی۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان، مرکزی چیئرمین عبدالستار، آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے سیکرٹری اطلاعات و نشریات منظور احمد بلوچ، آل پاکستان لیبر فیڈریشن بلوچستان کے صدر شاہ علی بگٹی، شاہنواز زہری، سعید بلانوشی، شاہ وزیر، ولید سمیت دیگر ٹریڈ یونین لیڈرز نے کوئلہ کانوں میں بڑھتے ہوئے حادثات کی روک تھام کیلئے مائنز کے تحفظ کے قوانین اور آئی ایل او کنونشن C176 کے مؤثر نفاذ کا مطالبہ کیا ہے۔

آئین، پارلیمنٹ اور عوام کا مینڈیٹ یرغمال بن چکا ہے، مولانا عبدالرحمن رفیقی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمن رفیقی، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب چیدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور میڈیا کوآرڈینیٹر مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ جمہوریت کے لبادے میں آمریت کسی صورت قابل قبول نہیں بدقسمتی سے ملک میں جمہوریت، آئین اور پارلیمنٹ عملاً یرغمال بن چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ووٹ اور مینڈیٹ کی توہین آئینی حدود سے تجاوز اور پارلیمنٹ کو بے اختیار بنانے کے مسلسل رجحان نے ملک کے جمہوری نظام کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔

A Province Wide Emergency Response Network

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کو ڈی جی 1122 MERC ذوالفقار جتوئی مرکز کے دورے کے موقع پر بریفنگ دے رہے ہیں۔ ڈی جی ہیلتھ سروسز بلوچستان ڈاکٹر محمد امین مندوخیل بھی موجود ہیں

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
روزنامہ
DAILY
SABA-Quetta
صباء
ایڈیٹر غضنفر علی
ABC
CERTIFIED
PHONE:0814170013
EMAIL:sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 علمدار روڈ سے شائع کیا

وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم پر عملدرآمد

عالمی سطح پر پٹرولیم بحران کے اثرات سے کمزور اور مستحق طبقات کو بچانے کیلئے شروع کی گئی، وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم پر عملدرآمد کا آغاز کردیا گیا ہے۔ سکیم کے تحت موٹر سائیکل مالکان کو 5 لیٹر جبکہ 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان کو 10 لیٹر پٹرول کا ریلیف دیا جائے گا، رجسٹریشن کیلئے صارف کا موبائل سم اور شناختی کارڈ ایک ہی نام پر ہونا لازمی ہے۔ پی ٹی آئی کے دھرنوں کی کال کھوکھلی ہے، بہتر ہوگا یہ جماعت دھرنوں کی سیاست چھوڑ کر عوام کی خدمت کی سیاست اپنائے۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک اور شزا فاطمہ کے ہمراہ وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے ان لوگوں کیلئے خصوصی ریلیف اسکیم کا اجرا کیا ہے جن پر تیل کی قیمتوں میں اضافے کا سب سے زیادہ بوجھ پڑا، اس نوعیت کا نظام اس سے پہلے کبھی متعارف نہیں کروایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ریلیف حاصل کرنے کیلئے 977 سے موصول ہونے والا ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھانا ہوگا، وزیراعظم کی خصوصی ہدایت ہے کہ ریلیف کی سہولت ملنے کے بعد کرایوں میں اضافہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کفایت شعاری کیلئے متعدد اقدامات کر رہی ہے، کچھ اقدامات جاری رکھے گئے ہیں جبکہ بعض کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت ہے، بہتر ہوتا کہ وہ ماڈل گورننس کی مثالیں سامنے لاتی، مگر دھرنوں کی کال کھوکھلی ہے۔ پی ٹی آئی اپنے ساڑھے 12 سالہ دور حکومت کا کوئی ایک ایسا منصوبہ بتائے جسے ماڈل پراجیکٹ قرار دیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی دھرنوں کی سیاست چھوڑ کر عوام کی خدمت کی سیاست اپنائے، مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے ہمیشہ خدمت کی سیاست کو شعار بنایا، دانش اسکول اور میٹرو بس جیسے مثالی منصوبے دیے گئے جبکہ پنجاب حکومت کے منصوبوں کو دنیا بھر میں پذیرائی مل رہی ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم نے وعدہ کیا تھا کہ تنخواہ دار طبقے کیلئے بجٹ میں گنجائش پیدا کی جائے گی، اسی وعدے کے تحت ٹیکس سلیبس میں کمی کی گئی، ایکسپورٹرز نے بھی بجٹ کو سراہا۔ آئی ایم ایف پروگرام میں رہتے ہوئے ایسی اصلاحات کی گئیں جنہیں عالمی سطح پر پذیرائی ملی۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کے باعث بحری جہازوں کی نقل و حمل متاثر ہوئی ہے، تاہم آئل سپلائی کے انتظامات کے باعث لوڈشیڈنگ کو کم سے کم رکھنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ بجلی کے شعبے میں تاریخی اصلاحات کی گئیں، آئی پی پیز کا مسئلہ حل کیا گیا اور عوام کیلئے گنجائش پیدا کی گئی، پاور سیکٹر میں مزید اصلاحات پر بھی بھرپور توجہ ہے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے بریفنگ میں کہا کہ حکومت نے عالمی تیل بحران کے دوران عوام کو ریلیف دینے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے، نجی ریفائنریوں نے وزیراعظم کی اپیل پر ریفائنڈ مصنوعات کے فارمولے میں تبدیلی کی جبکہ مقامی طور پر پیدا ہونے والے ڈیزل کی لاگت کے مطابق اسے سستا فراہم کرنے کیلئے اقدامات کیے گئے۔

سوشل میڈیا اور نئے انسان کی تشکیل

سوشل میڈیا نے ہمارے سماج کے فیبرک کو بدل کر رکھ دیا ہے۔ سماج کا نیوکلیس بہرحال انسان ہے، اور ہمیشہ سے ہر دور میں کسی نہ کسی حوالے سے کوئی نہ کوئی کوشش کی جاتی رہی ہے کہ انسان اپنے آپ کو بدل لے لیکن اس کے باوجود عملی طور پر یہ سب کچھ ممکن نہیں ہوسکا۔ یہاں تک کہ شعوری طور پر یہ بھی معلوم نہیں ہوسکا کہ انسان کیوں بدلے

شفقت اللہ مشتاق

اور جب بدل جائے گا تو وہ کیسا ہوگا۔ شاید ہم سب آئیڈیل کی تلاش میں ہیں، اور عمومی طور پر وہی چیز تلاش کی جاتی ہے جو گم ہوگئی ہو۔ اب ہم پر لازم ہے کہ پہلے گم ہونے والے انسان کے خدوخال اپنے اوپر واضح کریں اور پھر تلاش کا سفر شروع کریں، کیونکہ یہ سفر طویل بھی ہے اور تھکا دینے والا بھی۔ بسا اوقات ایسے حالات بھی پیدا ہونے کا امکان ہوتا ہے کہ سفر ادھورا رہ جائے، بات وہیں کی وہیں رہ جائے اور یہ سارا خواب بھی ادھورا رہ جائے، بلکہ خواب، خواب ہی رہ جائے۔ یہ جان کر حیرانی ہوگی کہ فلم ''ٹائٹینک'' میں مرکزی اداکارہ کیٹ ونسلٹ کے لباس کی 20 نقلیں بنائی گئیں کیونکہ پانی میں بھیگنے پر ہر بار لباس خراب ہوجاتا تھا خواب کے بارے میں یہ تاثر عام ہے کہ خواب، خواب ہی ہوتے ہیں اور خواب کی کوئی حقیقت نہیں ہوتی۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ تاثر حقیقت بن کر ہمارے دل و دماغ پر سوار ہوجائے اور ہم ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ جائیں۔ ویسے ایسا ممکن نہیں ہے، کیونکہ انسان جونہی بطن مادر سے باہر آتا ہے، ہاتھ پاؤں مارنا شروع کردیتا ہے، بصورت دیگر اس کے متعلقین کو پریشانی لاحق ہوتی ہے۔ ایسا ویسے کم کم ہی ہوتا ہے۔ مجموعی طور پر انسان اپنی زندگی کی کہانی کا آغاز ہاتھ پاؤں مارنے سے ہی کرتا ہے اور پھر تو چل سو چل۔ ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے، تاہم تربیت کا ایک اہم کردار ہے اور تربیت کرنے والوں کا کانسپٹ درست ہونا شرط ہے، ورنہ انسان اور انسان میں بڑا ہی فرق پڑ جاتا ہے۔ اس فرق کو ختم کرنے کے لیے بھی انسان ہاتھ پاؤں مار رہا ہے، جبکہ چند ایسے بھی ہیں جو ایڈہاک ازم کے تسلسل کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں۔ کچھ ایسے بھی ہیں جو بغیر سوچے سمجھے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں۔ ان سب میں مشترک چیز صرف ایک ہی ہے، اور وہ یہ کہ سب ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں۔ ایسے بھی انسان ہیں جن کا خیال ہے کہ اس کام کو احسن طریقے سے کرنے کے لیے ضروری ہے کہ انسان سب سے پہلے اپنے آپ کو مارے، تب جا کر وہ اپنے آپ کو بدل سکتا ہے اور جب وہ خود بدل جائے گا تو لوگوں کو بھی بدلا بدلا نظر آئے گا۔ لوگ اسے دیکھ کر خوش بھی ہوں گے اور اس جیسا بننے کی کوشش بھی کریں گے، اسی لیے تو کہتے ہیں کہ اگر کوئی اپنا درد محسوس کرتا ہے تو اسے زندہ تصور کیا جاتا ہے اور اگر کوئی شخص دوسرے لوگوں کا درد محسوس کرتا ہے تو اسے انسان کہتے ہیں۔ ایسے انسان کو ماڈل کہتے ہیں۔ سوشل میڈیا کو جی بھر کر دیکھ رہے ہیں۔ اس میں بھی ورائٹی ہے۔ طرح طرح کے انسان، انسان کے مختلف کردار، ان کرداروں کے کئی کئی رخ اور ہر رخ دوسرے سے مختلف۔ اختلاف کی بھی کوئی حد ہوتی ہے۔ جب ساری حدیں عبور ہوجاتی ہیں تو پھر خوف، پریشانی، مایوسی اور غیر یقینی صورتحال کا سامنا ہوتا ہے، جبکہ ہر ایک کا سامنا کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ اور پھر چپ ہی بھلی ہوتی ہے۔ یہ ساری باتیں بجا، لیکن چپ بیانیے کی حد تک بھلی ہوتی ہے۔ مسلسل چپ رہنا خلاف عقل ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب کے نام!

لاہور پولیس اور عوام کے درمیان براہ راست رابطے کا بڑھتا ہوا سلسلہ بلاشبہ ایک خوش آئند تبدیلی ہے، لیکن اب وقت صرف تعریف کرنے کا نہیں بلکہ نتائج دیکھنے کا بھی ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران کی تیسری آن لائن کھلی کچہری میں سترہ ہزار شہریوں کی شرکت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام اپنی شکایات اور مسائل

یونس باٹھ

اعلیٰ پولیس حکام تک براہ راست پہنچانا چاہتے ہیں۔ شہریوں کے سوالات سننا اور انہیں جواب دینا اچھی روایت ہے، مگر اصل کامیابی اس وقت ہوگی جب شہری کی شکایت کے بعد عملی ریلیف بھی اسی رفتار سے ملے۔ فیصل کامران کی جانب سے سماجی رابطوں کے ذرائع کو عوامی رابطے کے لیے استعمال کرنا ایک مثبت قدم ہے۔ اس دور میں شہری ہر مسئلے کے لیے دفتر کے چکر لگانے کے بجائے اپنی آواز براہ راست متعلقہ افسر تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ آن لائن کھلی کچہری اسی ضرورت کا جواب ہے۔ تاہم یہ بھی ضروری ہے کہ جس شہری کی شکایت سنی جائے، اسے بعد میں یہ بھی بتایا جائے کہ اس کی درخواست پر کیا کارروائی ہوئی، ذمہ دار کون تھا اور مسئلہ حل ہوا یا نہیں۔ لاہور جیسے بڑے شہر میں پولیس کو جرائم، منشیات، ٹریفک، فراڈ، سود خوری، قبضہ گروپوں اور دیگر مسائل کا سامنا ہے۔ ان حالات میں سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا، چیف ٹریفک آفیسر عبدالرحیم شیرازی اور شہر بھر کے تمام ایس پیز کی ذمہ داریاں غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں۔ ان افسران کی اصل کارکردگی کا فیصلہ دفاتر میں ہونے والی ملاقاتوں سے نہیں بلکہ سڑکوں، تھانوں اور عوام کے درمیان نظر آنے والے نتائج سے ہونا چاہیے۔ آئی جی پنجاب راؤ عبدالکریم کی قیادت میں محکمہ پولیس میں احتساب اور اندرونی نگرانی کو مؤثر بنانے کی کوششیں بھی اہم ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس کا جو موقف اختیار کیا ہے، اس کا تقاضا ہے کہ پولیس سمیت تمام سرکاری محکموں میں بدعنوانی کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ عوام بھی یہی چاہتے ہیں کہ جو اہلکار رشوت لیتا ہے، اختیارات کا ناجائز استعمال کرتا ہے یا شہریوں کو قانونی تحفظ دینے کے بجائے ان کا استحصال کرتا ہے، اسے کسی صورت رعایت نہ ملے۔ لیکن یہاں ایک بنیادی سوال بہرحال موجود ہے اور یہ سوال پوچھنا عوام کا حق ہے کہ کرپشن کے خلاف کارروائیوں کے باوجود ابھی تک ایسی بڑی گرفتاری کیوں سامنے نہیں آئی جس سے یہ واضح پیغام جائے کہ قانون سب کے لیے برابر ہے؟ اگر ایک معمولی اہلکار کے خلاف کارروائی ہوسکتی ہے تو کسی بڑے افسر کے خلاف بھی شواہد موجود ہونے کی صورت میں قانون حرکت میں آنا چاہیے۔ احتساب کا اصل امتحان کمزور کے خلاف کارروائی نہیں بلکہ طاقتور تک قانون کا پہنچنا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب سے گزارش ہے کہ کرپشن کے خلاف اپنے اعلان کردہ ویژن کو فیصلہ کن مرحلے تک لے جائیں۔ اگر کسی افسر یا اہلکار کے خلاف ٹھوس شواہد موجود ہیں تو اس کے خلاف کارروائی میں تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ عوام اب صرف معطلی، انکوائری اور وضاحتیں نہیں چاہتے بلکہ وہ عملی نتائج دیکھنا چاہتے ہیں۔ ایک بڑی اور شفاف کارروائی پورے محکمہ پولیس کے لیے واضح پیغام ثابت ہوسکتی ہے کہ بدعنوانی کسی عہدے یا تعلق کی وجہ سے قابل معافی نہیں۔ اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ احتساب کے نام پر صرف نچلے درجے کے اہلکاروں کو نشانہ نہ بنایا جائے۔ اگر کسی تھانے میں شہری سے رشوت طلب کی گئی ہے تو یہ بھی دیکھا جائے کہ اس عمل کی پشت پناہی کہاں سے ہوئی۔ اگر کسی مقدمے میں جان بوجھ کر تاخیر کی گئی ہے تو ذمہ دار صرف محرر یا تفتیشی افسر نہیں بلکہ نگرانی کرنے والے افسر کا کردار بھی سامنے آنا چاہیے۔ اسی طرح اگر کسی شہری کی شکایت دبائی گئی ہے تو اس کی ذمہ داری بھی طے ہونی چاہیے۔ آن لائن کھلی کچہریوں کا ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ شہری براہ راست اپنی بات رکھ سکتے ہیں۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ اس نظام کو مستقل اور نتیجہ خیز بنایا جائے۔ ہر شکایت کا اندراج، اس کی نگرانی اور حتمی نتیجہ محفوظ ہونا چاہیے تاکہ کسی شہری کو بار بار اپنی شکایت دہرانے کی ضرورت نہ پڑے۔ اگر یہ نظام مضبوط ہوگیا تو پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ مزید بہتر ہوسکتا ہے۔ بسنت کے حوالے سے بھی ڈی آئی جی آپریشنز نے شہریوں کے تحفظ کیلئے جامع حفاظتی اقدامات کی یقین دہانی کرائی ہے۔ بڑے عوامی اجتماعات کے دوران شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ گزشتہ تجربات سے سبق حاصل کرتے ہوئے آئندہ کیلئے بہتر انتظامات کیے جانے چاہئیں۔ شہریوں کو بھی قانون کی پابندی اور پولیس کے ساتھ تعاون کرنا ہوگا۔ منشیات فروشوں، سپلائرز، سود خوروں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی میں عوامی تعاون ناگزیر ہے۔ پولیس اگر شہریوں کو تحفظ اور اعتماد فراہم کرے تو لوگ بھی جرائم کی نشاندہی میں اپنا کردار ادا کرسکتے ہیں۔ اسی طرح آن لائن فراڈ سے بچاؤ کے لیے شہریوں کو نامعلوم کالز، مشکوک پیغامات اور غیر ضروری طور پر ذاتی معلومات دینے سے گریز کرنا چاہیے۔ لاہور پولیس کیلئے عوامی رابطے کا یہ نیا انداز ایک اچھا آغاز ہے، مگر اسے کامیاب بنانے کیلئے اب وعدوں سے آگے بڑھنا ہوگا۔ فیصل کامران کی آن لائن کھلی کچہریاں جاری رہیں، اعلیٰ پولیس افسران عوام کے درمیان موجود رہیں اور شکایات کا بروقت ازالہ ہو، یہ سب ضروری ہے۔ لیکن اس کے ساتھ کرپشن کیخلاف بھی وہی دوٹوک رویہ دکھانا ہوگا جس کا عوام سے وعدہ کیا گیا ہے۔ آخر میں سوال پھر وہی ہے: اگر کرپشن کیخلاف واقعی زیرو ٹالرنس ہے تو بڑی گرفتاری کب ہوگی؟ یہ سوال کسی ایک افسر سے نہیں بلکہ پورے نظام سے ہے۔ عوام اب دیکھنا چاہتے ہیں کہ قانون صرف کمزور کے لیے نہیں بلکہ طاقتور کے لیے بھی یکساں ہے۔ اگر حکومت پنجاب اور پولیس قیادت اس امتحان میں کامیاب ہوگئی تو عوامی اعتماد مضبوط ہوگا، ورنہ آن لائن کھلی کچہریاں بھی صرف شکایات سننے کی ایک خوبصورت روایت بن کر رہ جائیں گی۔ اب وقت ہے کہ شکایت سے کارروائی، کارروائی سے نتیجے اور نتیجے سے حقیقی احتساب تک کا سفر مکمل کیا جائے۔

اکادمی ادبیات کے نئے چیئرمین کی تلاش

اکادمی ادبیات کی چیئرمین شپ کے لئے اشتہار شائع ہوا ہے۔ ایک زمانہ تھا کہ اس پر حکومت اپنی مرضی کے مطابق تعیناتی کر دیتی تھی، تعیناتی اب بھی اسی فارمولے کے تحت ہوگی؛ البتہ قانونی تقاضے پورے کرنے کے لئے اشتہار دینا ضروری تھا۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ اب بات چلتے چلتے اس سوال تک آگئی ہے کہ اس ادارے کا مقصد اور افادیت کیا ہے؟ بس ایک بے مقصد سرکاری محکمے کی طرح یہ بھی چلایا جارہا ہے۔

نسیم شاہد

اکادمی ادبیات پاکستان کے نام سے تو یہی لگتا ہے یہ ادارہ پورے ملک کے لئے بنایا گیا تھا، مگر آپ اس کی کئی دہائیوں پر مشتمل کارکردگی اٹھا کر دیکھیں تو اندازہ ہوگا یہ اسلام آباد کے اردگرد رہنے اور اکادمی کے دفتر کی راہداریوں میں بھٹکنے والے ادیبوں، شاعروں کی آماجگاہ بنا رہا ہے۔ اس کے اثرات وفوائد سے ملک کے طول وعرض میں رہنے والے اکثر بلکہ سارے اہل قلم محروم ہی رہے۔ بدقسمتی سے یہ قومی ادارہ اپنا ڈھنگ کا منشور بھی نہیں بنا سکا، جو بنایا اس پر عمل نہیں کرپایا۔ اکادمی ادبیات کا چیئرمین حکومتی کارپردازان کا غلام تو نظر آتا ہی ہے ان کا بھی زیر بار ہوجاتا ہے جو برسہا برس سے اکادمی کو آسیب بن کر چمٹے ہوئے ہیں، انہی کے ہاتھوں میں کھیلتا ہے اور انہی کی دی گئی راہ پر چلتا ہے، حتیٰ کہ پروگراموں کے شرکاء کی فہرستیں بھی آزادانہ نہیں بنا سکتا کیونکہ ایک مافیا اسے ڈرا کے رکھتا ہے۔ یہ ادارہ بنایا تو یقیناً ملک میں ادب کے فروغ کی خاطر گیا ہوگا۔ کسی نے جنرل ضیاء الحق کو مشورہ دیا ہوگا کہ سرکار ایک طبقہ ادیبوں، شاعروں کا بھی ہے جو آپ کے خلاف آواز اٹھا سکتا ہے، بہتر ہے انہیں کنٹرول کرنے کے لئے اکیڈمی آف لیٹرز کی بنیاد رکھی جائے۔ اس کا شائبہ اس لئے بھی ہوتا ہے کہ اس زمانے کے چیئرمینوں سب سے زیادہ توجہ سالانہ اہل قلم کانفرنسوں پر دیتے تھے۔ ملک بھر سے ادیبوں شاعروں کو اکٹھا کرکے اسلام آباد میں ایک بڑا پنڈال سجاتے اور ضیاء الحق کو خطاب کی دعوت دیتے۔ ایک بار یہ دعوت وزیراعظم محمد خان جونیجو کو بھی دی گئی۔ اسلام آباد کے ہوٹلوں میں کمرے بک ہوتے، دو دن کا ہلہ گلہ ہوتا اور اہل قلم شاداں وفرحاں خوشی خوشی اپنے گھروں کو لوٹ جاتے۔ یہ بادشاہی نظام کی طرح جیسی ایک ترکیب تھی، جس کا مقصد سوچنے سمجھنے والے طبقے کو بادشاہ وقت کے براہ راست خطاب سے مستفید کرنا تھا۔ اس زمانے کے چیئرمین ادیبوں شاعروں کی نظر کا تارہ ہوتے تھے۔ وہ جس شہر میں جاتے اہل قلم ان کی راہ میں دل فرش راہ کر دیتے کہ آنے والی کانفرنس میں ان کے نام پر غور کیا جائے۔ اس دور میں یہ تاثر بھی قائم ہوگیا تھا کہ جسے اہل قلم کانفرنس کا دعوت نامہ مل جاتا ہے، وہ مستند ادیب قرار پاتا ہے۔ باقی سب غیر مستند ہوجاتے ہیں۔ اسی طرح گویا اکادمی ایک سرٹیفکیٹ بانٹنے والا ادارہ بھی بن گئی تھی۔ یہ بھی کوئی اچھا سلسلہ نہیں تھا؛ تاہم اتنا ضرور تھا کہ ملک کے دور دراز شہروں سے بھی اہل قلم کانفرنس میں بلائے جاتے تھے۔ جس سے اس قومی ادارے میں لوگوں کو شرکت کا احساس ہوتا تھا۔ پھر یہ سلسلہ موقوف ہوگیا، وجہ فنڈز کی عدم دستیابی تھی یا حکمرانوں کی اہل قلم سے خطاب کرنے میں عدم دلچسپی، بہرحال یہ سلسلہ ختم ہوگیا۔ ڈاکٹر نجیبہ عارف چیئرپرسن بنیں تو انہوں نے قومی کی بجائے علاقائی اہل قلم کانفرنسیں منعقد کرانے کا سلسلہ شروع کیا۔ میرے نزدیک یہ ایک غلط فیصلہ تھا، کیونکہ جس یکجہتی کے لئے اکادمی ادبیات قائم کیا گیا تھا، وہ تقسیم ہوگئی۔ ویسے بھی قومی کانفرنس سے ملک بھر کے ادیبوں، شاعروں کو ایک دوسرے سے تعارف کا جو موقع ملتا تھا، وہ میسر نہ رہا۔ یہی وجہ ہے کہ اس سلسلے کو دوبارہ نہیں اپنایا گیا۔ اب زمینی حقیقت یہ ہے کہ اکادمی ادبیات پاکستان اسلام آباد تک محدود ایک ادارہ ہے، جہاں اسلام آباد یا باہر سے آئے ہوئے کسی ادیب شاعر کی کتاب کا تعارف کرایا جاتا ہے یا پھر ملاقات کرادی جاتی ہے۔ اس کام کے لئے کروڑوں روپے کے بجٹ کی کیا ضرورت ہے اور اسلام آباد کے پوش علاقے میں اربوں روپے کی زمین پر اکادمی آف لیٹرز کی بلڈنگ کا کیا جواز ہے، سنگ وخشت سے تو جہان پیدا نہیں ہوتے۔ اکادمی نے چاروں دارالحکومتوں میں اپنے چار علاقائی دفاتر بھی بنا رکھے ہیں، ایک علاقائی دفتر ملتان میں بھی ہے۔ ان دفاتر میں بھی کتاب کی رونمائی یا مشاعروں کے سوا کچھ نہیں ہوتا، یہ کام تو اور بہت سے لوگ اور تنظیمیں کررہی ہیں۔ اکادمی ادبیات کا مقصد تو ادیبوں شاعروں کی فلاح و بہبود تھا۔ ان کی کتب شائع کرنے میں مدد وتعاون کرنا تھا، بیماری اور مشکل حالات میں دامے، درمے، سخنے حصہ ڈالنا تھا۔

رجب بٹ نے بچوں کے جنسی استحصال کو مذاق بنادیا

سوشل میڈیا پر صارفین آگ بگولہ، رجب بٹ کے الفاظ پر برہمی کا اظہار

لاہور (این این آئی) معروف یوٹیوبر رجب بٹ ایک بار پھر تنقید کا شکار ہو گئے جب انہوں نے سوشل میڈیا پر بچوں کے جنسی استحصال سے متعلق نامناسب مذاق کیا۔ رجب بٹ ان دنوں مختلف ڈیجیٹل کریئیٹرز کے ساتھ ٹک ٹاک لائیو سیشنز کر رہے ہیں۔ ایسے ہی ایک لائیو سیشن میں زید علی کے چہرے کے تاثرات پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے بچوں کے جنسی استحصال سے متعلق ایک جملہ بطور مذاق استعمال کیا۔ لائیو سیشن کا مذکورہ کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہوا تو صارفین نے اسے غیر حساس اور ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے شدید ردعمل کا اظہار کیا۔ انسٹاگرام پیج اعلان لوڈے نے بھی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے تنقید کی کہ بچوں کے جنسی استحصال جیسے سنگین جرم کو مذاق کا موضوع بنانا متاثرین کے صدمے کی سنگینی کو کم کرتا اور معاشرے کو ایسے جرائم کے حوالے سے بے حس کر سکتا ہے۔ متعدد سوشل میڈیا صارفین نے رجب بٹ کے الفاظ پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر ذمہ دارانہ زبان کے استعمال پر زور دیا، جبکہ بعض صارفین نے متعلقہ حکام سے ان کے خلاف کارروائی اور ان کے مواد پر پابندی عائد کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ ایسے ہی ایک لائیو سیشن میں زید علی کے چہرے کے تاثرات پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے بچوں کے جنسی استحصال سے متعلق ایک جملہ بطور مذاق استعمال کیا۔

جمائما گولڈ سمتھ نے آئرش بزنس مین کیمرون اورلی سے دوسری شادی کرلی

پروڈیوسر جمائما اور آئرش کی ملاقات فلموں اور دستاویزی فلموں کے سلسلے میں کام کے دوران ہوئی تھی

لندن (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی سابقہ اہلیہ جمائما گولڈ سمتھ نے دوسری شادی کرلی۔ برطانوی اخبار ڈیلی میل کے مطابق جمائما گولڈ سمتھ نے 62 سالہ آئرش بزنس مین کیمرون اورلی سے دوسری شادی کرلی ہے، جمائما کے بھائی نے بھی شادی کی تصدیق کردی۔ جمائما گولڈ سمتھ کی پہلی شادی سابق وزیراعظم عمران خان سے ہوئی تھی، دونوں کی شادی 1995 میں ہوئی اور 2004 میں طلاق ہوگئی تھی۔ ایوارڈ یافتہ پروڈیوسر جمائما اور آئرش آسٹریلوی کاروباری شخصیت کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان کی ملاقات فلموں اور دستاویزی فلموں کے سلسلے میں کام کے دوران ہوئی تھی۔ جمائما جونز کی شیئر کی گئی تصویر میں اس پروقار مقام کی ایک جھلک دکھائی گئی، جہاں یہ جوڑا ایک شاندار تاریخی عمارت کے احاطے میں موجود کنول کے تالاب کے کنارے کھڑا تھا۔ انہوں نے ہلکے نیلے رنگ کا ایک ڈھیلا ڈھالا لباس پہن رکھا تھا، جس پر رنگ برنگے نباتاتی نقش ونگار اور متضاد شیڈ رنگ کی پٹی تھی، جبکہ مین گہرے رنگ کے مارننگ کوٹ، ہلکے سرمئی ویسٹ کوٹ اور دھاری دار پتلون میں نہایت نفیس نظر آرہے تھے۔ جمائما گولڈ سمتھ نے 62 سالہ آئرش بزنس مین کیمرون اورلی سے دوسری شادی کرلی ہے، جمائما کے بھائی نے بھی شادی کی تصدیق کردی۔ جمائما گولڈ سمتھ کی پہلی شادی سابق وزیراعظم عمران خان سے ہوئی تھی۔

سشانت سنگھ کی سابق منیجر کا اجتماعی زیادتی کے بعد قتل، نامور اداکار زیر تفتیش

ایف آئی آر میں آدتیہ ٹھاکرے، اداکار ڈینو موریا اور سورج پنچولی سمیت معروف شخصیات کو تفتیش کا حصہ بنایا گیا ہے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی اداکار سشانت سنگھ راجپوت کی سابق منیجر دیشا سالیان کی موت کا معاملہ چھ سال بعد ایک بار پھر خبروں میں آ گیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سینٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (سی بی آئی) نے کیس میں قتل، اجتماعی زیادتی، مجرمانہ سازش اور شواہد ضائع کرنے جیسے سنگین الزامات کے تحت ایف آئی آر درج کرلی ہے۔ دیشا سالیان 8 جون 2020 کو ممبئی کے علاقے مالاڈ میں واقع ایک رہائشی عمارت کی 14 ویں منزل سے گر کر ہلاک ہوئی تھیں۔ ممبئی پولیس نے واقعے کو حادثاتی موت قرار دیتے ہوئے تحقیقات کی تھیں اور بعدازاں اسے خودکشی قرار دیا گیا تھا۔ تاہم اب کیس کی تفتیش نئے رخ میں داخل ہوگئی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایف آئی آر میں شیوسینا (یو بی ٹی) کے رہنما آدتیہ ٹھاکرے کے علاوہ اداکارہ ریا چکرورتی، اداکار ڈینو موریا اور سورج پنچولی سمیت متعدد معروف شخصیات کے کردار کو بھی تفتیش کا حصہ بنایا گیا ہے۔ سابق مہاراشٹر وزیراعلیٰ ادھو ٹھاکرے، سابق وزیر داخلہ انیل دیش مکھ، ریا کے بھائی شووک چکرورتی، سابق ممبئی پولیس کمشنر پرم بیر سنگھ اور سابق پولیس افسر سچن وازے کے نام بھی رپورٹ میں سامنے آئے ہیں۔ تاہم کسی شخص کا نام ایف آئی آر میں شامل ہونا اس بات کا ثبوت نہیں کہ اس نے کوئی جرم کیا ہے۔ ان تمام افراد کے ممکنہ کردار اور ایف آئی آر میں موجود الزامات کی حقیقت کا تعین اب سی بی آئی کی تحقیقات میں ہوگا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایف آئی آر میں قتل، اجتماعی زیادتی، مجرمانہ سازش، شواہد ضائع کرنے اور غلط معلومات فراہم کرنے سے متعلق دفعات شامل کی گئی ہیں۔ رپورٹس میں ایف آئی آر کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ نامزد افراد کے کردار کو مبینہ جرائم کے ساتھ ساتھ ایسی مبینہ سازش کے تناظر میں بھی دیکھا جائے گا جس کے ذریعے ”جھوٹی خودکشی کی کہانی“ تیار اور پھیلانے، شواہد دبانے، ضائع کرنے یا ان میں مبینہ ردوبدل کی کوشش کی گئی۔

ندا یاسر کی بیٹی سیلا ڈیجیٹل کریئیٹر بن گئیں

سیلا اب فارغ وقت میں سوشل میڈیا پر فیشن، میک اپ اور اسٹائلنگ سے متعلق کانٹینٹ بنانا چاہتی ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کی معروف مارننگ شو میزبان ندا یاسر اور اداکار و ہدایتکار یاسر نواز کی بیٹی سیلا یاسر نے باقاعدہ طور پر ڈیجیٹل کانٹینٹ کریئیشن کا آغاز کردیا۔ 21 سالہ سیلا یاسر نے انسٹاگرام پر اپنی پہلی گیٹ ریڈی ود می ویڈیو شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو اپنے بارے میں دلچسپ باتیں بتائیں۔ سیلا نے بتایا کہ وہ رواں برس جولائی میں برطانیہ سے فیشن ڈیزائننگ میں گریجویشن مکمل کرکے وطن واپس آئی ہیں اور اب فارغ وقت میں سوشل میڈیا پر فیشن، میک اپ اور اسٹائلنگ سے متعلق کانٹینٹ بنانا چاہتی ہیں۔ اپنی پسند ناپسند کا ذکر کرتے ہوئے سیلا نے بتایا کہ انہیں دوستوں کے ساتھ وقت گزارنا، سونا، سفر کرنا اور شاپنگ بے حد پسند ہے، جبکہ موسیقی کے معاملے میں ان کی پسند خاصی مختلف ہے اور وہ کاؤش سے لے کر ہارڈ راک تک سن سکتی ہیں۔ سیلا نے دلچسپ انداز میں کہا کہ اپنے شہر میں وہ زیادہ تیار نہیں ہوتیں، لیکن سفر کے دوران ان کے کسی ریڈ کارپٹ پر موجود مشہور شخصیات کو بھی مقابلہ دے سکتے ہیں۔ انہوں نے فیشن، میک اپ اور اسٹائلنگ میں دلچسپی رکھنے والوں کو اپنا اکاؤنٹ فالو کرنے کی دعوت دیتے ہوئے عندیہ دیا کہ مستقبل میں ان کا کانٹینٹ انہی موضوعات کے گرد ہوگا۔ دوسری جانب ندا یاسر نے بھی بیٹی کے اس نئے سفر کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے ان کی پوسٹ پر لو یو لکھا، جبکہ سیلا کی پہلی ویڈیو کو سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے بھی خاصی پذیرائی مل رہی ہے۔

عالیہ بھٹ کے باہر نکلتے ہی مداحوں نے انہیں گھیر لیا

عالیہ بھٹ جلد سنجے لیلا بھنسالی کی فلم ”لو اینڈ وار“ میں اپنے شوہر رنبیر کپور اور وکی کوشل کے ساتھ نظر آئیں گی، فلم 25 ستمبر کو ریلیز ہوگی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ عالیہ بھٹ کی فلم ڈونٹ بی شائی کے ٹریلر لانچ میں شرکت کے موقع پر تقریب کے باہر ان کے باڈی گارڈ کے ایک مداح کو پیچھے دھکیلنے کا واقعہ بھی خبروں کی زینت بن گیا۔ تقریب سے واپسی کے دوران عالیہ بھٹ کے سیکیورٹی گارڈ نے ایک پرجوش مداح کو پیچھے دھکیل دیا جس کی سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو پر صارفین کی جانب سے مختلف ردعمل سامنے آیا ہے۔ وائرل ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ عالیہ بھٹ کے باہر نکلتے ہی مداحوں نے انہیں گھیر لیا۔ اسی دوران ان کے باڈی گارڈ نے ایک مداح کو پیچھے ہٹایا، جو بظاہر اداکارہ کے ساتھ سیلفی لینے کے لیے ان کے قریب جانے کی کوشش کر رہا تھا۔ مداح نے دوبارہ عالیہ کے قریب جانے کی کوشش کی تو سیکیورٹی گارڈ نے ایک بار پھر اسے روک دیا۔ اس تمام صورتحال کے باوجود عالیہ بھٹ مداحوں کے ساتھ تصاویر بنواتی رہیں اور ان کے چہرے پر کسی خاص ردعمل کا اظہار دکھائی نہیں دیا۔ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے واقعے پر ناپسندیدگی کا اظہار کیا ہے۔ عالیہ بھٹ کی پروڈیوس کردہ فلم ڈونٹ بی شائی میں آروشی بجاج، پیوش کھمی، بیانکا اروڑا اور انش دگل شامل ہیں۔ عالیہ اور ان کی بڑی بہن شاہین بھٹ کی پروڈکشن میں بننے والی یہ فلم 25 ستمبر کو ریلیز ہوگی۔ عالیہ بھٹ جلد سنجے لیلا بھنسالی کی فلم لو اینڈ وار میں اپنے شوہر رنبیر کپور اور وکی کوشل کے ساتھ نظر آئیں گی، جو 21 جنوری 2027 کو ریلیز ہونے والی ہے۔ اس کے علاوہ عالیہ بھٹ آدیش پرساد کی فلم تمباڈ 2 میں نوازالدین صدیقی اور سوہم شاہ کے ساتھ بھی اداکاری کریں گی، جس کی ممکنہ ریلیز 3 دسمبر 2027 بتائی گئی ہے۔

مجھے 41 سال کی عمر میں دوبارہ ماں بننے کی توقع نہیں تھی، ماہرہ خان

کئی برس بعد دوبارہ اس سفر کا آغاز میرے لیے ایک حقیقی جذباتی تبدیلی کا باعث بنا

ٹورنٹو (این این آئی) پاکستانی اداکارہ ماہرہ خان 41 سال کی عمر میں دوسری بار ماں بننے جارہی ہیں، اس تجربے پر کھل کر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ اس بار یہ تجربہ میرے لیے جسمانی اور جذباتی طور پر بالکل مختلف ہے۔ اداکارہ نے ٹورنٹو انٹرنیشنل فلم فیسٹیول میں شرکت کے موقع پر دیے گئے انٹرویو میں اپنے امید سے ہونے کی خوشخبری اور تجربات کے بارے میں بات کی۔ ماہرہ خان نے بتایا ہے کہ مجھے 41 سال کی عمر میں دوبارہ ماں بننے کی توقع نہیں تھی، اس وقت میری زندگی پہلے ہی ایک خاص سمت میں آگے بڑھ رہی تھی، میرا بیٹا بڑا ہو چکا ہے، جبکہ میں اپنے کام، معمولات اور خودمختاری کے ساتھ زندگی گزار رہی ہوں۔ اداکارہ نے کہا کہ اس مرحلے پر میں نے اپنی زندگی کے ایک مخصوص انداز کا تصور کر رکھا تھا، تاہم کئی برس بعد دوبارہ اس سفر کا آغاز میرے لیے ایک حقیقی جذباتی تبدیلی کا باعث بنا۔ ماہرہ خان نے کہا ہے کہ انسان اپنی زندگی کے لیے بہت کچھ سوچتا اور منصوبہ بناتا ہے، لیکن پھر اللہ کی اپنی منصوبہ بندی ہوتی ہے اور یقیناً اس کا منصوبہ سب سے بہتر ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ اس صورت حال نے مجھے یہ سیکھنے میں مدد دی ہے کہ ہر چیز کو اپنے قابو میں رکھنے یا ہر سوال کا جواب پہلے سے جاننے کی ضرورت نہیں، بعض اوقات زندگی کو حیران کرنے اور اللہ کی مرضی کے آگے خود کو سپرد کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اپنے پہلی بار ماں بننے کا حوالہ دیتے ہوئے ماہرہ خان نے بتایا ہے کہ جب میں پہلی بار ماں بنی تھی تو میری عمر 24 سال تھی، جبکہ اب میں 41 سال کی ہوں اور جذباتی اور جسمانی طور پر ایک مختلف عورت ہوں۔ اداکارہ نے کہا ہے کہ میں نے 24 سال کی عمر میں یہ تجربہ ایک خاص معصومیت کے ساتھ کیا تھا، صحت اچھی تھی اور میں ان تمام ممکنہ مشکلات کے بارے میں زیادہ نہیں سوچتی تھی۔ ماہرہ کے مطابق اس بار یہ صورت حال جسمانی طور پر زیادہ مشکل ثابت ہوئی ہے، بعض دنوں میں جسم مجھے وہ کام کرنے کی اجازت نہیں دیتا جو میرا ذہن کرنا چاہتا ہے، جبکہ میں ہمیشہ مصروف رہنے، کام کرنے، سفر کرنے اور بیک وقت کئی کام کرنے کی عادی رہی ہوں۔ انہوں نے کہا ہے کہ جذباتی طور پر بھی یہ تجربہ مختلف ہے کیونکہ اس عمر میں انسان کے اندر زیادہ شعور ہوتا ہے، وہ زیادہ جانتا ہے، زیادہ فکر مند ہوتا ہے اور زندگی کی نزاکت اور اہمیت کو زیادہ سمجھتا ہے۔

محمد رضوان کا ڈریسنگ روم لیکس کی تحقیقات کے بعد پریس کانفرنس کا عندیہ

نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی میں پیشی اور کیس سے متعلق مزید بات کرنے سے گریز کیا

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان نے ڈریسنگ روم لیکس کی تحقیقات مکمل ہونے کے بعد پریس کانفرنس کرنے کا عندیہ دے دیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے محمد رضوان نے کہا کہ وہ تحقیقات میں مکمل تعاون کررہے ہیں اور تحقیقات مکمل ہونے کا انتظار ہے۔ محمد رضوان نے کہا کہ تحقیقات مکمل ہونے کے بعد وہ نیوز کانفرنس بھی کرسکتے ہیں، تاہم انہوں نے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی میں پیشی اور کیس سے متعلق مزید بات کرنے سے گریز کیا۔ یاد رہے کہ 10 ستمبر کو قومی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی امام الحق اور محمد رضوان نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی میں پیش ہوئے تھے، جہاں انگلینڈ سیریز کے دوران مبینہ ڈریسنگ روم لیکس اور موبائل فون سے حاصل ہونے والی معلومات کے معاملے پر دونوں کرکٹرز سے تقریباً دو گھنٹے پوچھ گچھ کی گئی تھی۔ ذرائع کے مطابق دونوں کھلاڑیوں کے موبائل فون ان لاک کرنے اور فرانزک کرانے کے طریقۂ کار کا تعین کیا جارہا ہے، جبکہ موبائل فونز کے فرانزک میں ایک ہفتہ لگ سکتا ہے۔ امام الحق اور محمد رضوان نے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کو جلد تحریری جواب جمع کرانے کی یقین دہانی بھی کرائی ہے۔ ذرائع کے مطابق موبائل فورنزک کے بعد بینک اکاؤنٹس کی جانچ پڑتال یا دیگر امور سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق این سی سی آئی اے نے دونوں کھلاڑیوں سے انگلینڈ میں قیام کے دوران ان کے رابطوں اور ملاقاتوں سے متعلق بھی سوالات کیے، جبکہ موبائل فونز پر ہونے والی گفتگو اور ڈریسنگ روم کی حساس معلومات لیک ہونے کے معاملے پر بھی پوچھ گچھ کی گئی۔

مائیک ہیسن کو قومی ریڈ بال ٹیم کی کوچنگ دینا پی سی بی کی بڑی غلطی ہوگی، تجزیہ کار

وائٹ بال میں ان کے نتائج تسلی بخش نہیں تو ریڈ بال کی ذمہ داری کیوں دی جائے؟ شاہد ہاشمی کا تجزیہ

لاہور (این این آئی) معروف کرکٹ تجزیہ کار اور سینئر صحافی شاہد ہاشمی نے کہا ہے کہ مائیک ہیسن کو قومی ریڈ بال ٹیم کی کوچنگ دینا پی سی بی کی بڑی غلطی ہوگی۔ ایک انٹرویو میں تجزیہ کار شاہد ہاشمی نے کہا کہ وائٹ بال میں ان کے نتائج تسلی بخش نہیں تو ریڈ بال کی ذمہ داری کیوں دی جائے؟ انہوں نے کہا کہ کوچنگ کی توجہ تقسیم ہونے سے ون ڈے ورلڈ کپ پلان متاثر ہوگا، مائیک ہیسن محدود اوورز (وائٹ بال) کی کرکٹ کے تو بہترین کوچ ہیں لیکن انہیں ریڈ بال (ٹیسٹ) ٹیم کی مستقل ذمہ داری سونپنا پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے لیے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے، اس لیے ان کی توجہ ایک ہی فارمیٹ پر مرکوز رہنی چاہیے۔ شاہد ہاشمی کا کہنا تھا کہ مائیک ہیسن خود بھی ریڈ بال کوچنگ میں دلچسپی ظاہر کرچکے ہیں، تاہم حیران کن بات یہ ہے کہ وہ خود تو تینوں فارمیٹس کے لیے الگ الگ کپتانوں کا مطالبہ کررہے ہیں لیکن یہ اصول اپنے لیے لاگو نہیں کررہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اس وقت خاص طور پر ون ڈے ورلڈ کپ کی تیاری پر توجہ دینے کی ضرورت ہے کیونکہ پاکستان 2017 کے بعد سے ون ڈے ورلڈ کپ کے سیمی فائنل تک نہیں پہنچ سکا۔ شاہد ہاشمی کے مطابق پاکستان کے پاس باصلاحیت کھلاڑی موجود ہیں اور اچھی ٹیم بنائی جاسکتی ہے، تاہم اس کے لیے باریک بینی سے منصوبہ بندی اور مسلسل توجہ درکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے بعض ممالک میں ایک ہی کوچ تینوں فارمیٹس کی ذمہ داری سنبھالتا ہے، تاہم وہاں بھی نتائج کا جائزہ لینا ضروری ہے۔

سلو اوور ریٹ، پاکستان کرکٹ ٹیم کو 50 فیصد جرمانہ، 11 چیمپئن شپ پوائنٹس کٹ گئے

ٹیسٹ چیمپئن شپ کے قوانین کے مطابق مقررہ وقت میں کرائے جانے والے ہر کم اوور پر ایک چیمپئن شپ پوائنٹ کی کٹوتی کی جاتی ہے

لاہور (آن لائن) انگلینڈ کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میں سلو اوور ریٹ پر پاکستان کرکٹ ٹیم کو بھاری جرمانے کا سامنا، میچ فیس کا 50 فیصد جرمانہ عائد کرنے کے ساتھ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں قومی ٹیم کے 11 پوائنٹس بھی کاٹ لیے گئے۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے مطابق انگلینڈ کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میں پاکستان کرکٹ ٹیم مقررہ وقت میں 11 اوورز کم کرانے کی مرتکب قرار پائی، جس پر ٹیم کے خلاف سلو اوور ریٹ کی کارروائی کی گئی۔ آئی سی سی میچ ریفری رنجن مدوگالے نے قومی ٹیم پر میچ فیس کا 50 فیصد جرمانہ عائد کرنے کے ساتھ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں 11 پوائنٹس کی کٹوتی کی سزا بھی سنادی۔ قوانین کے تحت سلو اوور ریٹ پر ہر کم اوور کے عوض میچ فیس کا 5 فیصد جرمانہ عائد کیا جاتا ہے، تاہم زیادہ سے زیادہ جرمانہ 50 فیصد تک ہوسکتا ہے۔ پاکستان ٹیم 11 اوورز کم کرانے کی مرتکب قرار پائی، جس کے باعث قومی ٹیم پر مقررہ زیادہ سے زیادہ 50 فیصد میچ فیس جرمانہ عائد کیا گیا۔ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے قوانین کے مطابق مقررہ وقت میں کرائے جانے والے ہر کم اوور پر ایک چیمپئن شپ پوائنٹ کی کٹوتی کی جاتی ہے۔ اسی قانون کے تحت پاکستان کے مجموعی طور پر 11 پوائنٹس کاٹ لیے گئے، جس سے ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں قومی ٹیم کی پوزیشن اور پوائنٹس ٹیبل پر اس کے امکانات متاثر ہوسکتے ہیں۔ قومی کپتان بابر اعظم نے سلو اوور ریٹ کی خلاف ورزی تسلیم کرلی، جس کے بعد معاملے پر باقاعدہ سماعت کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ آن فیلڈ امپائرز پال ریفل اور کرس گیفانی جبکہ تھرڈ امپائر کی جانب سے پاکستان کے سلو اوور ریٹ کے حوالے سے شکایت درج کروائی گئی تھی، جس کی بنیاد پر آئی سی سی نے کارروائی کرتے ہوئے سزا سنائی۔

امریکا کی چار رکنی ٹیم نے ڈسک گالف کا نیا عالمی ریکارڈ بنا دیا

ڈسک گالف کا ہول مکمل کرنے کا تیز ترین وقت ریکارڈ کیا۔ ٹیم نے یہ کارنامہ صرف 3. 44 سیکنڈز میں انجام دیا

آئیڈاہو (آن لائن) امریکی ریاست آئیڈاہو میں چار رکنی ٹیم نے ڈسک گالف کا ہول مکمل کرنے کا نیا گنیز ورلڈ ریکارڈ قائم کردیا۔ ڈیوڈ رش، ان کے دوست ٹریوس ڈیوڈسن اور ڈیوڈسن کے بیٹوں اینڈرز اور اولیور نے مل کر چار افراد کی ٹیم کے ذریعے ڈسک گالف کا ہول مکمل کرنے کا تیز ترین وقت ریکارڈ کیا۔ ٹیم نے یہ کارنامہ صرف 31.44 سیکنڈز میں انجام دیا لیکن اس کامیابی کے لیے انہیں 60 مرتبہ کوشش کرنا پڑی۔ گنیز ورلڈ ریکارڈز کے قوانین کے مطابق ریکارڈ کے لیے ہول کی لمبائی کم از کم 200 میٹر ہونا ضروری تھی، جس کے لیے ٹیم نے ملارڈ پارک میں موجود پی ڈی جی اے سے تصدیق شدہ ہول کا انتخاب کیا۔ ڈیوڈ رش (جو 200 سے زائد گنیز ورلڈ ریکارڈز اپنے نام کرچکے ہیں) کے مطابق ابتدائی درجنوں کوششیں ناکام رہیں۔ البتہ 60 ویں کوشش میں تمام کھلاڑیوں کے شاٹس بہترین انداز میں مکمل ہوئے۔ ڈیوڈ رش نے بتایا کہ انہوں نے مضبوط ڈرائیو ماری، ٹریوس نے بہترین شاٹ کھیلا، اولیور نے رفتار برقرار رکھی جبکہ اینڈرز نے ڈسک کو ہدف کے قریب پہنچا دیا۔ اس کے بعد رش نے تقریباً 14 سیکنڈ تک تیز رفتاری سے چڑھائی پر دوڑتے ہوئے ڈسک اٹھائی اور اسے باسکٹ میں ڈال کر ریکارڈ مکمل کردیا۔ ٹیم کی مسلسل 60 کوششوں کے بعد حاصل ہونے والی یہ کامیابی ڈسک گالف کی دنیا میں ایک منفرد کارنامہ قرار دی جارہی ہے۔

نوجوان سائیکلسٹ سردار سالار احمد سندھو کا لاہور سے سرن ویلی تک سائیکل مہم کا آغاز

سفر کے دوران گوجرانوالہ، جہلم، کھاریاں، راولپنڈی اور مری سمیت مختلف مقامات پر سالار احمد کا پرتپاک استقبال کیا گیا

لاہور (این این آئی) ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی کے تعاون سے نوجوان سائیکلسٹ سردار سالار احمد سندھو نے لاہور سے خیبر پختونخوا کے ضلع مانسہرہ سرن ویلی تک منفرد سائیکل مہم کا آغاز کر دیا ہے اس حوالے سے ڈائریکٹر جنرل سپورٹس محمد طارق قریشی نے بتایا کہ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب اس مہم کو کامیاب بنانے اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے پورے راستے میں انتظامی معاونت فراہم کر رہا ہے۔ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے افسران نے سفر کے دوران گوجرانوالہ، جہلم، کھاریاں، راولپنڈی اور مری سمیت مختلف مقامات پر سالار احمد کا پرتپاک استقبال کیا۔ محمد طارق قریشی نے کہا کہ پنجاب یوتھ افیئرز اینڈ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں بہترین کارکردگی دکھانے کے لیے بھرپور مواقع فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہا ہے، سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب سپورٹس کے بڑے ایونٹس کا انعقاد کر رہا ہے تاکہ نوجوانوں کو اپنی کھیلوں کی صلاحیتوں کے مظاہرے کے لیے مواقع مل سکیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سائیکلنگ مہم کا بنیادی مقصد کھیلوں کے ذریعے عالمی برادری کے سامنے پاکستان کا مثبت چہرہ اجاگر کرنا اور یہ پیغام دینا ہے کہ پاکستانی نوجوان امن پسند، پرعزم اور بہادری کے ساتھ ہر چیلنج پر قابو پانے کی صلاحیت رکھتے ہیں، اس مہم کا مقصد نوجوانوں میں کھیلوں کے فروغ کے ساتھ ساتھ عزم، بہادری، امید اور ثابت قدمی جیسی اقدار کو اجاگر کرنا بھی ہے۔ ڈی جی سپورٹس پنجاب نے مزید کہا کہ یہ اقدام نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور باصلاحیت، بہادر نوجوانوں کو کھیلوں کی سرگرمیوں کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کے مظاہرے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی ترجیح ہے۔ منفرد سائیکل مہم 8 ستمبر کی صبح شروع ہوئی اور تاریخی گرینڈ ٹرنک جی ٹی روڈ کے راستے 1000 کلومیٹر سے زائد کا فاصلہ طے کرے گی۔

ٹرافی نہ لینے کا فیصلہ بھارتی بورڈ نے کیا، بھارتی ٹیم کے کوچ کا بیان آگیا

ٹرافی نہ لینا سپورٹس مین سپرٹ کے خلاف نہیں ہے، ہمارے لیے یہ ٹورنامنٹ ختم ہوچکا ہے اور ہم چیمپئن ہیں، امول مزدمدار

دبئی (آن لائن) چیئرمین اے سی سی محسن نقوی سے ایشیا کپ کی ٹرافی وصول نہ کرنے پر بھارتی ویمنز ٹیم کے ہیڈ کوچ کا بیان سامنے آگیا۔ اتوار کو بھارتی ویمنز ٹیم نے ویمنز ایشیا کپ میں دفاعی چیمپئن سری لنکا کو شکست دے کر 8 ویں بار ایشیا کپ کا ٹائٹل جیت لیا تاہم بھارتی ٹیم ڈریسنگ روم کے باہر دائرہ بنا کر موجود رہی اور گراؤنڈ میں نہیں آئی جس کے باعث بھارتی ٹیم کے بغیر ہی تقریب مکمل ہوئی اور بھارتی ویمنز ٹیم نے ٹرافی وصول نہیں کی جس پر ٹرافی اے سی سی نے رکھ لی۔ چیئرمین اے سی سی محسن نقوی سے ایشیا کپ کی ٹرافی وصول نہ کرنے پر بھارتی ویمنز ٹیم کے کوچ امول مزدمدار نے بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ بھارتی کرکٹ بورڈ نے کیا ہے اور ہم اس کے ساتھ کھڑے ہیں۔ میچ کے بعد پریس کانفرنس کے دوران بھارتی ویمنز ٹیم کے ہیڈ کوچ نے کہا کہ ٹرافی نہ لینا سپورٹس مین سپرٹ کے خلاف نہیں ہے، ہمارے لیے یہ ٹورنامنٹ ختم ہوچکا ہے اور ہم چیمپئن ہیں۔ پریس کانفرنس میں بھارتی ویمنز ٹیم کے کوچ سے سوال کیا کہ ویمنز ایشیا کپ کی ٹرافی آپ کو کب ملے گی؟ جس پر جواب دیتے ہوئے بھارتی کوچ نے کہا کہ ٹرافی کے بارے میں تو ہمیں کچھ نہیں معلوم، کوئی خبر نہیں کہ ٹرافی کب ملے گی، ویمنز ٹیم نے ٹرافی نہ لینے کا فیصلہ بھارتی کرکٹ بورڈ کی ہدایت پر کیا۔ بھارتی کوچ نے کہا کہ بڑے بورڈ پر لکھا تھا کہ بھارت 'ایشیا کپ 2026 کا چیمپئن' ہے۔ ہمارے لیے یہ ٹورنامنٹ باضابطہ طور پر ختم ہوچکا ہے اور اب ہماری نظریں ایشین گیمز پر ہیں۔ ذرائع کے مطابق ویمنز ایشیا کپ کی فاتح بھارتی ٹیم کو ٹرافی دینے کا پروٹوکول پہلے سے مکمل طور پر طے تھا اور ٹرافی بھارتی ٹیم کو پیش کرنے کے لیے دستیاب بھی تھی، تاہم بھارتی ٹیم نے خود ٹرافی وصول نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ گزشتہ سال بھارتی ٹیم کی ٹرافی بھی اب تک دستیاب ہے اور صرف اس کی وصولی کا انتظار ہے، جبکہ موجودہ ویمنز ایشیا کپ کی ٹرافی بھی بھارتی ٹیم کو دینے کے لیے تیار تھی۔ اے سی سی ذرائع کا کہنا ہے کہ بھارتی ٹیم کے اس فیصلے کے باوجود ایشین کرکٹ کونسل کے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی اور کرکٹ کو کھیل ہی کے طور پر آگے بڑھانے کی پالیسی برقرار ہے۔

بقیہ صباء 1

جبکہ 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان کو 10 لیٹر پٹرول کا ریلیف دیا جائے گا، رجسٹریشن کیلئے صارف کا موبائل سم اور شناختی کارڈ ایک ہی نام پر ہونا لازمی ہے۔ پی ٹی آئی کے دھڑوں کی کال کھوکھلی ہے، بہتر ہوگا یہ جماعت دھڑوں کی سیاست چھوڑ کر عوام کی خدمت کی سیاست اپنائے۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک اور شزہ فاطمہ کے ہمراہ وزیراعظم فیول ریلیف اسکیم کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے ان لوگوں کیلئے خصوصی ریلیف اسکیم کا اجرا کیا ہے جن پر تیل کی قیمتوں میں اضافے کا سب سے زیادہ بوجھ پڑا اس نوعیت کا نظام اس سے پہلے بھی متعارف نہیں کروایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ریلیف حاصل کرنے کیلئے 9771 سے موصول ہونے والا کوڈ پٹرول پمپ پر دکھانا ہوگا، وزیراعظم کی خصوصی ہدایت ہے کہ ریلیف کی سہولت ملنے کے بعد کرایوں میں اضافہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کفایت شعاری کیلئے متعدد اقدامات کر رہی ہے، کچھ اقدامات جاری رکھے گئے ہیں جبکہ بجٹ کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی حکومت ہے، بہتر ہوتا کہ وہ ماڈل گورننس کی مثالیں سامنے لاتی، مگر دھڑوں کی کال کھوکھلی ہے۔ پی ٹی آئی اپنے ساڑھے 12 سالہ دور حکومت کا کوئی ایک ایسا منصوبہ بتائے جسے ماڈل پراجیکٹ قرار دیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی دھڑوں کی سیاست چھوڑ کر عوام کی خدمت کی سیاست اپنائے، مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے ہمیشہ خدمت کی سیاست کو شعار بنایا، دانش اسکول اور میٹرو بس جیسے مثالی منصوبے دیے گئے جبکہ پنجاب حکومت کے منصوبوں کو دنیا بھر میں پذیرائی مل رہی ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم نے وعدہ کیا تھا کہ تنخواہ دار طبقے کیلئے بجٹ میں گنجائش پیدا کی جائے گی، اسی وعدے کے تحت ٹیکس سلیبس میں کمی کی گئی، ایکسپورٹرز نے بھی بجٹ کو سراہا۔ آئی ایم ایف پروگرام میں رہتے ہوئے ایسی اصلاحات کی گئیں جنہیں عالمی سطح پر پذیرائی ملی۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کے باعث بحری جہازوں کی نقل وحمل متاثر ہوئی ہے، تاہم آئل سپلائی کے انتظامات کے باعث لوڈشیڈنگ کو کم سے کم رکھنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ بجلی کے شعبے میں تاریخی اصلاحات کی گئیں، آئی پی پیز کا مسئلہ حل کیا گیا اور عوام کیلئے گنجائش پیدا کی گئی، پاور سیکٹر میں مزید اصلاحات پر بھی بھرپور توجہ ہے۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے بریفنگ میں کہا کہ حکومت نے عالمی تیل بحران کے دوران عوام کو ریلیف دینے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے، نجی ریفائنریوں نے وزیراعظم کی اپیل پر ریفائنڈ مصنوعات کے فارمولے میں تبدیلی کی جبکہ مقامی طور پر پیدا ہونے والے ڈیزل کی لاگت کے مطابق اسے سستا فراہم کرنے کیلئے اقدامات کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں قیمتیں کم ہونے کی صورت میں اس کمی کا فائدہ شفاف انداز میں عوام تک منتقل کیا جائے گا، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں شفافیت حکومت کی ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ یکم جولائی سے پٹرول پمپ کی قیمت میں شامل ہر عنصر کی تفصیلات اوگرا کی ویب سائٹ پر اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں جاری کی گئی ہیں، کلائمٹ اور خام تیل سے متعلق اعداد وشمار بھی دستیاب ہیں۔

بقیہ صباء 2

اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں فیول ریلیف سکیم کے لیے 75 ارب روپے کی ٹیکنیکل سپلیمنٹری گرانٹ بھی منظور کی گئی۔ اعلامیے کے مطابق کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے وزیراعظم کے فیول ریلیف پیکیج کی منظوری دیتے ہوئے کم آمدن والے طبقے کے لیے پٹرول ریلیف سکیم کے تحت موٹر سائیکل اور رکشہ صارفین کو ہفتہ وار 500 روپے جبکہ 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے صارفین کو ہر 10 روز میں 1000 روپے کا فیول ریلیف دینے کی منظوری دے دی۔ دوسری جانب اعلامیے میں بتایا گیا کہ فیول ریلیف اسکیم صرف غیر کمرشل صارفین کے لیے مختص ہوگی اور ایک صارف یا مالک صرف ایک گاڑی کے لیے ریلیف حاصل کرسکے گا۔ ریلیف کی شفاف فراہمی یقینی بنانے کے لیے ڈیجیٹل فیول پاس سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جسے وزارت آئی ٹی تیار اور نافذ کرے گی۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد کم آمدن والے طبقے کو ریلیف دینے کے لیے یہ اقدامات کیے گئے ہیں۔ اجلاس میں پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) کی ملکیت اور انتظامی کنٹرول کی تنظیم نو کے فریم ورک کی بھی منظوری دی گئی۔ پی این ایس سی کی تنظیم نو سے متعلق نجکاری وزیر کی سربراہی میں کمیٹی کی سفارشات منظور کرلی گئیں۔ ای سی سی نے موجودہ آئل ریفائنریوں کی اپ گریڈیشن کے لیے ڈرافٹ اپ گریڈ معاہدے کی منظوری دیتے ہوئے منصوبوں کی تکمیل کے لیے پانچ سال کی مدت مقرر کردی۔ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے مالی معاملات نمٹانے کی تجویز بھی منظور کی گئی۔ اجلاس میں جولائی 2025 سے جون 2026 تک کے غیر ایڈجسٹ شدہ سیلز ٹیکس کلیم نمٹانے کا فیصلہ کیا گیا، جبکہ او ایم سیز کے سیلز ٹیکس کلیم کی ادائیگی آئی ایف ای ایم کے ذریعے کرنے کی منظوری دی گئی۔ اقتصادی رابطہ کمیٹی نے استعمال شدہ گاڑیوں کی کمرشل درآمد سے متعلق معاملہ موخر کر دیا

بقیہ صباء 3

کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ بلوچستان اس وقت انتہائی تشویشناک، نازک اور مخدوش صورتحال سے دوچار ہے، ایک طرف بدامنی، بے یقینی، معاشی مشکلات اور سیاسی عدم استحکام نے عوام کو شدید اضطراب میں مبتلا کر رکھا ہے جبکہ دوسری جانب سیاسی سطح پر ایک دوسرے کے خلاف جارحانہ بیانات، الزام تراشی اور باہمی محاذ آرائی کا سلسلہ صوبے کے پہلے سے مایوس اور مضطرب عوام کی بے چینی میں مزید اضافہ کر رہا ہے، ایسے حالات میں سیاسی قیادت اور تمام ذمہ دار اسٹیک ہولڈرز کو محض سیاسی بیان بازی، پوائنٹ اسکورنگ اور ایک دوسرے کو مورد الزام ٹھہرانے کے بجائے سنجیدہ، حقیقت پسندانہ، قابل عمل اور نتیجہ خیز حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی، اگر موجودہ معروضی حالات سے نکلنے کے لیے اب تک بامقصد تجاویز، واضح ترجیحات اور قابل عمل لائحہ عمل مرتب کیا جاتا تو صورتحال میں بہتری کے لیے خاطر خواہ پیش رفت ہو چکی ہوتی،، انہوں نے کہا کہ دھاندلی زدہ انتخابات اور انتخابی عمل میں ہونے والی بے ضابطگیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والی سیاسی جماعت جمعیت علماء اسلام ہے، جمعیت کو انتخابات اور سیاسی عمل کے حوالے سے سنگین تحفظات ہیں، تاہم ان تحفظات کے باوجود جمعیت نے غیر ذمہ دارانہ طرز سیاست، انتشار اور محاذ آرائی کے بجائے ہمیشہ قومی وصوبائی مفاد، سیاسی استحکام اور عوام کے وسیع تر مفاد کو مقدم رکھا ہے اور بلوچستان کو موجودہ بحران سے نکالنے، سیاسی قوتوں کے درمیان رابطے اور مفاہمت پیدا کرنے اور عوامی مسائل کو ہر فورم پر اجاگر کرنے کے لیے اپنا موثر اور ذمہ دارانہ کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی اس قومی وصوبائی ذمہ داری سے پیچھے نہیں ہٹے گی، اختلاف رائے جمہوریت کا بنیادی تقاضا ہے لیکن سیاسی اختلاف، سیاسی رقابت کو قومی تقسیم میں تبدیل کرنا کسی صورت بلوچستان کے مفاد میں نہیں، موجودہ حالات سیاسی قیادت سے تحمل، تدبر، دوراندیشی اور بالغ نظری کا تقاضا کرتے ہیں، قومی امور میں بحیثیت ذمہ دار پاکستانی اپنے آئینی، قومی اور اجتماعی فرائض کی ادائیگی ہر شہری کی ذمہ داری ہے، سیاسی معاملات میں اتفاق رائے، سنجیدگی، باہمی مشاورت اور سیاسی تدبر کو فروغ نہ دیا گیا تو مسائل کے حل کے بجائے معاملات مزید پیچیدہ اور بحران سنگین تر ہوتے جائیں گے

بقیہ صباء 4

علی ارباب، محمد اقبال آفریدی، ڈاکٹر امجد علی، جنید اکبر، شاہد خٹک، زبیر وزیر، عمر ایوب، ارشد عمر ترکی، وزیر عالم، میاں عمر، اختر خان، ہمایوں خان، یونس خان، عبدالکبیر خان، شکیل انجم، آصف محسود، عجب گل، محمد عثمان، بابر سلیم سواتی، عرفان سلیم، ایڈووکیٹ علی زمان اور ملک شہاب کے پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ دستیاب ریکارڈ کے مطابق ملزمان اس مقدمے میں نامزد ہیں، تفتیشی افسر کے مطابق ملزمان قانونی عمل سے بچنے کیلئے ملک سے فرار ہو سکتے ہیں، ملزمان پر ریاستی اداروں پر حملے اور دہشت گردی کے فروغ جیسے سنگین الزامات ہیں، ملزمان عدالت کے روبرو پیش ہونے میں بھی ناکام رہے۔ عدالت نے کہا کہ جن ملزمان نے عبوری ضمانت حاصل کی وہ بھی مقدمے میں شامل تفتیش نہیں ہوئے، تفتیشی افسر کی ملزمان کے پاسپورٹ بلاک کرنے کی درخواست منظور کی جاتی ہے، ایف آئی اے کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ اگلے احکامات تک ملزمان کے پاسپورٹ بلاک کردے۔ پولیس کی جانب سے تھانہ کوہسار کے مقدمہ میں پاسپورٹ بلاک کرنے کی درخواست کی تھی، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے پاسپورٹ بلاک کرنے کا فیصلہ جاری کیا۔

بقیہ صباء 5

موثر کارروائیاں امن دشمن قوتوں کے لیے واضح پیغام ہیں۔ ایک بیان میں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف بروقت اور موثر کارروائی کر کے پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے، جس پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی ریاستی اداروں کے مضبوط عزم کا مظہر ہے، دہشت گرد عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے حکومت اور ریاستی اداروں کے پختہ عزم کی عکاس ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل قدر ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ریاستی اداروں کی کارروائیاں جاری رہیں گی اور آخری دہشت گرد کے خاتمے تک دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔

بقیہ صباء 6

مانگتے ہیں، انہیں تاریخ کا آئینہ دکھانے سے پہلے اپنے سیاسی کردار پر نظر ڈالنی چاہیے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ باتیں انقلاب کی اور معاملات ڈیل کے، دن میں مزاحمت اور رات میں ڈیل، پھر بھی دعویٰ انقلاب کا۔ انہوں نے سیاسی طرز عمل میں اس تضاد کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ عوام اور تاریخ سیاسی دعووں کے بجائے عملی کردار کو دیکھتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اپنے ردعمل کے اختتام پر معروف شعر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا" ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ دیتے ہیں دھوکا یہ بازی گر کھلا" اس سے قبل معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے اپنی ٹوئٹ میں سردار اختر مینگل کے مبینہ طور پر نازیبا طرز گفتگو پر ردعمل دیتے ہوئے کہا تھا کہ سیاسی قوتیں اور سیاسی قیادت اگر سیاسی انداز میں بات کریں گی تو جواب بھی سیاسی انداز میں دیا جائے گا، یہی سیاسی تربیت، جمہوری رویہ اور اختلاف رائے کا سلیقہ ہے شاہد رند نے کہا تھا کہ اگر گفتگو مغلظات اور گالم گلوچ تک لے جائی جائے تو پھر تاریخ بھی اپنا فیصلہ سناتی ہے۔ انہوں نے ماضی کے بعض سیاسی واقعات اور کرداروں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ تاریخ کے کرداروں پر لیکچر دینے سے پہلے اپنے ماضی کے آئینے میں جھانک لینا چاہیے۔ معاون وزیراعلیٰ نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر لکھا کہ بلوچستان میں ریاستی ادارے دہشت گردی کے خلاف میدان میں برسر پیکار ہیں اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کررہے ہیں

بقیہ صباء 7

انصاف اور آزادی کا فروغ، عوامی رائے کا احترام، انسانی وقار کا تحفظ اور قانون کی بالادستی سے وابستگی کا اعادہ کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جمہوری نظام حکومت میں اختیارات عوام کے منتخب نمائندوں کے ذریعے عوامی بہبود کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ پارلیمان ملک کا مرکزی جمہوری ادارہ ہے جو عوام کی نمائندگی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان ریاست اور شہریوں کے مابین تعلق کو قانونی شکل میں بیان کرتا ہے۔ آئین کا آرٹیکل 25 ہر شہری کے مساوی حقوق اور قانون کی نظر میں برابری کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ قومی سطح پر آئین پاکستان، وفاق کی تمام اکائیوں، قومی اداروں کے باوقار مقام اور نظم ونسق کو متعین کرتا ہے، پاکستان کا وفاقی پارلیمانی جمہوری نظام، مفاد عامہ اور اسلامی اساس کے مطابق قانون سازی کا اختیار رکھتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عصر حاضر کے بدلتے تقاضوں کی پیش نظر عوامی امنگوں اور عوامی ضروریات کے مطابق قوانین وضع کرنا پارلیمنٹ کے فرائض میں شامل ہے، موجودہ دور کے چیلنجز کا موثر طور پر مقابلہ کرنے اور ایک خوشحال مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم عوامی فلاح کی ضامن بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئین پاکستان قومی زندگی کے تمام شعبوں میں خواتین کی بھرپور شرکت کو یقینی بنانے کا واضح عزم کا اظہار کرتا ہے۔ وفاقی اور صوبائی قانون ساز اداروں میں خواتین کے لیے مخصوص نشستیں خواتین کی موثر نمائندگی کے لئے مقرر کی گئی ہیں، ریاست اقلیتوں کے حقوق وفرائض اور مفادات کے تحفظ کی پابند ہے۔ وفاقی اور صوبائی قانون ساز اداروں میں غیر مسلم اقلیتوں کے لیے بھی خصوصی نشستیں رکھی گئی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی سطح پر پاکستان اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کا ادراک رکھتا ہے اور جمہوری اصولوں کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کے متعین کردہ پائیدار ترقی کے اہداف بشمول جمہوریت کا فروغ، امن وانصاف اور مضبوط اداروں کے قیام کے لیے پاکستان مربوط کاوشیں کررہا ہے، آیئے آج کے دن عہد کریں کہ اہم بہترین پارلیمانی روایات سے ہم آہنگ جمہوری اقدار کے فروغ، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ملک کے لیے ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لئے مشترکہ سفر جاری رکھیں گے۔

بقیہ صباء 8

ہوئے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے لبنانی قیادت کے لیے نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور لبنان کے دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کا جائزہ لیا گیا۔ دونوں جانب سے داخلی امور اور سکیورٹی کے شعبوں میں بڑھتے ہوئے تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ وزیراعظم نے لبنان کے خلاف اسرائیلی جارحیت کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی۔ انہوں نے اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں اور املاک کے نقصان پر گہری ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے مشکل وقت میں پاکستانی حکومت اور عوام کی جانب سے لبنانی قیادت اور عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اعادہ کیا۔ انہوں نے لبنان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی مستقل حمایت کا بھی یقین دلایا۔ لبنانی وزیر داخلہ نے وزیراعظم کی جانب سے پرتپاک استقبال پر شکریہ ادا کیا اور پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لبنان کے عزم کا اعادہ کیا۔ بعدازاں وزیراعظم نے پاکستان اور لبنان کے درمیان سزا یافتہ افراد کی منتقلی سے متعلق مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب میں بھی شرکت کی۔ اس مفاہمتی یادداشت پر پاکستان اور لبنان کے متعلقہ وزرائے داخلہ نے دستخط کیے۔ اس مفاہمتی یادداشت کے تحت سزا یافتہ شہریوں کو اپنی باقی ماندہ سزا اپنے ملک میں مکمل کرنے کے لیے قانونی طریقہ کار فراہم کیا گیا ہے

بقیہ صباء 9

کی جانب متعدد بیلسٹک میزائل فائر کیے، یہ میزائل شمالی کوریا کے ونسان کے علاقے سے داغے گئے جو تقریباً 250 کلومیٹر تک پرواز کرنے کے بعد سمندر میں جا گرے۔ جنوبی کورین خبر ایجنسی کے مطابق یہ میزائل ایسے وقت میں فائر کیے گئے جب حال ہی میں جنوبی کوریا، امریکا اور جاپان نے مشترکہ فوجی مشقیں مکمل کی ہیں جن کا مقصد شمالی کوریا کے ممکنہ خطرات سے نمٹنا تھا۔ گزشتہ ماہ شمالی کوریا نے ان مشترکہ فوجی مشقوں کے منصوبوں کو شمالی کوریا اور خطے کے دیگر ممالک کیلئے خطرہ قرار دیتے ہوئے شدید تنقید کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق ہفتے کے روز ہونے والا یہ تجربہ گزشتہ ماہ کے آغاز سے شمالی کوریا کا چوتھا میزائل تجربہ ہے۔ اس سے قبل شمالی کوریا نے 8 اگست، 12 اگست اور 20 اگست کو اسی نوعیت کے متعدد بیلسٹک میزائلوں کے تجربے کیے تھے۔

بقیہ صباء 10

حملوں کو بین الاقوامی قوانین اور انسانی اصولوں کی خلاف ورزی قرار دیا اور کہا ان حملوں کے باوجود ایرانی قوم مزید متحد ہوئی۔ ایرانی صدر نے ایران کے جوہری پروگرام پر امریکی اور اسرائیلی اعتراضات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ایران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی کوشش نہیں کر رہا، امریکا اور اسرائیل نے مذاکرات کے دوران حملہ کیا، تہران معاہدے کے قریب تھا، ایران نے ایک فریم ورک پر اتفاق کیا لیکن امریکی صدر ٹرمپ نے اسے مسترد کردیا۔ صدر مسعود پزشکیان نے متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، پاکستان، قطر، روس اور چین سمیت ہمسایہ ممالک کے ساتھ ایران کے تعلقات کو دوستانہ قرار دیا اور کہا خطے میں امریکی فوجی اڈے بنیادی مسئلہ ہیں۔

بقیہ صباء 11

14 پروازیں منسوخ جبکہ 30 تاخیر کا شکار ہوئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق منسوخ ہونے والی پروازوں میں سعودی عرب کے مختلف شہروں، دبئی، بحرین، قطر اور ترکیہ کی پروازیں شامل ہیں۔ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور سے 10، اسلام آباد ایئرپورٹ سے 9 جبکہ کراچی سے 14 پروازیں منسوخ ہوئیں۔ ملتان اور پشاور ایئرپورٹس سے بھی 4 پروازیں منسوخ کی گئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے مدینہ منورہ، جدہ، ریاض، دبئی، شارجہ، قطر، ترکیہ اور لندن جانے والی 15 پروازوں میں 3 سے 7 گھنٹے کی تاخیر ہوئی۔ پروازوں کی منسوخی اور تاخیر سے روانگی کے باعث مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ پروازوں کی منسوخی اور تاخیر سے روانگی کی وجہ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی اور برطانیہ میں ریڈار سسٹم میں خرابی بتائی گئی ہے۔

بقیہ صباء 12

ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران اور خلیجی ممالک کے درمیان کشیدگی میں جیت صرف اسرائیل کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا اور اسرائیل نے فروری میں ایران کے خلاف جنگ شروع کر کے جنگی جرائم کا ارتکاب کیا، اس جنگ میں ہزاروں شہری شہید ہوئے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسماعیل بقائی نے فضائی حملوں میں جاں بحق ہونے والے متعدد ایرانیوں کے نام بھی گنوائے، جن میں وہ بچے بھی شامل ہیں جو ایک فٹ بال گراؤنڈ میں حملے کے دوران مارے گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی صیہونی دشمن نے حملوں کے دوران کلسٹر بموں کا استعمال کیا، جو تمام انسانی معیار واقدار کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ اسماعیل بقائی نے صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ امریکا نے ایرانی جزیرے ہنگام کے نزدیک ایرانی تجارتی بحری جہاز پر حملہ کیا، جس کے نتیجے میں 1 شخص جاں بحق، جبکہ 2 پاکستانیوں سمیت کئی افراد زخمی ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ حملے میں زخمی ہونے والے افراد بحری جہاز پر کام کررہے تھے۔ امریکا اور اسرائیل خلیج فارس میں سلامتی کو مسلسل نشانہ بنارہے ہیں۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ ایران یمن کے معاملات میں مداخلت نہیں کرتا اور یمن میں جو کچھ ہو رہا ہے، اس سے ہمارا کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے ممالک یمن میں جاری واقعات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایران اور خطے کے دیگر ممالک کے درمیان اختلافات پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ عمان اور ایران نے آبنائے ہرمز کے انتظام سے متعلق دو طرفہ حکمت عملی اختیار کرنے کے لیے مشترکہ فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیر کو مسقط میں خلیجی ممالک کے حکام کے ساتھ طے شدہ اجلاس ان فیصلوں کی اہمیت واضح کرنے کا ایک موقع تھا، تاہم یمن میں رونما ہونے والے واقعات کے باعث یہ اجلاس منسوخ کر دیا گیا۔

بقیہ صباء 13

ہوگا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایک انٹرویو میں عاصم افتخار احمد نے کہا کہ پاکستان مشرق وسطیٰ میں تنازع کے خاتمے میں کردار ادا کررہا ہے، ہماری کوشش ہے کہ تنازع کا پرامن اور بین الاقوامی قوانین کے تحت حل نکلے۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ سیز فائر ہو، کشیدگی کم ہو اور لوگوں کو مذاکرات کی میز پر لائیں، سکیورٹی کونسل کا چارٹر تنازعات کو جنگ نہیں مذاکرات کے ذریعے حل کرنا ہے۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ کسی معاہدے میں تینوں ممالک شامل ہیں، بلکہ معاہدے میں ہم اضافی ذمہ داری لے رہے ہیں، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ صورتحال مثبت سمت کی جانب جا رہی ہے، ہمیں اس کا ادراک ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ہمیں کردار ادا کرنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد خطے میں امن واستحکام ہے، ایران امریکا تنازع کو دنیا دیکھ رہی تھی کہ کیا ہوگا، ایران امریکا تنازع میں جن ممالک نے کردار ادا کیا اس میں پاکستان سرفہرست ہے۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ فلسطین، کشمیر کے تنازعات کو سکیورٹی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل کرنا ہے، یہ کہنا درست نہیں کہ اقوام متحدہ امن میں کردار ادا نہیں کر رہا۔

بقیہ صباء 14

امریکا ایران کے ساتھ ایسا کوئی معاہدہ تسلیم نہیں کرے گا جو امریکی مفادات کے لیے بہتر نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے ساتھ کسی بھی سمجھوتے میں امریکا کے لیے مناسب شرائط کو یقینی بنایا جائے گا۔ امریکی صدر نے خلیجی ممالک کی جانب سے ایران کے ساتھ ملاقات یا رابطے پر بھی اعتراض نہیں کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ان ممالک کا اپنا فیصلہ ہے۔ ٹرمپ نے مزید دعویٰ کیا کہ ایران جنگ ختم ہوتے ہی امریکا میں پٹرول کی قیمتیں تیزی سے نیچے آ جائیں گی۔ تاہم عالمی توانائی کی صورتحال بدستور کشیدہ ہے اور آبنائے ہرمز سمیت خطے میں جاری بحران نے تیل کی قیمتوں پر دباؤ برقرار رکھا ہے۔

بقیہ صباء 15

گروہوں کے مذموم عزائم کو بروقت ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو شاندار خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کارروائی سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی عزم مزید واضح ہوگیا ہے۔ میر ظہور بلیدی کا کہنا تھا کہ مستونگ آپریشن سکیورٹی فورسز کی بروقت حکمت عملی اور ان کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ ملک دشمن عناصر کو کسی صورت بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ دہشت گردی کے خلاف سکیورٹی اداروں کی بے مثال جدوجہد پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے، اور صوبے کے غیور عوام اپنے تحفظ اور مستقبل کے امن کے لیے سکیورٹی فورسز کی تمام تر خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشت گرد گروہوں کے خلاف یہ کارروائی ایسے تمام عناصر کے نیٹ ورک کے لیے ایک واضح وارننگ ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کی زیرو ٹالرنس پالیسی ہر سطح پر بلاتعطل جاری رہے گی۔ دہشت گردی کے خلاف قومی یکجہتی اور ہمارے سکیورٹی اداروں کی لازوال قربانیاں ہی پائیدار امن کی اصل ضمانت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن، استحکام اور ترقی کے سفر میں رکاوٹ بننے والی تمام قوتوں کو عبرتناک شکست دی جائے گی اور دہشت گردی کے مکمل سدباب تک ان عناصر کے خلاف کارروائیوں کا یہ سلسلہ پوری قوت کے ساتھ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ صباء 16

متحدہ کے زیراہتمام دنیا بھر میں منایا جاتا ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے ملک میں جمہوریت کی بحالی اور جمہوری اداروں کے استحکام کے لیے قربانیاں دینے والے قائدین اور سیاسی کارکنوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی تاریخ جمہوری جدوجہد، آئین کی بالادستی اور عوامی نمائندگی کے لیے دی جانے والی قربانیوں سے بھری پڑی ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ پارلیمان جمہوری نظام کا بنیادی ستون اور عوامی امنگوں کا نمائندہ ادارہ ہے، جہاں عوام کے منتخب نمائندے عوام کی فلاح وبہبود کے لیے قانون سازی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے، تاہم اختلافات کو برداشت، مکالمے اور مشاورت کے ذریعے حل کرنا جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے ضروری ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ ملک میں موثر جمہوری نظام کے لیے صرف انتخابی عمل کافی نہیں بلکہ عوام کی مسلسل اور بامعنی شرکت اور فیصلہ سازی میں معاشرے کے تمام طبقات کی رائے کا احترام ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین، نوجوانوں، اقلیتوں اور معاشرے کے دیگر طبقات کی سیاسی اور پارلیمانی عمل میں موثر شمولیت جمہوریت کو مضبوط بناتی ہے۔

بقیہ صباء 17

تعاون مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے دفاع اور سلامتی کے شعبوں میں پاکستان اور انڈونیشیا کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی نے پاک فوج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا اور علاقائی امن واستحکام کیلئے پاکستان کی مسلح افواج کی خدمات کا اعتراف کیا۔ علاوہ ازیں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے لبنان کے وزیر داخلہ وبلدیات احمد الحجار نے بھی جی ایچ کیو میں ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی بدلتی ہوئی سکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں سکیورٹی کے شعبے میں دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے امکانات پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ صباء 18

مطابق پابودین کے مقام پر ڈرون حملے میں ٹرین کے انجن کو نقصان پہنچا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا تمام مسافروں کو بحفاظت ٹرین سے اتار لیا گیا۔ یوکرین کی سرکاری ریلوے کمپنی کے مطابق حملے کا ہدف ممکنہ طور پر سفارتی ٹرین بھی ہوسکتی تھی کیونکہ بورس جانسن برطانوی سکیورٹی مشیر جوناتھن پاول اور دیگر یورپی حکام کیف میں کانفرنس کے بعد اسی ریلوے لائن سے واپس روانہ ہوئے تھے۔ ریلوے حکام کے مطابق حملے سے صرف 15 منٹ قبل متاثرہ ٹرین کے مسافروں کو انخلا کا حکم دیا گیا تھا جبکہ روس نے حملے میں مغربی یوکرین کے ریلوے انفرا اسٹرکچر کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ یوکرینی اور پولش حکام کے مطابق روسی ڈرون نے پولینڈ کی سرحد سے صرف 2 کلومیٹر دور حملہ کیا۔ ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ سابق سی آئی اے سربراہ ڈیوڈ پیٹریاس بھی حملے کے وقت پابودین اسٹیشن پر ایک دوسری ٹرین میں موجود تھے۔ سابق برطانوی وزیراعظم بورس جانسن نے روسی حملے کو بے مقصد اور بے معنی قرار دیتے ہوئے یوکرین کے لیے مزید فضائی دفاعی نظام فراہم کرنے کا مطالبہ کیا۔ یوکرینی وزیر خارجہ آندری سیبہا نے حملے کو وحشیانہ کارروائی قرار دیتے ہوئے کہا کہ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کا دہشت گردی کا پیغام براہ راست یورپی یونین اور نیٹو کے دروازے تک پہنچ رہا ہے۔

بقیہ صباء 19

رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ 2 جولائی کے بعد مجموعی طور پر 2 لاکھ 94 ہزار 818 نئے ووٹرز کا اندراج کیا گیا، جس کے بعد ملک میں ووٹرز کی مجموعی تعداد 13 کروڑ 61 لاکھ 96 ہزار 217 ہوگئی ہے۔ الیکشن کمیشن کے مطابق پنجاب ملک کا سب سے زیادہ ووٹرز رکھنے والا صوبہ ہے، جہاں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 7 کروڑ 57 لاکھ 71 ہزار 621 ہوگئی ہے۔ 2 جولائی کے بعد پنجاب میں 94 ہزار 582 نئے ووٹرز کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ خیبرپختونخوا میں ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 43 لاکھ 92 ہزار 258 ہوگئی جبکہ 2 جولائی کے بعد صوبے میں 85 ہزار 309 نئے ووٹرز کا اندراج ہوا۔ سندھ میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 2 کروڑ 87 لاکھ 14 ہزار 292 تک پہنچ گئی ہے اور صوبے میں اس عرصے کے دوران 56 ہزار 345 نئے ووٹرز کا اضافہ ہوا۔ اعداد وشمار کے مطابق بلوچستان میں ووٹرز کی مجموعی تعداد 58 لاکھ 15 ہزار 415 ہوگئی ہے، جہاں 2 جولائی کے بعد 37 ہزار 372 نئے ووٹرز کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 12 لاکھ 64 ہزار 497 ہوگئی، جبکہ اس عرصے کے دوران اسلام آباد میں 12 ہزار 210 نئے ووٹرز کا اندراج کیا گیا۔ الیکشن کمیشن کے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق آبادی کے لحاظ سے بڑے شہروں اور اضلاع میں بھی رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد میں نمایاں فرق سامنے آیا ہے، جبکہ لاہور سب سے زیادہ رجسٹرڈ ووٹرز رکھنے والا ضلع ہے، جہاں 47 لاکھ 12 ہزار 726 ووٹرز رجسٹرڈ ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق فیصل آباد میں 55 لاکھ 38 ہزار 461، راولپنڈی میں 43 لاکھ 59 ہزار ایک، ملتان میں 32 لاکھ 77 ہزار 884 جبکہ گوجرانوالہ میں 29 لاکھ 26 ہزار 772 ووٹرز رجسٹرڈ ہیں۔

بقیہ صباء 20

حالات کی ذمہ داری بھی اہل اقتدار پر ہوگی۔ لاہور میں دھرنا کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے وزیراعظم کے پٹرول پر نام نہاد ریلیف پیکیج کو ایک دفعہ پھر ناکافی قرار دیتے ہوئے پٹرولیم لیوی کے مکمل خاتمے کا مطالبہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس وقت ملک کے چالیس مقامات پر دھرنے جاری ہیں، احتجاج میں مزید وسعت آئے گی اور بیس ستمبر کو ملک بھر سے قافلے اسلام آباد پہنچیں گے۔ قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ، امیر لاہور ضیاالدین انصاری اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ سود میں تین فیصد کمی کرکے قومی خزانہ کو سترہ سو ارب روپے کا فائدہ ہوگا، صرف اس اقدام سے پٹرولیم لیوی جو غریب عوام سے پندرہ سو سترہ ارب روپے سالانہ سے بھی زائد وصول کی جارہی ہے کا براہ راست خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔ تاہم ایسا دکھائی دیتا ہے کہ حکومت بنک مافیا کے منافع میں نقصان نہیں کرنا چاہتی اور بہانہ مہنگائی میں اضافہ کا کیا جاتا ہے، حالانکہ سود کم کرنے سے مہنگائی میں قطعی اضافہ نہیں ہوگا۔ جماعت اسلامی کی کمیٹی نے حکومت کو جو تجاویز دی ہیں ان پر عملدرآمد کرکے وفاق سینکڑوں ارب بچا سکتا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت سود کے مسئلہ پر سٹیٹ بنک کے خودمختار ہونے کا جواز بھی فراہم کرتی ہے، جماعت اسلامی نے سٹیٹ بنک کی خودمختاری کی مخالفت کی تھی، تاہم اب بھی سٹیٹ بنک میں تقرریوں کا اختیار حکومت کے پاس ہی ہے، حکومت بنک کو سود کی شرح میں کمی کا کہہ سکتی ہے، جماعت اسلامی سود کے مکمل خاتمہ کا مطالبہ کرتی ہے۔

بقیہ صباء 21

تھا کہ خلیجی ممالک ایران سے ملاقات کریں تو انہیں اعتراض نہیں، یہ خلیجی ممالک کا اپنا فیصلہ ہے۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران جنگ رواں سال ختم ہوجائے گی، ممکن ہے ایران جنگ نومبر کے وسط مدتی انتخابات کے فوراً بعد ختم ہوجائے۔

بقیہ صباء 22

ڈیجیٹل اکانومی فورم میں شرکت کے لیے ارومچی پہنچ گئے۔ احسن اقبال کی ایس سی او ڈیجیٹل اکانومی تعاون کے وزارتی سطح کے اجلاس میں شرکت اور خطاب کیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ ڈیجیٹل معیشت پیداوار، تجارت، طرز حکمرانی اور انسانی ترقی کی رفتار تیز کرنے کا اہم ذریعہ ہے، ای پاکستان، اڑان پاکستان کے پانچ بنیادی ستونوں میں شامل ہے، ڈیجیٹل تبدیلی پاکستان کے ترقیاتی ایجنڈے کا مرکز ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ڈیجیٹل نیشن پاکستان ایکٹ، پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی اور قومی مصنوعی ذہانت پالیسی ڈیجیٹل تبدیلی کی بنیاد ہیں، پاکستان اور چین کے درمیان مصنوعی ذہانت، کلاؤڈ کمپیوٹنگ، سائبر سکیورٹی، تحقیق اور ہنرمندی کے شعبوں میں تعاون کے وسیع مواقع ہیں، ایس سی او ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اینڈ کمپیوٹ کوریڈور کے قیام کی تجویز، سرحد پار ڈیٹا، سائبر رابطہ، ڈیٹا سینٹرز اور سیٹلائٹ رابطوں کو فروغ دینے پر زور دیا اور کہا کہ ڈیجیٹل تعاون میں اعتماد، رازداری، سائبر سکیورٹی، شفافیت اور قومی خودمختاری کے اصولوں کو مقدم رکھا جائے، پاکستان ایس سی او کی ڈیجیٹل شراکت داری کو عملی نتائج میں بدلنے کے لیے پرعزم ہے، رابطہ کاری، جدت اور مشترکہ خوشحالی کو فروغ دیں گے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کے ثمرات حکومتوں اور بڑی کمپنیوں تک محدود نہیں ہونے چاہئیں، نوجوانوں، خواتین، جامعات اور چھوٹے کاروباروں کو بھی مواقع ملنے چاہئیں۔ ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل معیشت پیداوار، تجارت، طرز حکمرانی اور انسانی ترقی کا اہم محرک بن چکی ہے

بقیہ صباء 23

تھا۔ ملاقات کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک اور قومی ترانے سے کیا گیا، جس کے بعد ینگ لیڈرز پارلیمنٹ کے وفد کے اراکین نے اپنا مختصر تعارف پیش کیا۔ اس موقع پر ایک خصوصی دستاویزی ویڈیو بھی دکھائی گئی جس میں ینگ لیڈرز پارلیمنٹ کے بنیادی اغراض ومقاصد اور نوجوانوں کی سماجی، معاشی اور قیادت کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے حوالے سے اس کے کردار پر روشنی ڈالی گئی۔ ملاقات کے دوران ینگ لیڈرز پارلیمنٹ کے ایک سینئر رکن نے وفد کی جانب سے پرتپاک استقبالیہ کلمات پیش کیے۔ اس کے بعد چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین نے تقریب کے شرکاء سے خطاب کیا اور پارلیمانی امور، جمہوری اقدار اور ملکی تعمیر وترقی میں نوجوانوں کے کلیدی کردار پر تفصیلی اظہار خیال کیا۔ چیئرمین پی اے سی اصغر علی ترین نے وفد کو پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے آئینی کردار، فرائض، اختیارات، تحقیقاتی طریق کار اور مالیاتی شفافیت کے لیے کیے جانے والے مختلف اقدامات کے حوالے سے جامع بریفنگ دی۔ انہوں نے وضاحت کی کہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی قومی اور عوامی وسائل کے شفاف اور موثر استعمال کی نگرانی میں انتہائی کلیدی کردار ادا کرتی ہے، جبکہ سرکاری محکموں کی سالانہ آڈٹ رپورٹس کا گہرائی سے جائزہ لینا، متعلقہ محکموں سے جواب طلبی کرنا اور مالی بے ضابطگیوں کی بروقت نشاندہی کرنا اس کے بنیادی فرائض میں شامل ہے۔ اصغر علی ترین نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ملکی پارلیمانی نظام اور جمہوری اداروں کے کام کرنے کے انداز کو گہرائی سے سمجھیں اور معاشرے میں مثبت وتعمیری کردار ادا کریں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ باصلاحیت، تعلیم یافتہ اور باشعور نوجوان ہی اس ملک کے روشن اور بہتر مستقبل کی اصل ضمانت ہیں۔ ملاقات کے انتہائی پروقار اختتام پر ینگ لیڈرز پارلیمنٹ کی جانب سے چیئرمین پی اے سی اصغر علی ترین کو ان کی غیر معمولی عوامی کاوشوں، شفافیت کے فروغ اور مثبت سیاسی وسماجی کردار کے اعتراف کے طور پر "Positive Side of Pakistan Award" پیش کیا گیا۔

بقیہ صباء 24

قومی شاہراہ N-25 پر وندر کے علاقے کھر کھیڑہ کسٹم چیک پوسٹ کے قریب الکھو مسافر کوچ اور ایل پی جی گیس باؤزر کے مابین ہولناک تصادم کے باعث دونوں گاڑیوں کے ڈرائیورز موقع پر ہی جان کی بازی ہار گئے۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت دولت خان اور محمد طارق کے ناموں سے ہوئی ہے۔ حادثے کے نتیجے میں مسافر کوچ میں سوار مرد وخواتین اور بچوں سمیت 25 افراد زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی وندر پولیس، موٹروے پولیس اور ریسکیو MERC 1122 سینٹر وندر کی ایمرجنسی میڈیکل ٹیمیں فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کردیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے جاں بحق افراد اور زخمیوں کو ریسکیو سینٹر وندر منتقل کیا جہاں زخمیوں کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔

بقیہ صباء 25

کو تبدیل کرنے کے عزم کا اظہار ہے۔ اسکے علاوہ میں بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے FSc کے امتحانات میں اسلامیہ کالج کی پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کیلئے ایک ایک لاکھ روپے نقد انعام کا بھی اعلان کرتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلامیہ گرلز کالج میں کی انجمن اسلامیہ بلوچستان کے زیراہتمام منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو، سردار نگین خان باصر، پرنسپل اسلامیہ گرلز کالج پروفیسر شائستہ کاکڑ، محمد نعیم احمد خان کے علاوہ اساتذہ اور طلباء کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ انجمن اسلامیہ کے زیرنگرانی یہ ایک موثر تعلیمی ادارہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک شاندار طویل تاریخ رکھتا ہے۔ اسلامیہ بوائز اینڈ گرلز اسکولز اینڈ کالجز سے ہزاروں لوگ فارغ التحصیل ہوئے ہیں جو زندگی کی مختلف شعبوں میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے اسلامیہ ہائی اسکول کو چھوٹا علی گڑھ قرار دیا۔ معیاری تعلیم کے فروغ کے حوالے سے اسلامیہ تعلیمی ادارے کا اپنا ایک منفرد کردار ہے۔ وقت آپہنچا ہے کہ ہم اسلامیہ کالج کو اسلامیہ یونیورسٹی کا درجہ دے سکیں۔ ہم اسلامیہ یونیورسٹی کے قیام کا نہ صرف منظوری دینگے بلکہ مذکورہ یونیورسٹی کو مستحکم بنانے میں بھرپور کردار بھی ادا کریں گے اور امریکہ سے ڈونرز اور مخیر حضرات بھی لاؤں گا اسطرح درس وتدریس کا یہ سلسلہ آگے بھی چلتا رہیگا۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ محکمہ صحت اور تعلیم کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ توقع ہے کہ اسلامیہ یونیورسٹی ملک کی ٹاپ یونیورسٹیز کی فہرست میں شامل ہوگی۔ ایک تعلیم یافتہ لڑکی صرف اپنی تقدیر نہیں بدلتی بلکہ وہ ایک خاندان کی سوچ اور روح بدلتی ہے، ایک نسل کی تربیت کرتی ہے اور بالآخر پورے معاشرے کی درست سمت متعین کرتی ہے لہٰذا اب ہمیں آپ کو یہ اعتماد دینا ہوگا کہ آپ اپنے ہر خواب کو حقیقت میں بدل سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا ایک نئے دور میں داخل ہوچکی ہے۔

بقیہ صباء 26

انہوں نے کہا کہ 2022 کے احتجاج میں سرکاری مشینری استعمال کی گئی، ڈی چوک میں آگ لگا کر سب کچھ تباہ کیا گیا اور ایک پولیس اہلکار کو شہید کیا گیا۔ 2024 میں بھی یہی صورتحال تھی۔ ان کے مطابق اسلام آباد پر پوری قوت سے حملہ کیا گیا، ماہر افراد نے پولیس پر غلیل گن کی مدد سے بنٹے چلائے، اہلکاروں کو گاڑی تلے کچلا گیا اور ایف نائن پارک کے سامنے گاڑیوں کو آگ لگائی گئی۔ ایڈووکیٹ جنرل نے موقف اختیار کیا کہ اسلام آباد میں کسی جلسے یا ریلی کے لیے مجسٹریٹ سے اجازت لینا ضروری ہے اور سکیورٹی انتظامات کے لیے کنٹینرز لگانا حکومت کا اختیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سزا یافتہ قیدی کی رہائی اور حکومت گرانے کا مطالبہ کر رہی ہے جو دونوں غیر قانونی ہیں۔ یہ کون سی عدلیہ کو مضبوط کرنا چاہتے ہیں۔ حکومت اپنے شہریوں پر گولیاں نہیں چلا سکتی، اس لیے صرف کنٹینرز لگانے جیسے حفاظتی انتظامات ہی کیے جاسکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پرامن احتجاج کا حق ضرور ہے لیکن اس کی کچھ شرائط ہیں اور آج تک مجسٹریٹ سے اجازت کے لیے درخواست نہیں دی گئی۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ کیا حکومتی نمائندوں کو بھی اشتعال انگیز تقاریر کا حق ہے۔ اس پر ایڈووکیٹ جنرل نے کہا کہ اشتعال انگیز تقریر کا کسی کو حق نہیں اور نہ آئین اس کی اجازت دیتا ہے۔

بقیہ صباء 27

سہولیات، مریضوں کے لیے دستیاب انتظامات اور دیگر ضروری امور کا بھی جائزہ لیا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے ہدایت دی کہ پمز کی نئی 200 بستروں پر مشتمل ایمرجنسی کو آئندہ 24 گھنٹوں کے اندر آپریشنل کرنے کے لیے تمام ضروری انتظامات مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی ایمرجنسی کے فعال ہونے سے پمز میں مریضوں کو بہتر اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی۔

بقیہ صباء 28

افغانستان دہشتگردوں کا بیس کیمپ ہے جہاں اسرائیل تکنیکی معاونت اور ہندوستان پیسہ دے رہا ہے، دہشتگردوں کے سہولت کار کہیں بھی چھپ نہیں سکتے، اربوں روپے ہڑپ کرنے والا کلٹ تھوڑی سی مشکل پر رونا دھونا کر رہا ہے، ہم نے بھی کسی جرم کے بغیر ڈیتھ سیل میں وقت گزارا لیکن اف تک نہیں کی۔ وہ پیر کو پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی میں تزئین وآرائش شدہ آڈیٹوریم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ وائس چانسلر پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے خطبہ استقبالیہ میں یونیورسٹی کے آڈیٹوریم کی تزئین وآرائش، سپورٹس سہولیات، جیم اور دیگر شعبوں کی اپ گریڈیشن پر وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کا شکریہ ادا کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد حنیف عباسی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بہت جلد وزیراعلیٰ پنجاب کی دی ہوئی مزید 50 بسیں راولپنڈی شہر کے اندر چلتی نظر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ راولپنڈی کے کڈنی ہسپتال میں 2 کامیاب لیور ٹرانسپلانٹ ہوچکے ہیں، پہلے لوگ چین اور ہندوستان میں ٹرانسپلانٹ کے لئے جاتے تھے اب نہیں جائیں گے۔

بقیہ صباء 29

جاری ہے اور آخری دہشتگرد کے خاتمے تک یہ کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔ دوسری جانب پشین کے علاقے سرانان میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے ایک مصدقہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن (آئی بی او) کیا، جہاں فائرنگ کے شدید تبادلے کے دوران 6 مبینہ دہشتگرد ہلاک کر دیے گئے۔ سی ٹی ڈی کے ترجمان کے مطابق اس کارروائی میں فائرنگ کے تبادلے کے دوران محکمہ کے 4 اہلکار بھی زخمی ہوئے ہیں۔ ہلاک ہونے والے دہشتگردوں کا تعلق کالعدم تنظیم سے بتایا جاتا ہے جن کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور بارود بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔ سی ٹی ڈی ترجمان نے مزید بتایا کہ یہ ہلاک شدہ دہشتگرد سکیورٹی فورسز اور معصوم شہریوں پر ہونے والے مختلف حملوں میں انتہائی مطلوب اور ملوث تھے۔

بقیہ صباء 30

کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیرداخلہ نے کمانڈر سمیت 3 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی اور پوری قوم اس جنگ میں اپنی بہادر فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ صباء 31

درخواستوں پر سماعت وفاقی آئینی عدالت میں ہوئی۔ عدالت نے اٹارنی جنرل کو معاونت کے لیے نوٹس جاری کردیا، قیدیوں کی اپیلوں پر دیگر فریقین کو بھی نوٹس جاری کیا گیا ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے ریمارکس دیے کہ یہ قانون کی تشریح کا معاملہ ہے، جسٹس عامر فاروق نے استفسار کیا کہ پرائیویٹ اسپتال ہی کیوں؟ پولی کلینک اور پمز ہسپتال میں کیوں علاج نہیں ہوسکتا۔ جسٹس علی باقر نجفی نے کہا جیل مینول کا کیا فائدہ، وہ کیسے ایسا کرسکتے ہیں، جیل مینول بالکل واضح ہے، غیر مساوی رویہ نہیں ہونا چاہیے، اگر جیل مینول پر عمل نہیں کرنا تو جیل مینول کا کیا فائدہ ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے طبی سہولیات کیس کی سماعت (آج) منگل تک ملتوی کردی۔

بقیہ صباء 32

بجائے مفاہمت کی طرف بڑھے۔ اپنے بیان میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم جمہوریت اور ملک بچانے کیلئے نکلے ہیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا پرامن اور آئین وقانون کے مطابق اسٹریٹ موومنٹ کریں گے، پنجاب حکومت خاص طور پر رانا ثناء اللہ وزیراعلیٰ کے پی کے راستے میں رکاوٹیں نہ ڈالے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت پی ٹی آئی کارکنان کو ہراساں اور پکڑ دھکڑ سے گریز کرے، سیاسی کشیدگی کم کرنے کیلئے مفاہمت اور بہتر اقدامات کی ضرورت ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات اور فیملی سے ملاقات کی اجازت دی جائے۔ بیرسٹر گوہر نے مزید کہا کہ گولی نہیں چلنی چاہیے، گولی کا وقت ختم ہونا چاہیے، اسلام آباد انصاف مانگنے آرہے ہیں، پی ٹی آئی کارکنان اسلام آباد پرامن طریقے سے آئیں گے، اختلاف رائے کی قدر کرنا جمہوریت کا حصہ ہے، حکومت سخت اقدامات کے بجائے مفاہمت کی طرف بڑھے۔

بقیہ صباء 33

مشق کرنے پر بھی اتفاق کیا ہے۔ مشترکہ مشق کا مقصد دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کے لیے انٹرنیٹ کے استعمال کی نشاندہی اور روک تھام ہوگا۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے بتایا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچے کی کونسل کا 46 واں اجلاس پاکستان کی زیر صدارت اسلام آباد میں منعقد ہوا، اجلاس میں بیلاروس، بھارت، ایران، قازقستان، چین، کرغزستان، پاکستان، روس، تاجکستان اور ازبکستان کے متعلقہ اداروں کے وفود نے شرکت کی، شنگھائی تعاون تنظیم کے علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچے کی ایگزیکٹو کمیٹی کے نمائندگان بھی اجلاس میں شریک ہوئے، اجلاس میں علاقائی سلامتی یقینی بنانے سے متعلق بین الاقوامی ایجنڈے کے موجودہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا کونسل نے ایران کے خلاف نئے فوجی حملوں کی مذمت کی اور اس معاملے پر شنگھائی تعاون تنظیم کے پہلے سے ظاہر کردہ موقف کی توثیق کی، کونسل نے ایران کے سپریم لیڈر سید علی خامنہ ای کی المناک وفات پر ایرانی حکومت اور عوام سے اظہار تعزیت کیا، ایران میں جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے بھی اظہار تعزیت کیا گیا، کونسل نے ایران کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے موقف کی توثیق کی۔ کونسل نے کشیدگی میں کمی، امن کے قیام اور خطے میں استحکام یقینی بنانے کی کوششوں کی حمایت کی۔ کونسل نے دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی کے خلاف رکن ممالک کے متعلقہ اداروں کے باہمی تعاون سے متعلق پہلے منظور شدہ فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچے کی ایگزیکٹو کمیٹی اور ماہر گروپس کے اہم انسداد دہشت گردی امور سے متعلق آئندہ کے عملی منصوبوں کی منظوری دی گئی۔

بقیہ صباء 34

علاقہ میمن ٹاؤن میں گھریلو تنازع پر ہتھوڑے کے وار سے اپنی بیوی کو قتل کیا اور اپنے چھوٹے بچوں کو اکیلا چھوڑ کر فرار ہوگیا تھا۔ عدالت نے قرار دیا کہ ایسے تمام جرائم جو گھر کی چار دیواری میں ہوتے ہیں، ان میں ٹھوس ثبوت نہ ہونے کے باوجود حالات وواقعات کے تسلسل اور قانون شہادت کی روشنی میں ملزم کی عدم توجیہہ ہی اس کے جرم کا ناقابل تردید ثبوت بن جاتی ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے اپنی زوجہ عقیلہ بی بی کے اندھے قتل میں ملوث مجرم حبیب اللہ کی عمر قید کی سزا کے خلاف دائر کردہ جیل درخواست برائے اجازت اپیل کو مکمل طور پر مسترد کردیا ہے یہ فیصلہ جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ کی جانب سے تحریر کیا گیا، جس میں انہوں نے گھریلو تشدد اور چاردیواری کے اندر ہونے والے قتل کے مقدمات کے حوالے سے اہم قانونی رہنما اصول طے کیے ہیں۔ 14 ستمبر 2011 کو کراچی کے تھانہ میمن ٹاؤن کی حدود میں مسلسل گھریلو چپقلش اور موبائل فون کے تنازع پر ملزم حبیب اللہ نے اپنی بیوی عقیلہ بی بی کو ہتھوڑے کے وار سے انتہائی دردناک طریقے سے قتل کردیا تھا۔

بقیہ صباء 35

لانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کریں گے یہ بات انہوں نے میڈیا کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک پرامن اور خوشحال صوبہ ہے یہاں پر چند لوگوں کی یہ خواہش ہوسکتی ہے کہ صوبہ ترقی کی بجائے اندھیر کی طرف چلی جائے لیکن ان کی یہ صرف خواب ہوسکتا ہے بلوچستان سے منتخب نمائندے اور سیاسی جماعتیں تمام اس نتیجے پر ہے کہ بلوچستان ترقی کرے اور ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکے یہی وجہ ہے کہ بلوچستان اس وقت دیگر صوبوں کے برابر لانے کی لائن میں کھڑا ہوگیا ہے اور جلد دیگر صوبوں کے برابر ہوگی عوام اپنے آپ کو مایوس اور اکیلے نہیں سمجھے حکومت اس کی بھرپور رہنمائی کرے گی اور ان کے مسائل حل کرنے کے لیے ہمارے منتخب نمائندوں کے دروازے عوام کے لیے کھلے ہیں۔

بقیہ صباء 36

سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت کو MER 1122 کے حکام کی جانب سے ایمرجنسی سروسز کے طریقہ کار، مختلف اضلاع میں ڈسپیچ نظام، حادثات اور دیگر ہنگامی صورتحال میں فوری کارروائی اور مریضوں کو بروقت طبی امداد کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی ڈیمونسٹریشن بھی دی گئی۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے MER 1122 کی جانب سے فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ بروقت طبی امداد کسی بھی ہنگامی صورتحال میں انسانی جان بچانے کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے، اس لیے ایمرجنسی رسپانس نظام کو مزید موثر، فعال اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں بھی شہریوں کو فوری طبی امداد کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ایمرجنسی سروسز کے دائرہ کار کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ حکومت صحت کے شعبے میں عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ MER 1122 کی خدمات حادثات، قدرتی آفات اور دیگر ہنگامی حالات میں عوام کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہیں۔

بقیہ صباء 37

ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بہادر سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا کر اپنی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا شاندار ثبوت دیا ہے۔ بابو یوسفزئی کا کہنا تھا کہ یہ مستونگ آپریشن امن دشمن عناصر کے خلاف ریاست کے مضبوط اور آہنی عزم کی واضح عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں تنبیہ کی کہ دہشت گردوں کو کسی بھی صورت بلوچستان کے پرامن ماحول کو تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف یہ کارروائی سکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر حکمت عملی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان کے غیور عوام اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی اداروں کی تمام کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی۔ معاون برائے داخلہ نے مزید کہا کہ جو عناصر بلوچستان میں بدامنی پھیلانے کے مذموم خواب دیکھ رہے ہیں، انہیں ہر محاذ پر عبرتناک ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بقیہ صباء 38

جاری ہے۔ اپنے ایک اہم بیان میں صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے انکشاف کیا کہ طویل عرصے سے "خونی شاہراہ" کہلانے والے چمن سے کراچی تک کے روڈ کو ڈبل کرنے کے عظیم منصوبے پر دن رات تیزی سے کام جاری ہے، جو آنے والے دنوں میں صوبے میں جدید سفری سہولیات اور معاشی وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے دور حکومت میں صوبے بھر کے اندر جدید ترین الٹرا ساؤنڈ سینٹرز کا قیام، عوام کے لیے پیپلز ٹرین سروس اور خواتین کے لیے گرین وپنک بس سروسز پر عملی پیش رفت صاف نظر آرہی ہے۔ انہوں نے کڑے الفاظ میں تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے نام پر سیاست کرنے والوں نے دہائیوں تک اس صوبے کو لاشوں، نفرت اور شدید محرومی کے سوا اور کیا دیا ہے؟ حاجی علی مدد جتک نے اس بات پر فخر کا اظہار کیا کہ میر سرفراز بگٹی اور سابق نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے بلوچستان کے پسماندہ علاقوں کے نوجوانوں کے ہاتھ میں بندوق یا پتھر کے بجائے قلم تھمایا ہے۔ صوبے کے باصلاحیت نوجوانوں کو آج آکسفورڈ، ہارورڈ، ایچی سن سمیت دنیا کے صف اول کے عالمی تعلیمی اداروں تک رسائی حاصل کرنے کے سنہری مواقع فراہم کیے گئے ہیں۔ صوبائی وزیر نے زور دے کر کہا کہ آج حقیقت یہ ہے کہ بلوچستان میں تعلیم، صحت، سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے، پبلک ٹرانسپورٹ اور نوجوانوں کے روزگار کے منصوبوں پر عملی طور پر کام ہو رہا ہے۔ صوبے کا عام شہری اب کھوکھلے نعروں اور منفی سیاست کے فریب میں نہیں آتا بلکہ وہ زمین پر ہونے والے عملی اقدامات دیکھ رہا ہے، اس لیے بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کا یہ سفر کسی بھی منفی پروپیگنڈے یا سازش سے ہرگز نہیں رک سکتا۔

بقیہ صباء 39

20 نومبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ عازمین حج مقررہ تاریخ تک اپنی پسند کے حج پیکیج کا انتخاب کرکے بکنگ مکمل کر سکتے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ پرائیویٹ حج سکیم کے تحت 25 منظم کمپنیوں نے عازمین کے لیے 2 ہزار سے زائد مختلف حج پیکیجز متعارف کرائے ہیں، جن میں مختلف دورانیوں اور سہولیات کے حامل پیکیجز شامل ہیں۔ حج پورٹل کے ذریعے اب تک 25 منظم کمپنیوں کو 6 ارب 88 کروڑ روپے کی رقم موصول ہوچکی ہے۔ ترجمان مذہبی امور نے عازمین حج کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرائیویٹ حج کی بکنگ اور واجبات کی ادائیگی صرف پاک حج ایپ اور سرکاری حج پورٹل کے ذریعے ہی کی جائے۔ عوام کسی فرد، ایجنٹ یا کمپنی کو پورٹل کے علاوہ کسی دوسرے ذریعے سے حج واجبات جمع نہ کرائیں۔ ترجمان نے کہا کہ عازمین حج کسی بھی فراڈ یا جعل سازی سے محفوظ رہنے کے لیے حج پیکیج اور ادائیگی کے تمام مراحل سرکاری نظام کے ذریعے مکمل کریں اور غیر مجاز افراد یا ذرائع کو رقم فراہم کرنے سے گریز کریں۔

بقیہ صباء 40

اور مشینری کے استعمال کے باعث ختم ہوچکا ہے جبکہ ذرائع کے مطابق 47 مختلف کیڈرز سے تعلق رکھنے والی تقریباً پانچ ہزار پوسٹوں کو ختم کردیا گیا ہے، جبکہ مزید 1500 پوسٹوں کو ختم کرنے پر بھی کام جاری ہے۔ یوں محکمہ مواصلات وتعمیرات میں غیر ضروری اور وقت کے ساتھ اپنی افادیت کھونے والی آسامیوں کی تعداد میں مزید کمی متوقع ہے۔ ختم کی جانے والی آسامیوں کا تعلق ان مختلف کیڈرز سے ہے جن میں جدید ٹیکنالوجی اور جدید مشینری کے استعمال کے باعث انسانی کردار اور روایتی طریقہ کار کی ضرورت تقریباً یا مکمل طور پر ختم ہوچکی تھی ماضی میں جن کاموں کے لیے بڑی تعداد میں افرادی قوت اور مخصوص روایتی نوعیت کی پوسٹوں کی ضرورت ہوتی تھی جدید دور میں جدید مشینری اور ٹیکنالوجی کے استعمال کے باعث ان کاموں کی نوعیت تبدیل ہوگئی ہے۔

بقیہ صباء 41

ٹیکنالوجی کے ذریعے خدمات کی بہتری، انصاف تک رسائی اور شفافیت میں اضافہ، قانونی وضابطہ جاتی فریم ورک کو مضبوط بنانا، قومی وبین الاقوامی وسائل سے استفادہ اور نظام انصاف سے منسلک اداروں کی فعالیت شامل تھی۔ چیف جسٹس نے بتایا کہ اصلاحاتی ایجنڈے کے تحت 8 شعبوں میں 86 اقدامات کی نشاندہی کی گئی، جن میں سے 65 مکمل ہوچکے ہیں، 8 اقدامات پر پیش رفت جاری ہے جبکہ 13 اقدامات پر مزید توجہ درکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کاغذ پر انحصار کرنے والے نظام سے بتدریج ڈیجیٹل نظام کی جانب بڑھ رہی ہے، تمام زیرالتوا اور نئے دائر ہونے والے مقدمات، جیل درخواستوں کے علاوہ، ڈیجیٹل کیے جارہے ہیں، مقدمات کی درجہ بندی اور بارکوڈنگ کی جارہی ہے جبکہ تمام احکامات اور فیصلے سائلین اور وکلا کو الیکٹرانک طریقے سے بھجوائے جارہے ہیں۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ اندرونی انتظامی خط وکتابت بھی ای آفس نظام پر منتقل ہوچکی ہے۔

بقیہ صباء 42

غیر حاضر ہوتے ہیں بعض تو ایسے وزراء ہے کہ تین سال میں تین دفعہ بھی اپنے دفتر میں حاضر نہیں ہوئے ہیں اور نہ ہی عوام سے ملنے کی زحمت کرتے ہیں صوبائی وزراء کی غیر حاضری سول سیکرٹریٹ ویران اور ایسا لگتا ہے کہ سول سیکرٹریٹ کو صرف گاڑیوں کی پارکنگ تک تو زندہ ہے لیکن وزراء کی عدم توجہی کے باعث صوبائی سیکرٹری بھی اپنے چکروں میں مشغول ہوتے ہیں عوامی حلقوں نے حکومت وقت سے مطالبہ کیا کہ صوبائی وزراء کو اپنے دفاتر اور سیکرٹریٹ میں حاضر کیا جائے تاکہ عوام باآسانی اگر کام نہیں نکال سکتے تو کم ازکم وزراء کے چہروں کا دیدار تو کر سکے۔

بقیہ صباء 43

پالیسی پر نظرثانی کرتے ہوئے اسے واپس لے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ بلوچستان میں مقامی اخبارات اور ان سے وابستہ میڈیا کارکن صوبے کے دور دراز علاقوں میں عوامی مسائل اجاگر کرنے اور حکومت وانتظامیہ تک عوام کی آواز پہنچانے میں بنیادی کردار ادا کررہے ہیں، اس لئے انہیں نظرانداز کرنے کے بجائے ان کے معاشی وپیشہ ورانہ حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ بلوچستان میڈیا فورم کے رہنماؤں نے واضح کیا کہ صوبے کے کسی بھی علاقے میں میڈیا سے وابستہ کسی شخص کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی اور صحافیوں کے بنیادی، قانونی اور پیشہ ورانہ حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس میں مختلف علاقوں میں انتظامیہ اور بعض سرکاری افسران کی جانب سے نامہ نگاروں کے ساتھ نامناسب رویے کی سخت مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ صحافیوں کے ساتھ عزت واحترام کا رویہ اختیار کیا جائے اور ان کے فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی رکاوٹ پیدا نہ کی جائے۔ اجلاس میں مختلف علاقوں کے پریس کلبز پر مخصوص گروہوں کی اجارہ داری کی بھی مذمت کی گئی اور کہا گیا کہ پریس کلبز تمام صحافیوں کے مشترکہ ادارے ہیں، ان پر کسی فرد یا مخصوص گروہ کی اجارہ داری قابل قبول نہیں۔ اجلاس میں مختلف علاقوں کے نامہ نگاروں کے خلاف قائم مقدمات کا جائزہ لیتے ہوئے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا گیا کہ صحافتی فرائض کی ادائیگی کے دوران قائم کیے گئے مقدمات فوری طور پر ختم کیے جائیں اور صحافیوں کو آزادانہ طور پر اپنے فرائض انجام دینے کا ماحول فراہم کیا جائے۔ مقررین نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم کسی فرد، گروہ یا تنظیم کے خلاف نہیں بلکہ صوبے بھر کے صحافیوں اور میڈیا کارکنوں کے اجتماعی حقوق کے تحفظ کے لئے قائم کیا گیا ہے۔ فورم صوبے کے تمام علاقوں کے صحافیوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرکے ان کے مسائل کے حل، لوکل پرنٹ میڈیا کے تحفظ اور صحافت کے شعبے سے وابستہ افراد کے معاشی استحکام کے لئے عملی جدوجہد جاری رکھے گا۔ مرکزی صدر قیوم بلوچ نے کہا کہ صوبے کے کسی بھی کونے میں میڈیا سے وابستہ فرد کے ساتھ زیادتی ہوئی تو فورم اس کی آواز بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ لوکل پرنٹ میڈیا بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں آج بھی عوام اور حکومت کے درمیان رابطے کا اہم ذریعہ ہے، اسے کمزور کرنے والی کسی بھی پالیسی کو قبول نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ صباء 44

ہوں گے اور صوبے میں معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ مشکل حالات میں ملک کے ساتھ کھڑے ہو کر حب الوطنی کا ثبوت دیا ہے، اب وقت ہے کہ بلوچستان کے عوام کو ان کا جائز حق، بہتر بنیادی سہولیات اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔ وفاق اور صوبائی حکومت کے درمیان بہتر رابطے اور مربوط حکمت عملی کے ذریعے صوبے کے مسائل کو موثر انداز میں حل کیا جاسکتا ہے۔ رکن بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ عوام کے مسائل کے حل کے لیے منتخب نمائندے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں گے اور ترقیاتی منصوبوں میں معیار، شفافیت اور رفتار کو یقینی بنایا جائے گا۔ عوامی فلاح وبہبود کے منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی قابل قبول نہیں ہوگی۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے مزید کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی قیادت ملک کو معاشی استحکام، ترقی اور خوشحالی کی جانب لے جانے کے لیے پرعزم ہے۔ حکومت کی مثبت پالیسیوں کے ثمرات بتدریج عوام تک پہنچ رہے ہیں اور آنے والے دنوں میں ترقیاتی عمل کو مزید وسعت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا روشن مستقبل امن، سیاسی استحکام، تعلیم، روزگار اور مسلسل ترقی سے وابستہ ہے، اور مسلم لیگ (ن) اس مقصد کے حصول کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔

ٹینڈر نوٹس حقوق وصولی (ویلفیئر سیس)ایکسائز ڈیوٹی معدنیات

صوبہ بلوچستان کانوں / کواریز سے نکالی جانے والی مختلف معدنیات اور بذریعہ سڑک نکاسی پر مقررہ شیڈول کے مطابق جو کہ تمام معدنیات پر نئے نرخ کے مطابق فی ٹن کے حساب سے لاگو ہے ایکسائز ڈیوٹی کے حقوق وصولی (ویلفیئر سیس) کا نیلام عام برائے ایک سال حسب ذیل پروگرام کے مطابق ہوگا۔

نمبر شمار	معدنیات کی تفصیل	مقررہ مائننگ ایریاز	کال ڈیپازٹ جمع کرنے کی تاریخ	مقام نیلام عام	تاریخ نیلام عام	کال ڈیپازٹ کی مالیت
1	میجر/مائنر منرلز	مسلم باغ اور قلعہ سیف اللہ کے علاقے	28 ستمبر 2026 بروز پیر دفتری اوقات کار	مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر بلوچستان سمنگلی روڈ کوئٹہ	29 ستمبر 2026 بروز منگل بوقت 12.30 بجے	مبلغ -/5,000,000 پچاس لاکھ روپے
2	میجر/مائنر منرلز	چاغی، دالبندین، نوکنڈی اور نوشکی کے علاقے	28 ستمبر 2026 بروز پیر دفتری اوقات کار	مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر بلوچستان سمنگلی روڈ کوئٹہ	29 ستمبر 2026 بروز منگل بوقت 01.00 بجے	مبلغ -/5,000,000 پچاس لاکھ روپے
3	مائنر منرلز	پشین، یارو، قلعہ عبداللہ اور چمن کے علاقے	28 ستمبر 2026 بروز پیر دفتری اوقات کار	مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر بلوچستان سمنگلی روڈ کوئٹہ	29 ستمبر 2026 بروز منگل بوقت 01.30 بجے	مبلغ -/2,000,000 بیس لاکھ روپے
4	میجر/مائنر منرلز	گوادر، تربت اور پنجگور کے علاقے	29 ستمبر 2026 بروز منگل دفتری اوقات کار	مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر بلوچستان سمنگلی روڈ کوئٹہ	30 ستمبر 2026 بروز بدھ بوقت 01.00 بجے	مبلغ 1,000,000 دس لاکھ روپے
5	مائنر منرلز	سبی، لہڑی اور صحبت پور کے علاقے	29 ستمبر 2026 بروز منگل دفتری اوقات کار	مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر بلوچستان سمنگلی روڈ کوئٹہ	30 ستمبر 2026 بروز بدھ بوقت 01.30 بجے	مبلغ -/100,000 ایک لاکھ روپے

شرائط و ضوابط (1) شرائط وضوابط مائنز لیبر ویلفیئر آرگنائزیشن بلوچستان واقع سمنگلی روڈ کوئٹہ سے حاصل کی جاسکتی ہیں حکومت بلوچستان بلااظہار وجوہ کسی ایک یا تمام پیشکشوں کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ (2) بولی میں حصہ لینے والے ہر فرد کو مندرجہ بالا علاقوں کیلئے الگ الگ کال ڈیپازٹ بنام مائنز لیبر ویلفیئر کمشنر بلوچستان ہمراہ لانا ہوگا بغیر کال ڈیپازٹ کے کوئی بھی شخص بولی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔ (3) مجاز بینکوں کے ہر کال ڈیپازٹ کے ہمراہ بینک منیجر کا تصدیقی سرٹیفکیٹ بابت کال ڈیپازٹ پیش کرنا لازمی ہے نیز سرٹیفکیٹ کے بغیر کوئی بھی کال ڈیپازٹ قابل قبول نہیں ہوگا۔ (4) سب سے زیادہ بولی دینے والے کو کل بولی کا 25% ایڈوانس اور 25% رقم بطور سیکورٹی بولی منظور ہونے کے بعد ایک ہفتہ کے اندر اندر جمع کرانا ہوگا۔ (5) سب سے زیادہ بولی دینے والے کو کل بولی کا 0.25% کی شرح سے اسٹامپ ڈیوٹی کی ادائیگی کے بعد اسٹامپ پیپر پر اقرار نامہ تحریر کرنے کے بعد باقاعدہ کسی بھی اوتھ کمشنر سے تصدیق کرنا ہوگا۔ عدم تعمیل کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کرکے کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرلی جائیگی۔ (6) اگر پہلے نمبر پر بولی دہندہ مندرجہ بالا شرائط کی تکمیل 10 دن کے اندر اندر پورا نہیں کرے گا۔ تو آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ مذکورہ بولی دہندہ کی زرضمانت / کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرکے ٹھیکہ حاصل کرنے کے لئے دوسرے نمبر پر بولی دہندہ کو مندرجہ بالا شرائط کی بنیاد پر ٹھیکے کے لئے مدعو (آفر) کرے اگر دوسرے نمبر پر بولی دہندہ مندرجہ بالا شرائط کی تکمیل نہیں کرے گا تو آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اس کی جمع شدہ زرضمانت / کال ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرکے ٹھیکہ کی دوبارہ نیلامی کرے گا (7) ٹھیکیدار کو گورنمنٹ کے مقرر کردہ شرح کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا اور اس بابت محکمہ انکم ٹیکس اور بلوچستان ریگولیٹری اتھارٹی سے سرٹیفکیٹ پیش کرے کہ وہ انکم ٹیکس اور سیلز/بی آر اے ٹیکس باقاعدگی سے ہر ماہ جمع کر رہا ہے اور نادہندہ نہیں ہے۔ سرٹیفکیٹ کے نقول کال ڈیپازٹ کے ہمراہ پیش کرنا لازمی ہے ورنہ بولی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔ (8) محکمہ ہذا کے جس ٹھیکیدار کے ذمہ سرکاری واجبات واجب الادا ہے وہ ٹھیکیدار بولی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔ (9) دو مسلسل اقساط جمع نہ ہونے کی صورت میں آفیسر مجاز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ٹھیکیدار کی تمام جمع شدہ رقم بمعہ سیکورٹی ڈیپازٹ بحق سرکار ضبط کرکے ٹھیکہ منسوخ کردے۔ (10) کال ڈیپازٹ کے ساتھ اصل شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی پیش کرنا ہوگا۔ (11) اس ٹینڈر میں صرف وہ ٹھیکیداران حصہ لے سکتے ہیں جو مائنز لیبر ویلفیئر آرگنائزیشن میں رجسٹرڈ ہے۔ (12) ٹھیکیدار کو ایکسائز ڈیوٹی کے طے شدہ نرخ کو ایک بورڈ پر تحریر کرکے ہر چیک پوسٹ کے قریب نمایاں جگہ پر نصب کرنا ہوگا۔ (13) پے آرڈر پیش کرنے کی صورت میں ٹھیکیدار کا نام واضح درج ہونا لازمی ہے۔ (14) ٹھیکیدار کے نمائندے کو بولی دینے کی اجازت نہیں ہوگی۔ (15) ٹینڈر فیس مبلغ -/1000 روپے (ایک ہزار روپے) ناقابل واپسی ہے۔ (16) حکومت بلوچستان کی طرف سے ایکسائز ڈیوٹی کی شرح بڑھنے گھٹنے کی صورت میں فی ٹن کے حساب سے اضافہ / کمی کردی جائے گی۔ (17) وہ ٹھیکیداران جنہوں نے سال 2026-27 کے لئے تجدیدی فیس جمع نہیں کرائی ہیں وہ بولی میں حصہ نہیں لے سکتے (18) ٹھیکہ حاصل کرنے کے بعد ٹھیکیدار ہر قسم کے نفع ونقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔

مائنز لیبر ویلفیئر
کمشنر بلوچستان

PRQ No1367/14-09-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan